کپڑا نجس نہین ہوتا نہ وضو ٹوٹتا ہی اگر خون یا حدث وغیرہ جاری ہی ہر وقت وضو تازہ کرکے نماز درست ہی اور اگر ایسا خون جاری ہی کہ ایک وقت کی نماز پڑھنے کی مہلت نہین ملتی اوسی کپڑے خون آلودہ مین نماز پڑھے بعد اوسکے بدل ڈالے یا دھو ڈالے اسی طرح لوگ بسبب بیماری کے وضو اور غسل اور ناطاقتی عذر کرکے نماز چھوڑ دیتے ہین حالانکہ حالت بیماری مین غسل اور وضو کے بدلے تیمم درست ہی اگر جنگل مین واقع ہوا اور تھوڑا پانی برسا قابل وضو کے نہین ہی اور کیچڑ ہی اور زمین بسبب تر ہونیکے قابل تیمم کے نہین اس صورت مین مٹی کپڑے مین لگا کر ہوا مین خشک کرکے تیمم کرے اور اگر مٹی خشک نہین ہو سکتی تر مٹی پر بھی بسبب لاچاری کے تیمم درست ہی اگر قیدخانے مین مٹی طاہر اور پانی نہین پاتا تو نماز یون کی شکل بناوے یعنی اگر زمین طاہر خشک پاوے رکوع اور سجدہ کرلے ورنہین تو کھڑے ہوکر رکوع اور سجدہ کا اشارہ کرے بعد اوسکے پھر نماز قضا کرے اگر دونو ہاتھ کٹے ہین اور کوئی وضو اور تیمم کرانیوالا نہین ہی تو موتھہ اور دونو پہونچے دیوار پر بنیت تیمم سے مل کر نماز پڑھے اور اگر دونون ہاتھ کہنی سے اور پانوُن کٹے ہوئے ہین اور تمام موتھہ مین زخم ہی بلا وضو اور تیمم نماز درست ہی اگر بسبب بیماری کے طاقت کھڑے ہونیکی نہین بیٹھ کر نماز پڑھے اور اگر یہ بھی قوت نہین لیٹے ہوئے اشارے سے نماز پڑھے اگر جنگل مین ہی اور زمین بسبب کثرت پانی یا نجاست کے قابل سجدے کے نہین کھڑا ہوکر اشارے سے نماز ادا کرے یہ سب مسائل معتبر کتابون مین لکھے ہین غرض یہ ہی کہ جس بات کی شارع کی طرف سے رخصت ہی اوسمین اپنی طرف سے قصور کرکے نماز چھوڑنا گمراہی اور بدبختی ہی اور قضا کرنا نماز کا سوای بیہوشی اور حیض اور نفاس کے کسی حال مین جائز نہین

فصل ۴ بیچ فضائل وضو کے حدیث مین وارد ہوا ہی کہ آنحضرت نے اپنے اصحاب سے فرمایا آیا مین تمکو ایسا عمل بتلاؤن کہ جس سے تمہارے گناہ محو ہو جاوین اور درجہ بلند ہووے صحابہ نے عرض کیا ہان یا رسول اللہ آپنے فرمایا پورا کرنا وضو جاڑے مین اور کثرت قدم کی طرف مساجد کے اور منتظر رہنا نماز کا بعد نماز کے اور اس مین تمکو ثواب جہاد کا ہی اور حدیث مین وارد ہوا ہی کہ جب وضو کرتا ہی بندہ مومن اور مضمضہ کرتا ہی نکل جاتے ہین یعنی عفو ہو جاتے ہین گناہ اوسکے موتھہ سے یعنی جیسے بہت ہنسا ہی یا بیفائدہ بات بولی ہی اور جب ناک مین پانی ڈالتا ہی نکل جاتے ہین گناہ اوسکی ناک سے یعنی جیسے وہ چیز کہ لائق سونگھنے کے نہین سونگھتا ہی اور جب دھوتا ہی اپنے چہرے کو

نکل جاتے ہین گناہ اوسکے چہرے سے یہان تک کہ کنارے آنکھون سے یعنی جیسے کسی نامحرم کیطرف نگاہ کیا ہی اور جب دہوتا ہی اپنے ہاتھون کو نکل جاتے ہین گناہ اوسکے ہاتھون سے یہان تک کہ ناخن کے نیچے سے یعنی جیسے کسی چیز کو کہ پکڑنا اوسکا روا نہین ہی پکڑ لیا اور جب مسح کرتا ہی نکل جاتے ہین گناہ اوسکے سر سے یہان تک کہ کان سے یعنی جیسے بیہودہ بات سنی ہو اور جب دہوتا ہی پانون کو نکل جاتے ہین گناہ اوسکے پانو کے یہان تک کہ ناخن پانو سے یعنی جیسے گناہ کیواسطے چلا ہو اور جانا اوسکا طرف مسجد کے اور نماز اوسکی فاضل ہوتی ہی اوپر معافی گناہ کے یعنی باعث زیادتی مرتبہ کا ہوتی ہی اور فرمایا حضرت نے جو کوئی اچھی طرح وضو کرتا ہی نکل جاتے ہین سب گناہ اوسکے بدن سے یہان تک کہ ناخون کے نیچے سے یعنی سب گناہ صغیرہ اوسکے عفو ہو جاتے ہین اور حدیث مین وارد ہوا ہی حضرت نے فرمایا مین پہلے ہونگا اوس شخص کا کہ جسکو حکم سجدے کا ہوگا پس دیکھونگا مین آپنے سامنے پس پہچانونگا اپنی امت کو اور امتون سے اسی طرح پیچھے سے اور داہنے اور بائین سے پہچانونگا ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ آپ اپنی امت کو اور امتون مین سے کہ حضرت نوحؑ کے زمانے سے لیکر آپکی امت تک ہین کیونکر پہچانئے گا آپنے فرمایا میری امت کی پیشانی اور ہاتھ اور پانون نشان وضو سے روشن ہونگے اور کوئی امت اس طرح نہوگی اور اونکے نامہ اعمال داہنے ہاتھ مین دیے جائینگے اور اونکی اولاد اونکے سامنے چلے گی پس جب ثابت ہوا کہ وضو کے ایسے فضائل ہین تو اوسمین قصور نکرنا چاہیے اور اچھی طرح سے وضو کرنا چاہیے اور ہمیشہ باوضو رہنا چاہیے

فصل ٥

بیچ بیان بعض مسائل وضو اور غسل اور تیمم کے جاننا چاہیے کہ وضو اور غسل مکہ معظمہ مین نماز کے ساتھ فرض ہوا ہی چنانچہ بیان اوسکا آویگا اور حضرت نے کبھی نماز بے وضو نہین پڑھی اور اگلی امتون مین بھی وضو فرض تھا اور حکم تیمم کا بعد ہجرت کے آیا اور یہ خصائص اس امت سے ہی چنانچہ حدیث مین وارد ہوا ہی کہ ہم بزرگی دیے گئے اور آدمیون کے ساتھ تین امر کے گردانی گئین صفین ہماری مثل صف فرشتون کے یعنی جماعت کا حکم ہوا اور اوسمین فضیلت ملی اور ہمارے واسطے تمام روی زمین مسجد گردانی گئی یعنی اگلی امت مین سوای عبادت خانون کے اور جگہ نماز جائز نتھی اور گردانی گئی مٹی واسطے ہمارے پاک کرنیوالی جب نپاوین پانی کو یعنی ہمکو حکم تیمم کا ہوا اور سبب آنے حکم تیمم کا یہ ہی کہ غزوہ مریسیع مین حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا کا گلوبند گم ہوگیا حضرت نے

آدمیون کو واسطے تلاش کے متقرر فرمایا اور توقف کیا پس وقت نماز کا پونہچا اور وہان پانی نتھا کہ وضو کرین پس آیا
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت عایشہ رضی پر غصہ کیا کہ تمنے روک رکھا حضرت کو اور مسلمانون کو
بغیر پانی کے اسی درمیان مین آیت تیمم کی نازل ہوئی ایک صحابی نے کہا کہ رحمت کرے آپ پر حق تعالی ای
عایشہ آپ سے ایسا کام ہوا کہ ظاہر مین لوگ اوسکو برا جانتے تھے مگر حق تعالی نے اوسمین بڑی کشادگی
آسانی سب مسلمانون کے واسطے کردی اور ایک ساعت کے بعد وہ گلوبند ایک اونٹ کے نیچے مل گیا مسئلہ
وضو مین چار فرض ہین تمام مونہہ دھونا ہاتھ کہنیون سمیت دھونا مسح چوتھائی سر کا کرنا دونون پانون
ٹخنون سمیت دھونا جیسا کہ حق تعالی فرماتا ہی یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا
وُجُوْهَكُمْ وَاَیْدِیَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَیْنِ یعنی ای ایمان والو
جب اٹھو نماز کو تو دھولو اپنے مونہہ اور ہاتھ کہنیون تک اور مل لو اپنے سر کو اور دھو پانون ٹخنون تک **سوال**
جو کوئی کہے اس آیت سے معلوم ہوتا ہی کہ پانون کا بھی مسح کرنا چاہیے **جواب** اسکا یہ ہی کہ ارجلکم کے لام مین
دو قرارت ہین نصب اور جر پہلے قرارت کے موافق ایدیکم پر عطف ہوگا اور دھونا پانون کا مثل ہاتھ اور مونہہ کے ثابت
ہوا دوسری قرارت کے مطابق رؤسکم پر عطف ہی اور مسح پانون کا مفہوم ہوتا ہی اور دو قرارت بمنزلہ دو آیت کے
ہی اور دونون پر عمل چاہیے اسواسطے موافق پہلی قرارت کے دھونا فرض ہی اور دوسری قرارت کے مطابق
جب پانون مین موزہ ہو مسح کرنا چاہیے اور حدیث شرح وتفسیر اسکی ہی **سوال** آیت سے مسح چوتھائی
سر کا نہین ظاہر ہوتا **جواب** قاعدہ عربی کا ہی کہ جب حرف با محل پر جیسے یہان رؤسکم ہی داخل ہوتا ہی
تو بعض محل مراد ہوتا ہی اور سر کی چار طرف ہین اوسمین سے ایک طرف مراد ہی اور حدیث مین بیان واقع
ہی کہ پیشانی کی طرف مراد ہی اور زیادہ تحقیق اسکی بڑی کتابون مین ہی **سوال** دھونا داڑھی کا آیت سے
نہین ثابت ہوتا **جواب** جب داڑھی نے اوس چہرے کو کہ جس کا دھونا فرض تھا چھپا لیا خود
قایم مقام اوس چہرے کی ہوئی اسواسطے اوسکا دھونا جو متصل بشرہ ہی فرض ہی **سوال** وضو مین انہین
اعضاے مذکورہ کے دھونے کی کیا وجہ تخصیص کی ہی **جواب** اسواسطے کہ یہی اعضا کھلے رہتے ہین باقی بدن
کپڑے مین چھپا رہتا ہی اور انکے دھونے مین آسانی ہی بندون پر **مسئلہ** سنت وضو مین چودہ ہین شروع کرنا

نیت اور بسم اللہ کے ساتھ اور پہلے ہاتھ بند دست تک دھونا اور مسواک کرنا اسکے فضائل علیحدہ
بیان کیے جاوینگے اور مضمضہ کرنا اور ناک مین پانی ڈالنا اور خلال کرنا داڑھی اور انگلیون ہاتھ اور
پانوں کا اور تین بار دھونا ہر عضو کا اور مسح کرنا سب سر کا اور کان کا اور ترتیب اعضاے وضو مین اور پے در پے
دھونا ہر عضو کا **سوال** واجبات وضو مین کیون نہین **جواب** بالاجماع غسل اور وضو مین کوئی واجب
نہین اسواسطے کہ واجب مثل فرض کے ہی عمل مین اور یہ بات سواے عبادات مقصودہ بالذات مثل نماز اور
روزہ کے دوسرے مین لائق نہین **سوال** ہاتھ دھونا بند دست تک اور مضمضہ اور ناک مین پانی ڈالنا سنت ہے
مونھ دھونے پر کہ فرض ہی کیون مقدم کرتے ہین **جواب** واسطے دریافت اوصاف طہارت پانی کے کہ رنگ
اور مزہ اور بو ہی یعنی پہلے ہاتھ مین پانی لیگا کہ رنگ کیسا ہی پھر مضمضہ کریگا کہ مزہ کیسا ہی پھر ناک مین پانی لیگا
کہ بو کیسی ہی اگر سب وصف بہتر ہونگے تب فرض ادا کریگا اور اگر کسی مین قصور ہوگا تو اس پانی سے وضو نکریگا مسئلہ
فرض غسل کے تین ہین مضمضہ کرنا اور ناک مین پانی ڈالنا اور تمام بدن دھونا حق تعالی فرماتا ہی وان کنتم جنبا
فاطہروا یعنی اور اگر تمکو جنابت ہو تو خوب طرح پاک ہو **سوال** مضمضہ اور ناک مین پانی ڈالنا وضو مین سنت ہی
غسل مین کیون فرض ہی **جواب** مونھ مین دو اعتبار ہین باعتبار مونھ بند کرنے اور روزہ دار کے تھوک نگلنے سے روزہ
نجانے کے مونھ اعضاے باطنی کا حکم رکھتا ہی اور باعتبار مونھ کھولنے اور جواز روزہ دار کے مضمضہ کرنیکے اعضا ظاہری کا حکم
رکھتا ہی پس وضو مین کہ فقط دھونیکا حکم ہی مونھ کا پہلا اعتبار یعنی اعضاے باطنی کا ہی اسواسطے مضمضہ فرض نہوا اور غسل مین کہ دربار
طہارت کے مبالغہ فرمایا ہی دوسرا اعتبار یعنی ظاہری کا ہی اسواسطے مثل تمام بدن کے اسکا دھونا بھی فرض ہوا اور
یہی حال ناک مین پانی ڈالنے کا ہی **سوال** اسمین کیا حکمت ہی کہ بول و براز کے نکلنے سے کہ بہت نجس ہی غسل
فرض نہوا اور منی کے نکلنے سے فرض ہوا **جواب** اسکا تین طور پر ہی اول سبب حرج کے کہ اگر بول و براز کے
سبب غسل فرض ہوتا تو بندون کو بہت تکلیف ہوتی لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا یعنی اللہ تکلیف نہین دیتا
کسی شخص کو مگر جسقدر کہ اوسکی گنجایش ہی دوسرے نکلنے منی سے شہوت کے ساتھ تمام بدن کو لذت حاصل ہوتی ہی تو گویا
خروج منی کا تمام بدن سے علاقہ رکھتا ہی بخلاف بول و براز کے کہ فقط ایک ایک مقام خاص سے علاقہ رکھتا ہی تیسرے بموجب
قاعدہ طب کے جو فضلہ خون کا کہ ہر عضو کی غذا سے بچ رہتا ہی خصیتین مین جا کر منی ہوجاتا ہی یہی سبب ہی کہ بچہ ہر حیوان کا

اور صورت نوعیہ باپ کے ہوتا ہی پس منی کو ہر عضو سے تعلق ہی اسواسطے غسل فرض ہوا بخلاف بول و براز کے کہ فضلہ
فقط جگر اور معدے کا ہی ایسے ہی خون حیض بھی فضلہ عام بدن کا ہی **مسئلہ** تیمم مین تین فرض ہین نیت کرنا اور مسح کرنا
تمام مونہہ کا اور دونون ہاتھ کا حق تعالی فرماتا ہی فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ
یعنی پس قصد کرو خاک پاک کا اور مل لو اپنے مونہہ اور ہاتھ کو **سوال** نیت وضو مین سنت ہی تیمم مین کیون فرض ہی
جواب وضو طہارت حقیقی ہی وہ بلا نیت بھی درست ہی اور تیمم طہارت حکمی اور نائب ضروری طہارت حقیقی کا ہی
پس بدون نیت کے جائز نہین **مسئلہ** تیمم سوای اوس چیز کے کہ جنس زمین سے ہی مثل خاک اور پتھر وغیرہ کے اور دوسری
چیز پر جائز نہین **سوال** تیمم سوای جنس زمین کے دوسری پر کیون روا نہین **جواب** حکم تیمم کا جنس زمین
پر واسطے تواضع اور خاکساری کے ہی اور اشارہ ہی اس طرف کہ اصل انسان کی زمین ہی تو چاہیے انسان
کو کہ جیسا خدا نے اوسکے واسطے زمین کو کہ اصل اوسکی ہی پاک کیا وہ بھی اپنے بدن کو کہ زمینی اور خاکی ہی گناہون سے
پاک رکھے **سوال** تیمم خلیفہ وضو کا ہی پس جیسے مونہہ اور ہاتھ کو تیمم مین مسح کرتے ہین سر اور پاؤن کا کیون
نہین کرتے **جواب** مسح خلیفہ دھونیکا ہی اسواسطے مونہہ اور ہاتھ کو کہ وضو مین اونکے دھونیکا حکم ہی مسح کرتے ہین
اور سر کو اور پاؤن کو حالت موزہ مین وضو مین بھی مسح کا حکم ہی اور مسح خلیفہ مسح کا نہین ہوتا ہی اسواسطے تیمم
مین فقط مونہہ اور ہاتھ کا مسح کافی ہی **فائدہ** وضو فرض ہی واسطے نماز کے اور واجب ہی واسطے طواف کعبہ کے
اور بعضون کے نزدیک واسطے مس مصحف کے اور سنت ہی واسطے سونیکے اور مستحب ہی واسطے سوای ان تین امر کے
تفصیل اوسکی بڑی کتابون مین ہی منجملہ اوسکے بعد جھوٹ بولنے اور غیبت اور قہقہہ اور شعر مذموم پڑھنے اور کھانے
گوشت اونٹ اور بعد ہر گناہ کے اور واسطے حصول اتفاق علما اور احتیاط کے جس صورت مین اختلاف علما کا ہو
جیسے مس عورت کا ہی کہ شافعی رح کے نزدیک ناقض وضو ہی اور امام اعظم رح کے نزدیک نہین اگر حنفی بعد مس عورت کے وضو کرے
تو مستحب ہی **فائدہ** غسل فرض ہی واسطے جنب اور حائض اور نفسا کے اور واجب ہی واسطے جنب کافر کے کہ مسلمان ہوا اور
اوس شخص کے کہ ساتھ انزال کے بالغ ہوا اور سنت ہی واسطے جمعے اور عیدین اور احرام اور عرفے کے اور مستحب ہی واسطے
مجنون کے کہ افاقہ ہوا اور شب برات مین اور وقت حجامت کے اور شب قدر مین اور واسطے طواف زیارت کے اور واسطے نماز کسوف
اور خسوف اور نماز استسقا اور واسطے پوشش لباس نئے کے اور بعد غسل میت کے اور واسطے تائب گناہ کے اور واسطے آنیوالے سفر کے

اور واسطے مستحاضہ کے جب خون موقوف ہو

فصل ۶ فضائل مسواک مین

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
اگر مجکو خوف مشقت امت کا نہوتا تو حکم کرتا مین یعنی فرض کرتا نماز عشا کو تہائی رات گئے اور مسواک کا واسطے وضو
کے اور حضرت عایشہؓ فرماتی ہین جب حضرتؐ گھر تشریف لاتے تو مسواک کرتے اور حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے
جب حضرتؐ تہجد کو اوٹھتے تو مسواک کرتے تھے اور فرمایا حضرتؐ نے دس سنت از فطرت اسلام سے ہین کترنا مونچھ
کا اور چھوڑنا داڑھی کا اور مسواک کرنا اور ناک مین پانی ڈالنا اور ناخون کٹنا اور دھونا پوروں انگلیون کا اور نوچنا
بال بغل کے اور مونڈنا بال زیر ناف کے اور استنجا کرنا اور مضمضہ کرنا اور بعضی روایت مین بمقام داڑھی چھوڑنے کے ختنہ
کرانا آیا ہی اور فرمایا حضرتؐ نے مسواک پاک کرتی ہی مونہہ کو اور رضامندی کا باعث ہے پروردگار کے اور فرمایا حضرتؐ نے کبھی جبریل
علیہ السلام نہین تشریف لائے کہ مجکو مسواک کا حکم نہین کیا ہی کہ مجکو خوف تھا کہ کثرت مسواک سے میرے دانت گھس جاینگے
اور فرمایا حضرتؐ نے فضیلت رکھتی ہی نماز مسواک کے ساتھ ستر درجہ اوس نماز پر کہ بے مسواک کے ہی اور فرمایا حضرتؐ نے
لازم پکڑو مسواک کو کہ اوسمین دس خصلتین ہین پاک کرتی ہی مونہہ کو اور راضی کرتی ہی پروردگار کو اور غضب مین لاتی ہے
شیطان کو اور دوست رکھتے ہین اوسکو کراما کاتبین اور مضبوط کرتی ہی دانت کو اور کاٹتی ہی بلغم یعنی زردی دانت کو اور
خوش کرتی ہی بوی مونہہ کو اور بجھاتی ہی صفرا کو اور جلا دیتی ہی بینائی کو اور دور کرتی ہی کینہ کو اور طب نبوی مین لکھا ہی کہ
مسواک پاک کرتی ہی مونہہ کو اور خوش کرتی ہی رب العالمین کو اور روشن کرتی ہی نگاہ کو اور زیادہ کرتی ہی فصاحت کو اور
صاف کرتی ہی دانتون کو اور خوشبودار کرتی ہی مونہہ کو اور مضبوط کرتی ہی مسوڑھون کو اور صاف کرتی ہی حلق کو اور بلغم
اور قطع کرتی ہی رطوبت کو اور دیر مین لاتی ہی بڑھاپے کو اور سیدھا رکھتی ہی پشت کو اور دونا کرتی ہی اجر کو اور
آسان کرتی ہی نزع کو اور یاد دلاتی ہی کلمہ شہادت کو وقت موت کے اور روسیاہ کرتی ہی شیطان کو اور وسیع
کرتی ہی روزی کو اور دور کرتی ہی دانتون کے میل کو اور درد کو اور زیادہ کرتی ہی عقل کو اور پاک کرتی ہی دل کو
اور نورانی کرتی ہی مونہہ کو اور قوت دیتی ہی دل اور بدن کو اور شفا ہی ہر بیماری کو سوای موت کے حدیث مین
وارد ہوا ہی خلاصہ اسکا یہ ہی کہ جب وقت وفات حضرتؐ کا قریب پونہچا آپ نے خواہش مسواک کی فرمائی
حضرت عایشہؓ نے مسواک اپنے بھائی عبدالرحمن بن ابی بکرؓ سے لیکر دی حضرتؐ نے دانتون کے نیچے دبایا
سخت تھی حضرت عایشہؓ نے اوسکو اپنے دانتون سے کچل کر ملائم کردیا حضرتؐ نے مسواک کی الغرض حضرتؐ کو

مسواک ایسی محبوب تھی کہ ایسے وقت مین بھی اوسکو نچھوڑا اور آخر فعل آپ کا دنیا سے مسواک کرنا ہوا جب ایسی فضیلت مسواک کی ثابت ہوئے تو ہر مسلمان کو لازم ہی کہ کوئی وقت وضو خالی مسواک سے نکرے اور حضرت کے وقت مین یہ دستور تھا کہ بعض اصحاب اپنے کان پر مسواک قلم کی جگہہ رکھتے تھے جب وقت نماز کا آتا تو باوجود وضو کے مسواک کرکے اوسکو پھر اپنی جگہہ رکھدیتے تھے **فائدہ** اگر مسواک بہم نپہونچے یا دانت نہون تو ملنا انگلی سے قائم مقام اوسکے ہی

فصل پنجم اسرار وضو کے جاننا چاہیے کہ اسرار وضو کے دو قسم ہین ایک ظاہری دوسرے باطنی اسرار ظاہری یہ ہین کہ دستور عالم مین یہ ہی کہ جب کسی بادشاہ یا حاکم کے حضور مین جاتے ہین تو حمام کرتے ہین اور ہاتھہ اور پانو دھوتے ہین اور صاف کرتے ہین اور لباس عمدہ پہنتے ہین اور عمامہ یا دستار باندھتے ہین اور خوشبو ملتے ہین تب لیاقت حضوری بادشاہ کی حاصل کرتے ہین تو ایسے احکم الحاکمین رب العالمین ذوالجلال والاکرام کی خدمت مین حاضر ہونیکے واسطے بہت ضرور ہی کہ پہلے اگر حاجت غسل کی ہو غسل کرین اور بوجہ احسن وضو کرین اور مسواک کرین اور کپڑے جو عمدہ میسر ہون پہنین اور عمامہ سر پر رکھین خوشبو بھی اگر میسر ہو لگاوین تب بڑے عجز و انکسار کے ساتھہ جیسا دنیا مین بادشاہون کی خدمت مین آداب شاہانہ کے ساتھہ جاتے ہین بلکہ اس سے بھی زیادہ تعظیم سے اوس بادشاہ حقیقی کی خدمت مین حاضر ہون اور نماز بہت خشوع اور عاجزی کے ساتھہ جیسا بیان آتا ہی ادا کرین اسیواسطے ثیاب بذلہ مین باوجود ہونے اچھے لباس کے اور ننگے بدن اور ننگے سر نماز پڑھنا اور ردا لٹکانے اور باہین اور فعل عبث کرنا کپڑے یا بدن کے ساتھہ یا انگلی توڑنا یا چارزانو بیعذر بیٹھنا یا انگڑائی لینا نماز مین مکروہ ہی اور جتنے امور کہ موجب قصور آداب اور خشوع اور خضوع کے ہین کہ تفصیل اوسکی کتب فقہ مین ہی مکروہ ہین اور جو امور بالکل خلاف ادب کے ہین جیسے کلام کرنا اور کھانا اور پینا اور عمل کثیر کرنا اور تنحنح اور سینہ پھیرنا کعبے کی طرف سے اور مثل اسکے سب مفسد صلوۃ ہین اور نماز عمامے کے ساتھہ ستر درجہ فضیلت رکھتی ہی اوس نماز پر کہ بے عمامہ ہو پس حیف ہی اون لوگون پر کہ جنکے مذہب مین ایک لنگوٹ باندھے ہوئے نماز جائز ہی اور قصد نماز کی ہین جانتے اور اسرار باطنی یہ ہین کہ جب بادشاہ مجازی کے سامنے کہ نظر اوسکی فقط ظاہر پر ہی باطن سے کچھہ کام نہین درستی ظاہر کی کرتے ہین تو بادشاہ حقیقی کی حضور مین کہ دانا نہان اور آشکارا

اور عالم الغیب والشہادۃ ہی طہارت باطنی بھی بہت ضرور ہی وہ یہ ہی کہ وقت وضو کے یہ ارادہ کرے کہ مین اپنے
دل ورہاتھہ اور پانو اور منہ کو سب آلودگی دنیا اور پلیدی گناہ ظاہری مثل حرام کاری اور حرام خواری اور غیبت اور
اور جھوٹھہ وغیرہ اور گناہ باطنی مثل بغض اور کینہ اور حسد اور ریا وغیرہ سے پاک کرتا ہون اور تفصیل اسکی یہ ہی کہ جب ارادہ
وضو کا کرے مونہہ قبلے طرف کرکے بلند جگہہ بیٹھے اور یہ آیت پڑھے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَعُوۡذُ بِکَ
مِنۡ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیۡنِ وَاَعُوۡذُ بِکَ رَبِّ اَنۡ یَّحۡضُرُوۡنِ یعنی شروع کرتا ہون مین خدا کے نام
کے ساتھہ کہ مہربان رحم کرنیوالا ہی پناہ مانگتا ہون تجھسے وسوسے شیطانون کے اور پناہ مانگتا ہون تجھسے ای رب
اس سے کہ آوین شیطان نزدیک میرے پھر ہاتھہ سید دست تک تین بار کہ سنت ہی دھووے اور یہ ارادہ کرے کہ ان
پنجون کو ناگرفتنی سے یعنی اوس چیز کے پکڑنے سے کہ لائق پکڑنے کے نہین جیسے کسی نامحرم کا ہاتھہ شہوت سے پکڑنا
یا کسی کی چیز بے اجازت لے لینا دھوتا ہون اور پاک کرتا ہون اور یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ الۡیُمۡنَ
وَالۡبَرَکَۃَ وَاَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الشُّؤۡمِ وَالۡھَلَکَۃِ یعنی ای خدا مانگتا ہون مین تجھسے زیادتی اور برکت اور پناہ
چاہتا ہون تجھسے بدبختی اور ہلاکت سے پھر مسواک کرے اور یہ قصد کرے کہ مونہہ کو واسطے تلاوت قرآن اور ذکر اور نماز
کے صاف کرتا ہون پھر تین بار مضمضہ کرے اور اسمین یہ ارادہ کرے کہ مین اپنی زبان کو ناگفتنی یعنی اوس بات
کہنے سے کہ لائق کہنے کے نہین ہی جیسے جھوٹھہ اور غیبت اور چغلخوری اور فحش اور کلمات کفر سے اور مونہہ کو
ناخوردنی یعنی اوس چیز کے کھانے سے کہ لائق کھانے کے نہین جیسے سود اور رشوت وغیرہ سے دھوتا ہون
اور صاف کرتا ہون اور یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیۡ عَلٰی ذِکۡرِکَ وَشُکۡرِکَ وَتِلَاوَۃِ کِتَابِکَ یعنی
ای اللہ مدد کر میری اوپر ذکر اپنے کے اور شکر اپنے کے اور تلاوت کتاب اپنی کے پھر تین بار ناک مین پانی ڈالے اور یہ قصد
کرے کہ ناک کو ناشنیدنی یعنی اوس چیز کے سونگھنے سے کہ لائق سونگھنے کے نہین اور اس سے کہ کوئی دم بے یاد خدا کے
نکلے پاک کرتا ہون اور یہ دعا کرے اَللّٰھُمَّ اَرِحۡنِیۡ رَائِحَۃَ الۡجَنَّۃِ وَاَنۡتَ عَنِّیۡ رَاضٍ یعنی ای خدا سونگھا
مجھے بوی جنت کی اور اس حال مین کہ تو راضی ہو پھر تمام مونہہ تین بار دھووے اور یہ ارادہ کرے کہ مینے اس چہرے اور
آنکھہ کو نادیدنی سے یعنی اوس چیز کے دیکھنے سے کہ لائق دیکھنے کے نہین جیسے کسی نامحرم پر نظر ڈالنا یا اپنے غیر محرم کو
مونہہ دکھانا اوس سے واسطے دھوتا ہون اور یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ بَیِّضۡ وَجۡھِیۡ یَوۡمَ تَبۡیَضُّ وُجُوۡہٌ وَتَسۡوَدُّ وُجُوۡہٌ

یعنی ای خدا روشن کر منھ میرا اوس دن کہ روشن ہونگے منھ تیرے دوستون کے پھر داہنا ہاتھ کہنیون سمیت تین بار
دھووے اور یہ ارادہ کرے کہ مین اس ہاتھہ کو ناکردنی یعنی اون کام کرنے سے کہ لائق کرنیکے نہین جیسے قتل
ناحق اور چوری کرنا دھوتا ہون اور یہ دعا پڑھے اللّٰھم اعطنی کتابی بیمینی وحاسبنی حسابا یسیرا
یعنی ای اللہ دے تو نامۂ اعمال میرا داہنے ہاتھہ مین میرے اور حساب لے مجھسے آسانی کے ساتھہ پھر بائین ہاتھ کو
کہنیون سمیت دھووے اور وہی ارادہ جو داہنے ہاتھہ مین کیا ہے یہان بھی کرے اور دعا پڑھے اللّٰھم انی
اعوذ بک ان تعطینی کتابی بشمالی او من وراء ظھری یعنی ای خدا پناہ چاہتا ہون مین
تجھسے اس بات سے کہ دے تو نامۂ اعمال میرے بائین ہاتھہ مین یا پیچھے میرے سے پھر تمام سر کا مسح کرے اور
یہ قصد کرے کہ مین دماغ کو خیالات اور اوہام فاسدہ جیسے تکبر اور حسد اور بغض وغیرہ سے پاک کرتا ہون اور
یہ دعا پڑھے اللّٰھم اغشنی وانزل علیّ من برکاتک واظلنی تحت عرشک یوم لا ظل
الا ظلک یعنی ای خدا چھپا میری تئین اپنی رحمت مین اور نازل کر مجھپر برکات اپنے اور سایہ دے مجکو نیچے
عرش اپنے کے اوس دن کہ سوا تیرے سایہ کے کوئی سایہ نہو پھر کان کا مسح کرے اور یہ ارادہ کرے کہ اس
کان کو ناشنیدنی یعنی اون بات کے سننے سے کہ لائق سننے کے نہین جیسے مزامیر اور غیبت اور فحش سنا پاک
کرتا ہون اور یہ دعا پڑھے اللّٰھم اجعلنی من الذین یستمعون القول فیتبعون احسنہ یعنی
ای خدا کر مجکو اون لوگون مین سے کہ سنتے ہین بات کو اور پیروی کرتے ہین اچھی بات کی پھر گردن کا مسح کرے اور
یہ ارادہ کرے کہ یا اسیر یہ گردن تیری فرمانبرداری مین حاضر ہے اور یہ دعا پڑھے اللّٰھم فک رقبتی من
النار واعوذ بک من السلاسل والاغلال یعنی ای خدا آزاد کر میری گردن آگ سے اور پناہ مانگتا ہون
مین تجھسے زنجیرون اور طوقون سے پھر داہنا پانون دھووے اور یہ ارادہ کرے کہ اس پاؤن کو نارفتنی یعنی اوس راہ چلنے
سے کہ لائق چلنے کے نہین جیسے چلنا گناہ کیواسطے دھوتا ہون اور یہ دعا پڑھے اللّٰھم ثبت قدمی
علی الصراط یوم تزل الاقدام فی النار یعنی ای خدا مضبوط کر پانون میرا پل صراط پر اوس روز کہ
پھسلین پانون آگ مین پھر بائین پانون کو دھووے اور وہی ارادہ جو پہلے پانون مین کیا ہے کرے اور یہ دعا پڑھے اللّٰھم
اعوذ بک من ان تزل قدمی علی الصراط یوم تزل اقدام المنافقین یعنی ای خدا [illegible]

لگتا ہون مین تجھسے اس بات سے کہ پہلے پانون میرے پل صراط پر اوسدن کہ پھسلین پانون منافقون کے اور جب فارغ ہو وضو سے پڑھے أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِينَ وَاجْعَلْنِي مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ وَاجْعَلْنِي مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ یعنی گواہی دیتا ہون مین اس بات پر کہ نہین کوئی معبود سوای خدا کے کہ یکتا ہی اور کوئی اوسکا شریک نہین اور گواہی دیتا ہون اس بات کی کہ محمد بندے اوسکے اور پیغمبر اوسکے ہین ای خدا کر مجکو توبہ کرنیوالون مین سے اور کر مجکو پاکون مین سے اور کر مجکو نیک بندون مین سے **تنبیہ** چاہیے معنی ان دعاؤن کے دل سے سمجھے اور جو کوئی ان دعاؤن اور ذکر خدا کے ساتھ وضو کرتا ہی سب بدن اوسکا طاہر ہو جاتا ہی سب گناہون اور خطاؤن سے اور جو ذکر خدا نہین کرتا سوای اوس بدن کے کہ جس جگہ پانی پہونچتا ہی پاک نہین ہوتا اور بعض کتابون مین لکھا ہی کہ بعد دھونے ہر عضو کے درود پڑھے اور اگر ہر وقت باوجود وضو کے وضو تازہ کرے تو ثواب زیادہ ہوتا ہی اور نور پر نور ہی حدیث مین آیا ہی کہ جو کوئی وضو پر وضو کرتا ہی لکھی جاتی ہین واسطے اوسکے دس نیکیان اور جب وضو سے فارغ ہو تو چاہیے کہ قبلے کی طرف منہ کرکے کھڑا ہوکے وضو سے جو پانی بچا ہی اوسکو پی لیوے کہ شفا ہی بیماری سے اور چونکہ خدا کے فضل و کرم سے بسبب وضو کے نجاست حکمی اور گناہون سے پاک و صاف ہوے الہٰذا شکرانہ حق تعالی کا اس نعمت پر مناسب ہی اسواسطے دو رکعت نماز تحیۃ الوضو بہت خشوع کے ساتھ ادا کرنا چاہیے حدیث مین وارد ہی حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا ایسا عمل کرتے ہو تم کہ آواز تمھاری نعلین کی اپنے آگے جنت مین سنی مین نے اونھون نے عرض کیا کہ جب طہارت کرتا ہون تو کچھ نماز پڑھتا ہون آپنے فرمایا یہی سبب ہی پس مسلمانون کو چاہیے کہ بعد وضو کچھ نماز ضرور پڑھ لیا کرین اور کسی کام مین نہ مشغول ہون ایسی خوشخبری مین داخل ہون **فائدہ** جب مسلمان وضو کرتا ہی چار فرشتے چادر نور کی اوسپر پھیلا کر کھڑے ہوتے ہین اگر اوسنے تمام وضو مین کوئی کلام دنیا کا نکیا تو وہ چادر نور کی اوسسے اوڑھا دیتے ہین اور اگر ایک کلام کیا تو ایک فرشتہ چلا جاتا ہی اگر دو کلام کیے دوسرا بھی چلا جاتا ہی اگر تین کلام کیے تیسرا بھی چلا جاتا ہی اگر چار کلام کیے چوتھا فرشتہ چادر نور کی لیکے چلا جاتا ہی اور متوضی اوس دولت سے محروم رہتا ہی اسیواسطے لوگون کو چاہیے وقت وضو کے کلام دنیا کا نکرین اور جتنے مستحبات

اور آداب وضو کے ہین کہ اونکی تفصیل کتب فقہ مین ہی ملاحظہ رکھین اور مکروہات وضو سے بچتے رہین اور
وسوسے شیطانی سے دور رہین حدیث شریف مین وارد ہوا ہی کہ ولہان نام شیطان کا ہی کہ وضو اور طہارت مین
وسوسہ ڈالتا ہی جب وضو سے بوجہ احسن فارغ ہو تب چاہیے کہ نماز وقتی اوسی طرح سے کہ بیان اوسکا کیا جاتا
ہی ادا کرین تو وہ ثواب کہ نماز یون کے واسطے موعود ہی حاصل کرین بفضلہ وکمالہ کرمہ

فصل نہم فضائل نماز کے بیان مین

کہ نماز فرض ہی ہر مسلمان عاقل بالغ پر مرد ہو خواہ عورت آزاد ہو یا بندہ اور کوئی شریعت اس سے خالی نہین تھی
اور منکر اوسکا کافر ہی اور تارک اوسکا عمداً بعضون کے نزدیک کافر اور بعضون کے نزدیک فاسق مرتکب گناہ کبیرہ کا ہی اور
اوسکی بہت بزرگی ہی اور سب سے پہلے قیامت کے روز نماز سے پوچھا جاویگا اور قرآن شریف مین بہت تاکید نماز کی آئی ہی
جیسا کہ حق تعالیٰ متقیون کی تعریف نماز کے ساتھ کرتا ہی هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ
يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ یعنی یہ قرآن ہدایت ہی ڈرنے والون کو جو یقین کرتے ہین بن دیکھے اور درست کرتے ہین
نماز کو اور فرمایا ہی وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ یعنی قائم کرو نماز اور
دیا کرو زکوٰۃ اور جھکو ساتھ جھکنے والون کے اور فرمایا ہی اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا
الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ
یعنی جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کیے اور قائم رکھی نماز اور دی زکوٰۃ اونکو بدلا انکا ہی اپنے رب کے پاس اور نہ
ڈر ہی اونکو اور نہ وہ غم کھاوینگے اور فرمایا وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَلَذِكْرُ
اللّٰهِ اَكْبَرُ یعنی کھڑی رکھ نماز کو بیشک نماز روکتی ہی بیحیائی سے اور بری بات سے اور اللہ کی یاد ہی سب
سے بڑی اسیطرح ایکسو دو آیات قرآنی اوسکی تاکید اور فضیلت کی دلالت کرتی ہین اور احادیث مین وارد ہوا ہی
کہ فرمایا حضرت نے کہ نماز پنجوقتی اور ایک جمعے سے دوسرے جمعے تک اور ایک رمضان سے دوسرے رمضان تک
کفارہ ہین اون گناہون کے جو اسکے درمیان مین ہوئے ہین جب کہ بچے رہے بڑے گناہون سے اور ایک روز
حضرت نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ اگر تم مین سے کسیکے دروازے پر ایک نہر ہو اور وہ اوسمین ہر دن غسل
کیا کرے پانچ مرتبہ پھر اوسمین کچھہ میل کچیل باقی رہیگا صحابہ نے عرض کیا کچھہ میل کچیل اوسمین نہ رہیگا آپ نے فرمایا یہی مثال ہی
نماز پنجوقتی کی کہ حق تعالیٰ اوسکے سبب سے مٹا ڈالتا ہی گناہون کو حضرت کے زمانے مین ایک مرد نے ایک عورت

اجنبی کا بوسہ لیا پھر حضرت کی خدمت مین حاضر ہوکر سب ماجرا بیان کیا یعنی نادم ہوا اور توبہ کی اور تدبیر اوسکے عفو
کی پوچھی حضرت نے سکوت و توقف فرمایا پس اذان دی گئی اور نماز پڑھی گئی اوس سائل نے بھی حضرت کے پیچھے نماز
پڑھی بعد اسکے اللہ تعالی نے نازل کیا وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَیِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّیْلِ اِنَّ
الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ یعنی قائم کر تو نماز کو دونون طرفون مین اور کچھہ ساعتون مین
رات سے یعنی پنجوقتی نماز پڑھا کر البتہ نیکیان یعنی نمازین دور کر دیتی ہین برائیون کو یعنی چھوٹی گناہون کو پس
فرمایا حضرت نے کہان ہے سائل عرض کیا اوس نے حاضر ہون آپ نے یہ خوشخبری اوسکو سنائی عرض کیا اوس نے یا رسول اللہ
یہ خاص میرے واسطے ہے آپ نے فرمایا میری سب امت کے واسطے ہے تنبیہ اس حدیث کو سنکر نمازیون کو گناہ
پر دلیری نکرنا چاہیے اسواسطے کہ گناہ صغیرہ اصرار سے کبیرہ ہو جاتا ہے قطع نظر اسکے معلوم نہین کہ نماز مرتبہ قبولیت
مین واقع ہوئی یا نہین اور ہرگاہ کہ صفت نماز کی یہ ہے کہ بیشک نماز روکتی ہے بیحیائی سے اور بُری بات سے اور خبر
آیا ہے کہ جو کوئی کہ نماز اوسکی بیحیائی اور بری باتون سے نہ بچاوے اوسکو کچھہ فائدہ نہو نماز سے سوای دوری کے خدا سے
پس اس صورت مقبول ہونے نماز کے عذاب گناہ کا علاوہ عائد ہوگا اسواسطے گناہ سے بہت بچنا چاہیے
حضرت عبد اللہ بن مسعود نے حضرت سے پوچھا کہ کون عمل دوست زیادہ ہے اللہ کے نزدیک آپ نے فرمایا نماز اپنے
وقت پر پھر کہا اسکے بعد کون عمل ہے فرمایا نیکی کرنا مان باپ کے ساتھ کہا اسکے بعد فرمایا جہاد اللہ کی راہ مین راوی
فرماتے ہین کہ اگر مین اور پوچھتا تو آپ زیادہ بیان فرماتے اور فرمایا حضرت نے نماز پڑھو پنجوقتی اور روزے رکھو رمضان کے
اور ادا کرو زکوة اپنے مالون کی اور فرمانبرداری کرو اپنے حاکم کی داخل ہو جنت پروردگار اپنے مین
اور فرمایا حضرت نے حکم کرو اپنی اولاد کو نماز کا جبکہ ہوا سات برس کے اور مارو تم اونکو نماز کے واسطے جب ہون دس
برس کے اور جدا کرو اونکی خوابگاہون کو یعنی ایکساتھ مت سولاؤ حضرت ابی ذر سے روایت ہے کہ ایک دن ایام
جاڑے مین حضرت باہر تشریف لیچلے اور پت جھاڑ ہو رہا تھا پس حضرت نے ایک درخت کی دو ڈالیان پکڑین
پس پتیان جھڑنے لگین پس آپ نے فرمایا ای ابی ذر مین نے کہا لبیک یا رسول اللہ فرمایا جو بندہ مسلمان
خالص واسطے خدا کے نماز پڑھتا ہے تو اوس سے گناہ ایسے جھڑتے ہین جیسے پتیان اس درخت کی جھڑتی ہین
اور فرمایا کنجی بہشت کی نماز ہے اور فرمایا نماز دین کا ستون ہے اور فرمایا ہرگز نہ داخل ہوگا دوزخ مین جو کوئی

پڑھیگا نماز فجر اور عصر کی اور فرمایا گروہ بعد گروہ کے آتے ہین تم مین فرشتے رات اور دن کے اور جمع ہوتے ہین فجر کی نماز مین اور عصر کی نماز مین پس چلے جاتے ہین فرشتے دن کے عصر کے وقت اور رات کے فرشتے فجر کے وقت پس ان فرشتون سے اللہ تعالی پوچھتا ہی اور حالانکہ وہ دانا تر ہی کہ تمنے کس حال مین میرے بندون کو چھوڑا تو وہ دونون گروہ بیان کرتے ہین کہ ہم انکو نماز پڑھتے چھوڑ آئے ہین اور جب گئے تھے تب بھی نماز پڑھتے پایا تھا اور فرمایا اگر جانین آدمی کہ کیا فضیلت ہی اذان اور اقامت اور صف پہلی مین پھر جانین اسبات کو کہ یہ چیزین ہمکو بدون قرعہ ڈالے نملین گی تو قرعہ ڈالین اور اگر جانین کیا فضیلت ہی وقت گرمی یعنی ظہر مین تو دوڑین اسکی طرف اور اگر جانین کیا فضیلت ہی عشا اور صبح مین تو آوین اسکی طرف دوڑتے ہوئے اور اگرچہ گھٹنیون کے بل ہو یعنی اگر پانون سے نچل سکین تو گھٹنیون ہی سے چلتے ہوئے آئین اور فرمایا جسنے نماز عشا کو جماعت کے ساتھ پڑھا گویا آدھی رات تک قیام کیا اور جسنے صبح کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھی گویا تمام رات نماز پڑھی نقل ہی کہ نماز دین کی تھونی ہی اور اسمین دس خصلتین ہین زینت منھہ کی اور نور دل کا اور آرام بدن کا اور انس قبر مین اور جای نزول رحمت ہی اور کنجی آسمان کی اور گرانی میزان کی اور خوشنودی رب کی اور قیمت جنت کی اور حجاب دوزخ سے پس جسنے قائم کیا اسکو قائم کیا دین کو اور جسنے ترک کیا اسکو پس ترک کیا دین کو **فائدہ جلیلہ** جاننا چاہیے کہ قرآن شریف مین سب نمازکے واسطے بہت تاکید ہی خصوصًا نماز وسطی کی بڑی تاکید ہی فرمایا اللہ تعالی نے حٰفِظُوا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى یعنی محافظت کرو نمازون پر اور بیچ والی نماز پر اور تفسیر صلوۃ وسطی مین اختلاف ہی بعضی صحابہ فرماتے ہین وہ فجر کی نماز ہی اسواسطے کہ وہ دن کی دو نمازون یعنی ظہر اور عصر اور رات کی دو نمازون یعنی مغرب و عشا کے بیچ مین ہی اور بعضے کہتے ہین کہ ظہر کی نماز ہی اسواسطے کہ وہ دن کے بیچ مین ہی اور بعض روایت مین ہی کہ مغرب کی نماز ہی اسواسطے کہ بیچ مین دو نمازون سری[له] یعنی ظہر اور عصر اور دو نمازون جہر[عه] یعنی عشا اور فجر کے ہی اور بعضون نے کہا ہی کہ عشا کی نماز ہی اسواسطے کہ وہ دو وتر یعنی مغرب اور وتر کے بیچ مین ہی اور بعضے کہتے ہین کہ جمعہ ہی یا وتر یا چاشت یا عید الفطر یا عید اضحی یا رات کی نماز یا جماعت کی نماز یا خوف کی نماز ہی اور بعضون کے نزدیک نماز غیر معین ہی مثل شب قدر اور ساعت جمعے کے کہ جسمین دعا مقبول ہوتی ہی اور مثل اولیا کے اور اسم اعظم کے کہ حق تعالی نے ان چیزون کو چھپایا ہی اور سر اور حکمت اسکے چھپانے مین یہ ہی کہ لوگ ہر نماز اور

[له] یعنی جیسے قراءت آہستہ پڑھی جاتی ہین ۱۲

[عه] یعنی جیسے قراءت پکار کے پڑھی جاتی ہین ۱۲

ہر رات اور سب ساعات جمعہ اور سب مسلمانوں اور سب سما اللہ سے خبردار رہین اور سب کی محافظت کرین اور اصل
مذہب امام اعظم کا کہ جس طرف اکثر صحابہ گئے ہین یہ ہی کہ صلوۃ وسطی نماز عصر ہے اسواسطے کہ بیچ مین ہے دو نماز رات
اور دو نماز دن مین اور چونکہ یہ وقت عصر اکثر خرید فروخت و معاملہ اور بازار اور ہر کام کی تمامی کا وقت ہوتا ہے اسمین خوف
غفلت کا ہوتا ہے اسواسطے اسکی تاکید زیادہ فرمائی اور حضرت نے فرمایا غزوہ خندق مین جبکہ نماز عصر آپکی فوت ہوگئی
کہ کفار نے ہمکو نماز وسطی یعنی نماز عصر سے باز رکھا اللہ اونکے گھرون اور قبرون کو آگ سے بھر دے اور حدیث صحیح مین
آیا ہے کہ جسکی عصر کی نماز قضا ہوگئی تو ایسا ہوا کہ گویا اسکا گھر بار برباد ہوگیا اور مثل اسکے اور احادیث بھی وارد ہوئی ہین
بہرحال ضروری ہے کہ سب نمازون کی محافظت کیجائے

فصل ۹ وعید چھوڑنے والون نماز کے

حدیث صحیح مین وارد ہے کہ فرمایا
حضرت نے واسطہ درمیان بندے اور درمیان کفر کے ترک نماز ہے یعنی ترک نماز کفر تک پہنچاتا ہے اور فرمایا حضرت نے عہد
درمیان ہمارے اور درمیان آدمیون کے نماز ہے جو کوئی اوسکو ترک کرے پس نقض عہد کیا اوسنے اور فرمایا جسنے ترک کیا
نماز کو قصداً پس مقرر کافر ہوا یعنی انجام اوسکا کفر ہے اور حضرت ابی الدرداؓ نے روایت کیا کہ وصیت کی مجھے خلیل میرے
نے یعنی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ شرک نکرے تو خدا سے اگرچہ مارا اور جلایا جائے تو اور نافرمانی ماں باپ
کی نکر اگرچہ حکم کرین کہ اپنی جورو اور لڑکون اور مال کو چھوڑ دے اور نماز فرض عمداً مت چھوڑ جو کوئی نماز فرض عمداً
ترک کرتا ہے بری ہوتا ہے ذمہ اللہ کا اوس سے اور فرمایا حضرت نے یہ پانچ نمازین فرض کین حق تعالی نے جسنے اچھی
طرح وضو کیا اور اونکو وقت پر پڑھا اور پورا کیا رکوع اور خشوع وعدہ اللہ کا ہے کہ اوسکو بخشش دیگا اور جو کوئی ایسا
نکرے نہین ہے وعدہ اللہ کا چاہے بخشے چاہے عذاب کرے اور فرمایا جو کوئی نماز کی خبرداری کرتا ہے اوسکو نور
اور حجت اور نجات عذاب سے ہووے دن قیامت کے اور جو کوئی خبرداری نکرے اوسکو نہ نور ہووے نہ برہان نہ نجات اور
وہ ساتھ فرعون اور ہامان اور قارون اور ابی بن خلف کے ہوگا نقل ہے کہ جسنے ترک کی نماز یہان تک کہ گذر گیا وقت
اوسکا پھر قضا پڑھی اوسکو عذاب کیا جاویگا دوزخ مین چند حقبے اور حقبہ اسی برس کا ہوگا اور برس تین سو ساٹھ
دن کا کہ ہر دن اوسکا ہزار ہزار برس کا ہوگا پس ایک حقبہ یہان کی برسون سے دو کروڑ اٹھاسی برس کا ہوا معلوم
نہین کہ چند حقبے کے کیا ہوسے اللہم احفظنا منہا اور روایت صحیح مین ہے کہ اصحاب رسول اللہ کسی چیز کو ایسا
نجانتے تھے کہ ترک اوسکا موجب کفر کا ہو مگر نماز کو اسیواسطے امام احمد حنبل قصداً تارک نماز کو کافر جانتے ہین اور امام شافعی

حکم اوسکے قتل کا کرتے ہین اور امام ابی حنیفہ رحمہ حکم قید ہمیشہ کا کرتے ہین یہان تک کہ توبہ کرے جب تارک نماز کا یہ حال ہی پس کسی مسلمان کو روا نہین ہی کہ قصداً نماز ترک کرے **تنبیہ** بہت لوگ کاروبار دنیا اور تلاش معاش مثل زراعت اور تجارت اور پیشہ اور نوکری سرکار اور حاکمون کے پاس حضوری کا حیلہ کرکے نماز چھوڑ دیتے ہین اور عذر کرتے ہین کہ ہمکو کام دنیا سے فرصت نہین اگر نماز پڑھین تو کہان سے کھاوین العیاذ باللہ یہ بیوقوف نہین سمجھتے کہ نماز سے زیادہ بزرگ کوئی کام نہین نماز عقبی کیواسطے ہی اور تلاش روزی دنیا کیواسطے عقبی باقی ہی دنیا فانی پس کام باقی کو کام فانی پر مقدم کرنا چاہیے اور روزی دینے والا خدا ہی جو مقدر مین ہی پہنچیگا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ یعنی مقرر اللہ وہی ہی روزی دینے والا زور آور مضبوط وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهُ لَحَقٌّ مِثْلَ مَا اَنَّكُمْ تَنْطِقُونَ یعنی اور آسمان مین ہی روزی تمھاری اور جو کچھ تمسے وعدہ کیا سو قسم ہی آسمان اور زمین کی البتہ یہ بات ہر آینہ تحقیق ہی جیسے کہ تم بولتے ہو اور نماز کے سبب سے کسی کام کا حرج نہین ہو سکتا یہ سب وسوسہ شیطانی ہی کیا جو لوگ کہ مقید نماز کے ہین اونکے کام کا حرج ہوتا ہی یا اونکو روزی نہین ملتی اور حاکم حقیقی کی حضوری مقدم ہی حاکم مجازی کی حضوری پر اور جو کوئی خلوص نیت سے موافق مرضی حق کے کام کرتا ہی خدا اوسکے بھی سب امر دیوری کرتا ہی مَنْ لَهُ الْمَوْلٰى فَلَهُ الْكُلُّ یعنی جسکے واسطے مولی ہی اوسکے واسطے سب ہی اور جو کوئی خدا کو یاد کرتا ہی وہ بھی اوسکو یاد کرتا ہی فَاذْكُرُونِيْ اَذْكُرْكُمْ تو تم یاد رکھو ہمکو مین یاد رکھون تمکو

فصل فضیلت نماز کے اور عبادات دوسری کے

جاننا چاہیے کہ نماز سردار اور پیشوا ہی سب عبادات کی اور کوئی عبادت اوسکی بزرگی کو نہین پہونچتی اور بعد درستی ایمان اور عقائد کے اسی کا مرتبہ ہی اسواسطے کہ نماز شروع سے آخر تک بالکل تعظیم حق ہی اور سوائے ثنا اور ذکر اور مناجات وغیرہ اور حضوری خدا کے کوئی امر دوسرا نہین اسیواسطے قرآن مجید مین اسکی بہت تاکید ہی اور حدیث مین وارد ہوا ہی اَلصَّلٰوةُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِيْنَ یعنی نماز معراج ہی واسطے مسلمانون کے نقل ہی شب معراج مین جب حضرت صلعم کو خلعت رخصت عنایت ہوا آپ کو جدائی حضور حق سے کمال ملال ہوا حکم ہوا آپ ملال نکیجیے آپکو یہ نماز ایسی نعمت عنایت ہوئی ہی کہ جب اسمین مشغول ہوجیے گا یہی حضوری جو آج ہی حاصل ہوگی اسواسطے

حضرتؐ نے فرمایا گردانی گئی ٹھنڈک آنکھ میری کی نماز مین اور نماز ایسی عبادت ہے کہ جامع ہے سب عبادات بدنی
اور مالی کی چنانچہ صرف اموال جیسے پانی وضو کا اور کپڑا واسطے ستر عورت وغیرہ کے بجائے زکوۃ کے ہے اور باز رہنا
کھانے اور پینے بلکہ کلام سے بھی بمنزلہ روزے کے ہے اور استقبال قبلہ مثل وقوف عرفات کے ہے اور رکوع اور سجود اور قیام
اور قعود بمنزلہ طواف اور سعی درمیان صفا اور مروہ کے ہے اور دفع کرنا شیطان اور وسوسہ نفس کا بمنزلہ جہاد کے ہے اور سوا اسکے
تلاوت قرآن کی اور کلمہ شہادت اور ذکر الٰہی اور دعا سب اسمین موجود ہین اور نماز جامع عبادات کل مخلوق کی ہے چنانچہ
قیام نماز عبادت درختون اور مکانون کی ہے اور رکوع نماز عبادت چوپایون اور پرندون کی ہے اور سجود نماز عبادت
کیڑون مین کی ہے اور قعود نماز عبادت زمین اور پہاڑون کی ہے اور حرکت دوری نماز عبادت ستارون اور
آسمانون کی ہے اور طہارت اور تسبیح نماز ارواح اور فرشتون کی ہے اور اسیطرح نماز شامل عبادات ملائک ہے کہ
بعضے فرشتے حالت سجدے مین ہین بعضے رکوع مین بعضے قیام مین بعضے قعود مین ہین بعضے مشغول
تسبیح بعضے ذکر الٰہی مین مصروف بعضے تلاوت قرآن مجید مین بعضے صف باندھے جماعت کے ساتھ
نماز پڑھتے ہین بعضے علیحدہ عبادات مین مشغول ہین اور انسان کہ اشرف المخلوقات اور خلیفہ حق کی ہے
اسکی عبادت کو کہ نماز ہے جامع جمیع عبادات خلائق کا کیا ہے اسواسطے اسکو نماز مین حکم قیام اور قراءت اور
رکوع اور سجود اور قعود اور تسبیح اور ذکر اور دعا اور مناجات کا ہوا تفسیر فتح العزیز مین ذیل تفسیر سورہ کوثر مین
لکھا ہے کہ حق تعالی نے حضرتؐ کو حوض کوثر عطا کیا اور اس نعمت کے شکرانے کے واسطے نماز پڑھنے کا حکم کیا ہر چند
شکر کے مقام پر جو عبادت کرے مقبول ہے لیکن یہ نماز ایسی عبادت ہے کہ دنیا مین نمونہ کوثر کا ہے اسواسطے کہ جو اوصاف
حوض کوثر مین ہین نماز مین موجود ہین چنانچہ پانی کوثر کا شہد سے زیادہ شیرین اور دودھ سے زیادہ سفید اور برف
سے زیادہ سرد مسکے سے زیادہ نرم ہے اور گرد اگرد اسکے درخت زمرد اگے ہین اور آبخورے سونے اور چاندی
کے آسمان کے تارون کے مانند اس حوض کے کنارون پر چنے ہین اسیطرح نماز مین ہے مناجات پروردگار کی
شہد سے زیادہ شیرین اور انوار غیبی کہ اسمین چمکتے ہین دودھ سے زیادہ سفید ہین اور یقین کہ اس سے حاصل ہوتا ہے
برف سے زیادہ سرد ہے اور جو لطف اور چین نماز پڑھنے والے پر نازل ہوتا ہے مسکے سے زیادہ نرم ہے اور خشوع اور آداب
کہ اسکو گھیرے ہوئے ہین اور زندگی معنوی کی سرسبزی کے نشان ہین مانند درختون زمرد کے ہین اور ذکر اور تسبیح

کہ ہر رکن مین مقرر ہین مانند چاندی سونے کے برتنون کے ہین کہ محبت الٰہی کی شراب گھونٹ گھونٹ انسے باطن مین جاتی ہے اور شوق کی پیاس کو تسکین بخشتی ہے بہرحال نماز افضل عبادات ہے اسی واسطے ہر دن اور رات مین پانچ نماز کا حکم ہے بخلاف روزہ کے کہ سال مین ایکبار اور زکوٰۃ کے ایک مہینے کا اور حج عمر مین ایکبار فرض ہین

فصل ۱۲ بیچ بیان کیفیت فرض ہونے نماز کے

پوشیدہ نرہے کہ قبل نبوت کے عادت شریف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ تھی کہ توشہ چند روز کا ساتھہ لیکر غار حرا مین واسطے عبادت و ذکر اور تسبیح حق کے کہ آپکو نور کاشفہ بطور دین ابراہیمی کے معلوم تھا تنہا تشریف لیجاتے تھے اور وہان قریب مہینے کے رہکر پھر دولتخانے مین تشریف لاتے پھر دو ایک روز کے بعد تشریف لیجاتے جب زمانہ نبوت کا قریب پہنچا ایک روز اوس غار سے باہر تشریف لائے واسطے دھونے ہاتھ اور پانون کے کنارے پانی کے تشریف رکھتے تھے کہ ناگاہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے پکارا یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت نے دیکھا کوئی نظر نہ آیا دوسری بار اور تیسری بار بھی اسیطرح کی آواز آئی آپنے متحیر ہوکے بائین اور داہنے دیکھا کہ یکبار ایک شخص نورانی نے مثل آفتاب روشن کے ایک تاج نورانی سر پر رکھے ہوئے اور حلہ سبز براق پہنے ہوئے بصورت آدمی کے حضرت کے پاس پہونچکر حضرت سے کہا کہ پڑھ آپنے فرمایا مین کچھ پڑھا نہین ہون اوس بزرگ نے پھر کہا پڑھ اور حضرت کو بغل مین لیکر بقوت تمام دبایا کہ حضرت کے جسم مبارک مین عرق نکل آیا تین بار ایسا ہی کیا پھر کہا اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ پانچ آیت تک حضرت نے ان آیات کو یاد کرلیا پھر اونہین بزرگ نے بعد تعلیم ان آیات کے پاؤن اپنا زمین پر مارا چشمہ پانی کا جاری ہوا حضرت کو طریقہ طہارت اور وضو اور استنجے کا سکھایا اور دو رکعت نماز تعلیم کی اور سورہ فاتحہ بھی سکھائی تا نماز مین پڑھا کرین پھر زمانہ معراج تک دو وقت کی نماز یعنی فجر اور عصر کی فرض رہی چنانچہ حق تعالیٰ فرماتا ہے وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ یعنی اور پاکی بول اپنے رب کی خوبیان شام کو اور صبح کو پھر جب حضرت بارھوین برس نبوت کے ہفتے کی رات سترھوین رمضان کو ڈیڑھ برس پہلے ہجرت کے شب معراج مین تشریف لیگئے وہان پانچ وقت کی نماز فرض ہوئی اور کیفیت اوسکی فرضیت کی یون ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شب معراج مین مجھہ پر ہر روز پچاس وقت کی نماز فرض ہوئی جب مین وہان سے لوٹا حضرت موسیٰ پر گذر ایس حضرت موسیٰ نے پوچھا کہ آپ کے واسطے کیا حکم ہوا آپنے فرمایا مجھکو ہر روز پچاس نماز کا حکم ہوا حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ آپ کی امت کو ہر روز پچاس وقت کی نماز کی طاقت نہین قسم خدا کی تحقیق مینے

آزمایا آپکے پہلے آدمیون کو اور کوشش کی بنی اسرائیل کے ساتھہ خوب کوشش پس آپ پھر جائیے اپنے رب کے پاس اور اپنی امت کے لیے تخفیف طلب کیجیے حضرتؐ فرماتے ہین مین حضور رب العزت مین لوٹ گیا پس حق تعالی نے دس نماز کم کی پھر آیا موسیٰ کے پاس پھر حضرت موسیٰ نے وہی بات فرمائی پھر مین واپس گیا پھر دس کم کی اسیطرح مین ہر بار حضرت موسیٰ کے پاس آتا تھا اور وہ وہی بات فرماتے تھے اور ہر بار حق تعالی دس نماز کم کرتا تھا یہانتک کہ دس نماز باقی رہ گئی پھر حضرت موسیٰ نے وہی بات فرمائی پھر مین حضور باری تعالی مین گیا پھر حکم پانچ وقت کی نماز کا ہوا پھر آیا حضرت موسیٰ کے پاس انھون نے پوچھا اب کیا حکم ہوا کہا مینے پانچ وقت کا حکم ہوا حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ آپ کی امت پانچ نماز کی بھی طاقت نہین رکھتی اور مقرر مینے آدمیون کو آزمایا ہے اور بنی اسرائیل کی بہت کوشش کی پس آپ پھر تشریف لیجائیے اپنے رب کے پاس اور تخفیف چاہیے حضرت فرماتے ہین مینے کہا کہ سوال کیا مینے اپنے رب سے یہانتک کہ شرماتا ہون ولیکن مین اب راضی ہون حکم رب پر اور مانتا ہون اوسکے امر کو پھر جب چلا مین پکارا ایک پکارنیوالے نے کہ پورا کرلیا مینے فرض اپنا اور تخفیف کی بندون سے یعنی ثواب مین تو وہی حکم پچاس کا باقی ہے اور عمل مین تخفیف کر دی ہے اسواسطے کہ حق تعالی فرماتا ہے مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ اَمْثَالِهَا یعنی جو کوئی لایا ایک نیکی ہے اوسکو ہے اوسکے دس برابر یعنی ایک نیکی کی عوض مین دس نیکی کا ثواب ملتا ہے پس اس حساب سے پانچ نماز پچاس نماز کا حکم رکھتی ہین ثواب مین واللہ اعلم بمرادہ **فائدہ** جاننا چاہیے کہ یہ نماز پانچ وقت کی اوپر پانچ انبیاء کے فرض تھی اور انکے ہر ایک کے یہان ایک ایک وقت کی نماز نہایت بزرگی رکھتی تھی نماز صبح حضرت آدمؑ پر اور ظہر حضرت ابراہیمؑ پر اور عصر حضرت یعقوبؑ پر اور مغرب حضرت داؤدؑ پر اور عشا حضرت یونسؑ پر فرض تھی اور ہمارے حضرتؐ چونکہ جامع اوصاف سب انبیا کے تھے آپ کی امت پر یہہ پانچون وقت فرض ہوئے اور بعض کتابون مین ہے کہ عشا کی نماز سوای حضرتؐ کے کسی نبی پر فرض نہین ہوئی پھر جب تک آپ نے مکہ معظمہ مین تشریف رکھی دو دو رکعت ہر وقت فرض تھی سوای مغرب کے کہ اسمین تین فرض تھی جب مدینے مین ہجرت کرکے تشریف لیگئے وہان ظہر اور عصر اور عشا مین دو دو رکعت خالی بدون قرائت کے زیادہ کین اور فجر اور مغرب کو بدستور باقی رکھا اور سفر مین سوای مغرب کے وہی حکم قدیم باقی رہا **سوال** اسمین کیا سر ہے کہ حضرتؐ نے دو دو رکعت زیادہ کین **جواب** چونکہ نماز فرض عبادت عمدہ ہے اور دو رکعت یعنی اسواسطے

ہو اور زیادہ کیون **جواب** دوسرا یہ کہ اصل مقصود نماز سے حضور قلب ہی تو شاید اگر دو رکعت مین حضوری نہ حاصل ہو
تو باری دو رکعت اخیر مین یہ بات حاصل ہو کہ اوسی سبب سے کل نماز مقبول ہو جائے **سوال** دو دو رکعت سے زیادہ کیون
نکی **جواب** تا زیادتی فرع کی اوپر اصل نماز کے کہ دو رکعت ہی لازم نہ آوے **سوال** سکے ہی مین کیون نہ زیادہ
کیا **جواب** ابتدای اسلام مین لوگون پر شاق ہوتی جب اسلام قوی ہوا اور مسلمان طرف عبادات کے
راغب ہوئے تب حضرت نے زیادہ کیا **سوال** فجر مین کیون نہ زیادہ کیا **جواب** درمختار مین لکھا ہے کہ
اوسمین حکم طول قرارت کا ہی اسی وجہ سے اوسمین نہ زیادہ کیا **جواب** دوسرا یہ کہ وہ وقت نوم اور غفلت کا
ہی اغلب یہ ہی کہ جاگنے مین دیر ہو جائے تو دو رکعت جلدی ادا کر لیگا اور اگر چار رکعت پڑھے اور اس
عرصے مین آفتاب طلوع کرے تو دو رکعت بھی ہاتھ سے جائے **سوال** نماز مغرب مین سکے اور مدینے اور سفر
مین بدستور تین ہی رکعت باقی رہین اسمین کیا سر ہی **جواب** درمختار مین لکھا ہی کہ نماز مغرب وتر ہے
دن کی جیسے بعد عشاء کے وتر ہی رات کی **سوال** وقت مغرب رات مین داخل ہی اسیواسطے اسوقت روزہ
افطار کرتے ہین نماز مغرب وتر دن کی کیونکر ہو سکتی ہی **جواب** حقیقت مین وقت مغرب رات مین داخل ہی
لیکن بنظر بعض آثار آفتاب کے مثل شفق اور روشنی وغیرہ کے مجازاً دن مین بھی داخل ہی **سوال** دو رکعت اخیر
مین قرارت کیون فرض نہوئی **جواب** تا فرق رہے درمیان اصل و فرع کے لیکن سنت یہ ہی کہ فقط سورۃ
فاتحہ دو رکعت اخیر مین آہستہ پڑھے اور اگر تین بار سُبحان اللہ کہے یا اسقدر ساکت رہے تو بھی جائز ہی **سوال**
مسافر کے واسطے کیون وہی حکم قدیم دو رکعت کا باقی رہا **جواب** بنظر خوف دشمنون اور مشقت و تکلیف
مسافرون کے حدیث مین وارد ہی سفر ایک ٹکڑا ہی عذاب کا **سوال** جس سفر مین خوف و مشقت نہو
وہان نماز پوری پڑھے **جواب** سفر مین خوف و مشقت ہو خواہ نہو جو کچھ خدا اور رسول نے صدقہ اور احسان
کیا اپنی طرف سے اوسکو رد کرنا معصیت ہی

فصل ۱۳ بیان ثبوت فرض نماز پانچ وقت قرآن مجید سے

جاننا چاہئے
جو لوگ کہ ناواقف ہین اکثر کہتے ہین کہ یہ پانچ وقت قرآن مجید سے کہان ثابت ہین حالانکہ قرآن شریف
مین کئی مقام سے ثبوت نماز پنجوقتی کا ہوتا ہی پہلی آیت أَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا
مِّنَ اللَّيْلِ یعنی کھڑی کر نماز کو دونون طرف دن کے اور کچھ ٹکڑون رات کے **ف** دن کی دو طرف

صبح اور پچھلا دن ہے صبح سے فجر کی نماز اور پچھلے دن سے ظہر اور عصر کی نماز اور کچھہ رات سے مغرب اور
عشا مراد ہے دوسری آیت أَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلٰى غَسَقِ اللَّيْلِ وَقُرْآنَ الْفَجْرِ یعنی
کہا ہے کہ نماز سورج ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک اور قرآن پڑھنا فجر کا ف سورج ڈھلنے سے
رات کے اندھیرے تک اسمین چار نمازین یعنی ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا ثابت ہوئی اور قرآن پڑھنا فجر کا اس سے
نماز فجر کی ثابت ہوئی تیسری آیت وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا
وَمِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ فَسَبِّحْ وَأَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى یعنی اور پڑھتا رہ خوبیان اپنے رب
کی سورج نکلنے سے پہلے اور ڈوبنے سے پہلے اور کچھہ گھڑیون مین رات کی پڑھا کر اور دن کی حدون
پر شاید تو راضی ہوگا ف سورج نکلنے سے پہلے فجر کی نماز اور ڈوبنے سے پہلے عصر کی نماز اور کچھہ
گھڑیون مین رات کی مغرب اور عشا اور دن کے حدون پر ظہر کی نماز مراد ہے چوتھی آیت فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِيْنَ
تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ
یعنی سو پاکی بیان کرو اللہ کی جب شام کرو اور جب صبح کرو اور اوسی کو خوبی ہے آسمان اور زمین مین اور پچھلے وقت
اور جب دوپہر ہو ف حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ یہ آیت جامع ہے پانچون نماز کی جب شام
کرو اس سے مراد مغرب اور عشا ہے اور جب صبح کرو اس سے مراد فجر ہے اور پچھلے وقت سے مراد عصر ہے اور جب دوپہر ہو اس سے
مراد ظہر ہے **سوال** اسمین کیا سر حکمت ہے کہ پانچ نمازین انھین پانچ وقتون خاص مین مقرر ہوئین اسکے
خلاف کیون نہوئین **جواب** اسکا یہ ہے کہ یہ اوقات ایسے ہین کہ اسمین بندون کے کام دنیا کا کچھہ حرج نہین
کہ اپنے کامون کا عذر پیش لاوین اور اونکی حضوری مین بسبب تعلق کام کے خلل واقع ہو مثلا وقت صبح کے قبل
طلوع آفتاب کے سب انسان اور چوپائے اور پرند سوای گنتی کے بیدار آدمی کہ مشغول اوسکے ہین جاگتے ہین تو بس
جب خواب سے اوٹھے وضو کرے کہ عادت انسان کی بھی صبح کیوقت ہاتھہ اور مونھہ دھونے کی ہوتی ہے نماز پڑھے
اور یاد مولی کی کرے پھر دوپہر تک مہلت ہے اپنے کاروبار مین مشغول رہے چاہے کام دنیا کا خواہ دین کا کرے
دوپہر کو آرام کرے پھر ظہر کے وقت اوٹھہ کر نماز پڑھ لے بعد اوسکے عصر تک فرصت ہے عصر کا وقت البتہ
آزمائش کا ہے اسواسطے کہ اوسوقت کاروبار بازار اور سوداگری کا پیش آتا ہے اور سب کام کی تمامی کا وقت ہوتا ہے

اسیواسطے اسکو صلوۃ وسطی کہتے ہین اور اوسکی تاکید اور ثواب زیادہ ہی پہر جب شام کو کام دنیا سے فارغ ہو نماز
مغرب کی پڑہ لے اس درمیان مین اور جو کچھہ حاجت بشری ہو وے اوس سے فارغ ہو کے جب سونے کا وقت آوے
نماز عشا کی پڑہ کر سو رہے غرض کسی وقت مین کچھہ حرج کاروبار کا متصور نہین **جواب** دوسرا یہ ہی کہ ان
ہر پانچ وقتون مین ایک سر ہی مثلاً صبح کے وقت جب جاگے تو اسے کہ مشابہ موت کی ہی اوٹھین یاد کرین کہ اسی
طرح محشر مین قبر ون سے اوٹھنا ہوگا اور یہ یاد کر کے خدا کی طرف رجوع ہون یعنی نماز پڑھین اور ظہر کے وقت
سے دھوپ اور گرمی کی ہوتی ہی اور آفتاب سر پر آجاتا ہی اوسوقت میدان محشر کو یاد کرین کہ آفتاب ایک میل
پر ہوگا اور شدت گرمی کی ہوگی یہ یاد کر کے خدا کی طرف رجوع ہون اور اوسکی عبادت کرین اور عصر کہ وقت تمامی
دن کا ہی یاد کرین کہ اسیطرح ایک وقت عمر دنیا کی بھی تمام ہو جائیگی اور قیامت آجاویگی یہ یاد کر کے خدا کی طرف
متوجہ ہون اور اوسکی طاعت کرین اور مغرب کا وقت نمونہ ہی قبر کا کہ جب منکر نکیر قبر مین میت کو اوٹھاتے ہین تو اسے
وقت مغرب کا معلوم ہوتا ہی اسیواسطے جو آدمی کہ نمازی ہو وہ منکر نکیر سے کہتا ہی کہ چھوڑ دو مجکو مین نماز
پڑہ لون تو یہ حالت قبر کی یاد کر کے خدا کی طرف رجوع ہو اور نماز پڑھے اور عشا خواب کا وقت ہی اور خواب موت
سے مشابہ ہی یاد کرین کہ جب موت آویگی ایسی ہی حس و حرکت سے غافل ہو جائینگے یہ تصور کر کے خدا کی طرف متوجہ ہون
اور یاد حق کرین اور جب ان اوقات مین یہ سوریاد کر کے خدا کی یاد کرینگے تو خدا کے فضل سے امید کامل ہی کہ جب
وہ اوقات یعنی وقت بعث و حشر اور قیامت اور قبر اور موت کے آوینگے موجب عادت اپنی کے خدا کو نہ بھولینگے اور یہ بات
موجب مغفرت اور بخشایش کی ہوگی واللہ اعلم بالصواب **فصل ۱۴** بیچ بیان اوقات مستحب نماز کے وقت مستحب فجر کا
جب روشنی پھیل جاوے حضرت صلعم نے فرمایا کہ روشنی مین پڑھو نماز صبح کی کہ اسمین بڑا اجر ہی اور نماز ظہر کی جاڑے مین اول
وقت مستحب ہی کہ دن چھوٹا ہوتا ہی اور گرمی مین جب ٹھنڈا وقت ہو حضرت صلعم نے فرمایا ٹھنڈے مین پڑھو نماز ظہر کی
کہ شدت گرمی کی لپٹ ہی دوزخ کی اور عصر مین ہمیشہ تاخیر مستحب ہی تا نفل پڑھنے کی وسعت رہے کہ بعد عصر کے
نفل مکروہ ہی اور مغرب مین ہمیشہ جلدی مستحب ہی مگر روزادار کے اور عشا ہمیشہ تہائی رات گئے مستحب ہی اور
بدلی کے دن عصر مین جلدی چاہیے کہ احتمال غروب آفتاب کا ہی اور مغرب مین تاخیر چاہیے تا احتمال باقی
ہونے آفتاب کا نرہے اور عشا مین جلدی چاہیے تا لوگون کو تکلیف نہو **فصل ۱۵** بیچ بیان فضائل اور اسرار

اذان کے پوشیدہ نہ رہے کہ اذان سنت موکدہ ہی اور یہ خاص اسی امت کیواسطے ہی اور بدون اذان اور اقامت کے نماز
مکروہ ہوتی ہی اور ثبوت اسکا قرآن مجید سی ہوتا ہی چنانچہ بعض یہود اور مشرکین اذان سنکے ہنستے تھے تب حق تعالے
نے آیت نازل فرمائی وَاِذَا نَادَیْتُمْ اِلَی الصَّلٰوۃِ اتَّخَذُوْھَا ھُزُوًا وَّلَعِبًا ذٰلِکَ بِاَنَّھُمْ قَوْمٌ
لَّا یَعْقِلُوْنَ یعنی اور جسوقت پکارو تم طرف نماز کے ٹھہراوین اسکو ہنسی اور کھیل یہ اسواسطے کہ وہ لوگ بے عقل
ہین اور فضائل اذان اور موذن کے بہت حدیثون سے ثابت ہین چنانچہ حضرت صلعم نے فرمایا موذن دراز گردن ہونگے قیامت کے
دن یعنی امید زیادہ رکھتے ہونگے خدا کی درگاہ سے اور فرمایا آواز موذن کی نہین سنتا کوئی جن اور انس اور کوئی شی
مگر یہ کہ گواہی دیگا واسطے اوسکے دن قیامت کے اور فرمایا جو کوئی سات برس متواتر طلب ثواب کے واسطے اذان کہے لکھا
جاویگا واسطے اوسکے خلاص دوزخ سے اور فرمایا خوش ہوتا ہی پروردگار اوس چرانیوالے بکری سے جو چوٹی پہاڑ پر
کہ اذان دیتا ہی اور نماز پڑھتا ہی پس فرماتا ہی حق تعالی دیکھو میرے بندے کو کہ اذان دیتا ہی اور قائم کرتا ہی نماز اور ڈرتا ہی
مجھسے مقرر بخشا مینے اوسکو اور داخل کیا مینے جنت مین اور فرمایا تین شخص قیامت کے دن ٹیلے مشک پر ہونگے غلام
کہ ادا کیا حق خدا کا اور حق اپنے مولی کا اور مرد کہ امامت کی ایک قوم کی اور وہ اوس سے راضی ہون اور مرد کہ اذان
دیتا ہی واسطے نماز پنجوقتی کے ہر دن اور رات اور فرمایا نہین رد ہوتی دعا درمیان اذان اور اقامت کے اور نقل ہی
جو کوئی بارہ برس اذان کہے واجب ہوگی واسطے اوسکے جنت اور لکھا جائیگا ہر دن واسطے ہر اذان کے ساٹھ نیکی اور
واسطے ہر اقامت کے تیس نیکی اور فرمایا حضرت صلعم نے جب اذان ہوتی ہی واسطے نماز کے تب پیچھے بھاگتا ہی شیطان اور اوسکو
گوز ہوتا ہی کہ اوس سبب سے نہین سنتا اذان کو بعد اذان کے پھر آتا ہی یہان تک کہ جب اقامت کہی گئی تب پھر پیچھے
بھاگتا ہی جب تمام ہوئی اقامت پھر آتا ہی اور وسوسہ ڈالتا ہی نمازیون کے دل مین اور کہتا ہی فلانی بات
یاد کر اور فلانی بات یاد کر اوسکو یاد نہین یہان تک کہ وہ شخص نہین جانتا کسقدر پڑھا **سوال**
کیا سبب ہی کہ شیطان اذان سے بھاگتا ہی اور نماز مین کہ افضل ہی وسوسے ڈالتا ہی **جواب**
اذان مین احتمال ریا کا نہین ہی اور غفلت نہین ہوتی وقت کہنے اذان کے بخلاف نماز اور قرآن
کے کہ اسمین نفس حاضر ہوتا ہی پس کھولتا ہی شیطان دروازہ وسوسے کا **جواب** دوسرا اذان
مثل کوتوال کے ہی اور نماز مثل بادشاہ کے اور دستور ہی کہ چور اور رہزن جسقدر کوتوال سے ڈرتا ہی

بادشاہ سے نہین ڈرتا **فائدہ** جب مسلمان شروع اذان سنے چاہیے کہ کہے جل شانہ یعنی بڑی ہے شان
اوسکی پھر جواب اذان کا دے یعنی جو کچھ موذن کہے آپ بھی وہی کہے مگر جب موذن حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ
اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کہے چاہیے سننے والا جواب دے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ یعنی نہین پھر سکتا
گناہ سے اور نہ قوت ہے نیک کام کرنے کی مگر اللہ کی مدد سے اور صبح کے وقت جب موذن اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ
مِّنَ النَّوْم کہے سننے والا کہے صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ یعنی سچ کہا تو نے اور نیک کہا تو نے اور
اقامت مین بھی چاہیے مثل اذان کے جواب دے اور جب قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ کہے یعنی مقرر قائم ہوئی نماز
سننے والا کہے اَقَامَہَا اللّٰہُ وَاَدَامَہَا یعنی قائم رکھے اللہ نماز کو اور ہمیشہ رکھے اسکو
اور جب اذان سے فارغ ہو دعا اذان کی کہ آگے آتی ہے پڑھے اور معنے الفاظ اذان کی تفصیل آگے بیان
کیے جائینگے حدیث مین وارد ہے کہ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ موذن ہم پر بزرگی رکھتے ہین حضرت نے فرمایا
جو کچھ موذن کہے تم بھی کہو جب تمام کرو پس جو کچھ مانگو گے پاؤ گے حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ ہم
تھے ساتھ حضرت کے پس کھڑے ہوئے بلال اذان کہنے کے لیے جب فارغ ہوئے حضرت نے فرمایا جو کوئی مثل
اسکے کہے خلوص سے یعنی جواب اذان کا دے داخل ہوگا جنت مین اور فرمایا حضرت نے جو کوئی سنکر اذان
کے پڑھے اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ
وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ یعنی ای خدا صاحب اس
پوری کا اور نماز قائم کا دے تو محمد کو وسیلہ اور بزرگی اور اوٹھا انکو مقام محمود مین کہ وعدہ کیا ہے تو نے واجب ہوئی
واسطے اوسکے شفاعت میری دن قیامت کے **فائدہ** فقہا نے لکھا ہے جب اذان سنے جواب دے اسکا قدم سے بھی
دے یعنی موذن کے ساتھ ہی مسجد کی طرف واسطے نماز کے روانہ ہو اور جس کام مین ہو اسکو چھوڑ دے بزرگان دین کا یہ حال
تھا کہ بعضے وہین کام لوہار کا کرتے اور جو ہتھوڑا اوٹھاتے اور اذان سنتے پھر اسکو پیچھے نہ مارتے اور جو کوئی
کام موچی کا کرتا اور سوجا چمڑے مین ڈالتا اور اذان سنتا پھر نہ نکالتا اور مسجد کی طرف روانہ ہوتا اور آواز اذان سے
ندای قیامت یاد کرتے اور جانتے جو کوئی آواز اذان پر دوڑیگا اوسکو قیامت کی منادی سے سوای خوشخبری کے کچھ
نہ پہونچیگا اور اگر اپنے دل کو آواز اذان سے خوش پاو یقین سمجھو کہ قیامت کی آواز سے ایسے ہی خوش ہوگے **فائدہ**

سبب شروع ہونے اذان کے دو ہین پہلا یہ کہ جب حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج کو بیت المقدس
مین تشریف لیگئے وہان حضرت جبرئیل نے اذان اور اقامت کہی اور حضرت نے امامت پیغمبرون کی کی دوسرا یہ عبد اللہ
بن زید سے روایت ہی کہ جب حضرت نے سنکھ بجانے کا حکم دیا تاکہ لوگ نماز کے لیے جمع ہون اور حال یہ کہ مین سوگیا خواب
مین دیکھا ایک شخص سنکھ لیے ہوے میرے پاس گذرا مین نے کہا ای بندے خدا کے اسکو تو بیچیگا اوس نے کہا کیا کروگے مین نے
کہا اس سے ہم نماز کی طرف لوگون کو بلا دینگے تب اوس نے کہا مین تمکو ایک چیز اس سے بہتر بتلاؤن مین نے کہا بہت خوب
تب اوس نے اذان اور اقامت تعلیم کی جب صبح ہوئی مین حضرت کی خدمت مین آیا اور یہ خواب بیان کیا آپ نے فرمایا
یہ خواب سچا ہی اگر اللہ نے چاہا پس اوٹھ اور سکھا دے بلال کو جو کچھ کہ دیکھا ہی تو نے تا اذان کہے اسواسطے کہ آواز
اوسکی بلند ہی تیری آواز سے پس مین کھڑا ہوا اور بلال کو سکھاتا تھا اور بلال اذان کہتے تھے پس حضرت عمر نے
اپنے گھر سے اذان سنی تو نکلے اپنی چادر کھینچتے ہوئے اور کہنے لگے یا رسول اللہ قسم ہی اوسکی کہ آپ کو نبی
برحق کیا ہی مینے خواب مین دیکھا مثل اسکے کہ دیکھتا ہون حضرت نے فرمایا اللہ ہی کیواسطے سب حمد ہی اور یہ حال پہلے سال
ہجرت سے واقع ہوا **تتمہ** حدیث مین آیا ہی کہ موذن حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت مین آپکے پاس آیا
تا کہ نماز صبح سے آگاہ کرے آپکو سوتے پایا اوس نے کہا اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ حضرت عمر نے حکم کیا کہ اس
کلام کو اذان صبح مین داخل کرے **فائدہ عجیبہ** کنز العباد مین لکھا ہی جو پہلے موذن کہے اَشْھَدُ اَنَّ
مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ تو سننے والا کہے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یعنی رحمت بھیجے خدا اوپر تمھارے
یا رسول اللہ جو دوسری بار سنے تو یہ کہے قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یعنی ٹھنڈک آنکھ میری کی
تجھسے یا رسول اللہ پھر ناخن دونون انگوٹھون کو آنکھ پر رکھے اور یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ
وَالْبَصَرِ یعنی ای اللہ نفع دے مجکو سننے اور دیکھنے سے اور اصل اسکی قصص الانبیا اور مونس الابرار مین لکھی ہی
خلاصہ اسکا یہ ہی کہ آدم علیہ السلام مشتاق ہوے دیدار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جنت مین اور طلب کیا دیدار
آنحضرت کا پس ظاہر کیا حق تعالی نے نقشا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا بیچ دونون ناخن آدم علیہ السلام کے مثل آئینے کے
پس چوم لیا حضرت آدم نے دونون ناخن اپنے کو اور آنکھون پر لگایا پس ہوگئی اصل اسکی اولاد کے لیے
سوال کیا سبب اور حکمت ہی کہ اذان مین پہلے چار بار اللہ اکبر اور پھر دو دو مرتبہ اور کلمات اور اخیر مین فقط لا الہ الا اللہ

بدون محمد رسول اللہ کے کہتے ہین **جواب** توحید اور عبادت خدا کی موقوف ہی اوپر جاننے چار صفت اللہ کے علم اور قدرت اور رحمت اور شرف کے پس چار بار اللہ اکبر کہنا ان چارون صفت کی طرف اشارہ ہی یعنی اوس کہنے یون ہین اَللّٰهُ اَكْبَرُ یعنی اللہ بہت بڑا ہی از روی علم کے اَللّٰهُ اَكْبَرُ یعنی اللہ بہت بڑا ہی از روی قدرت کے اَللّٰهُ اَكْبَرُ یعنی اللہ بہت بڑا ہی از روی رحمت کے اَللّٰهُ اَكْبَرُ یعنی اللہ بہت بڑا ہی از روی شرف کے جب ان اوصاف کے ساتھ خدا کو جانا اور یاد کیا تب اوسکی توحید معلوم ہوئے اور توحید دو قسم ہی ایک توحید وجود مین دوسری توحید عبادت مین پھر اوسکو ان دونون توحید کے ساتھ یاد کیا اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یعنی گواہ ہون مین اسکا کہ نہین کوئی خدا موجود سوا اللہ کے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یعنی گواہ ہون مین اسکا کہ نہین کوئی خدا مستحق عبادت کے سوای اللہ کے جب اوس معبود کو ان اوصاف کے ساتھ جانا اور رسائی اوسکی حضور تک نہین ہو سکتی تو ایک واسطہ یعنی رسول چاہیے کہ اوسکے وسیلے سے طریق اوسکی عبادت کا معلوم ہو اور رسول کی دو صفت ہین ایک یہ کہ فقط پیغام پہونچاوے دوسری یہ کہ مالک حقیقی تک پہونچاوے تو رسول کو دونون صفت کے ساتھ یاد کیا اور کہا اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ یعنی گواہ ہون مین اسکا کہ محمد رسول اللہ کے ہین کہ پیغام حق کا پہونچاتے ہین اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ یعنی گواہ ہون مین اسکا کہ محمد رسول اللہ کے ہین کہ حق تک پہونچاتے ہین پس لازم ہوا کہ فرمانبرداری اوس رسول کی بجا لاوے تا کہ حق تک پہونچا دے اور فرمانبرداری بدن سے اور دل سے ہوتی ہی اسیواسطے کہا حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ یعنی آؤ تم نماز پر اپنے بدنون کے ساتھ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ یعنی آؤ تم نماز پر اپنے دلون کے ساتھ پھر اوسکے بعد ثمرہ اور فائدہ اس عمل کا بیان کیا جاتا ہی اور ثمرے دو ہین ایک دنیوی دوسرا اخروی پس کہا حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ یعنی آؤ تم مراد ملنے پر دنیا مین ساتھ درستی نفس اور حال کے عوام کے واسطے اور لذت مناجات اور مشاہدہ حق کے واسطے خواص کے حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ یعنی آؤ تم مراد ملنے پر آخرت مین ساتھ آسانی سختی کے قیامت مین اور نجات دوزخ سے اور پہلے اللہ اکبر طلب حاجات کیواسطے تھا اور اب کہ فیض نبوی حاصل کیا اور معرفت کاملہ سے مشرف ہوا تو اب محض خلوص کیواسطے پھر کہا اَللّٰهُ اَكْبَرُ یعنی خدا بڑا ہی نہایت برتر اپنی ذات اور صفات مین اَللّٰهُ اَكْبَرُ یعنی خدا بڑا ہی بسبب تاثیر کمالات اوسکے کے اس مظاہر عالم مین اور خلاصہ اس معرفت کا یہ ہی

ظہور حق ہی تو پھر کہنا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یعنی نہین کوئی ثابت خارج مین بحسب حقیقت کے بالذات اور نہین ظاہر اپنے سب کمالات کے ساتھ بالاصالۃ سوای خدا کے چونکہ بیان اس کلمے سے یہ معنی ثابت ہے کہ حقیقت مین کوئی شئی نہین سوای خدا کے تو بیان اب گنجایش دسیلے کی نرہی اسواسطے پھر محمد رسول اللہ کا ذکر کیا بخلاف اوپر کے کہ وہان توحید عبادت کا بیان تھا اور لتزام عبادت کا بدون رسول کے تمام نہین ہوتا اسواسطے وہان ذکر کیا اور حقیقۃ الصلوۃ مین لکھا ہی کہ حاصل دوبار کہنے اشہدان لا الہ الا اللہ کا اول بار گواہی دینی توحید کی زبان سے دوسری بار دل سے اور اشہدان محمد رسول اللہ مین اول گواہی نبوت پر زبان سے اور دوسری دل سے اسیطرح حی علی الصلوۃ مین پہلی بار آنا طرف نماز کے ہی تن سے دوسری بار دل سے اور حی علی الفلاح مین پہلی بار آنا مراد ملنے پر تن سے دوسری بار دل سے واللہ اعلم بالصواب

فصل ۱۵ بیچ بیان فرائض اور واجبات نماز کے

مسئلہ نماز مین تیرہ فرض ہین چھہ باہر نماز کے اسکو شرط کہتے ہین سات اندر نماز اسکو رکن کہتے ہین جو باہر نماز کے ہین یہ ہین ایک طہارت کپڑی کی دوسرے طہارت بدن کی تیسرے طہارت مکان کی حق تعالیٰ فرماتا ہی وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ یعنی کپڑے اپنے پاک رکھ اور پلیدی کو چھوڑ جب تاکید طہارت کپڑے کی ہی تو اس سے طہارت بدن اور مکان کی بدرجہ اولی بوجھی گئی چوتھے ستر عورت خُذُوا زِينَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ یعنی لو تم اپنی رونق اور لباس ہر نماز کے وقت پانچوین استقبال قبلہ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ یعنی پس پھیر مونھہ اپنا طرف مسجد حرام کے چھٹے نیت وَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ یعنی اور پکارو اسکو نری اسکی حکم برداری کرنیوالے اور سات اندر نماز کے یہ ہین ایک تکبیر تحریمہ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ یعنی اور اپنے رب کی بڑائی بول دوسرے قیام وَقُومُوا لِلّٰهِ قَانِتِينَ یعنی اور کھڑے ہو اللہ کے واسطے ادب سے تیسرے قرات فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ یعنی سو پڑھو جتنا آسان ہو قرآن سے چوتھے رکوع پانچوین سجدہ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا یعنی ای ایمان والو رکوع کرو اور سجدہ کرو **فائدہ** یہود کو حکم فقط سجدے کا تھا رکوع کا نتھا اور نصاری کو حکم رکوع کا تھا سجدے کا نتھا بعض کتاب مین ہی کہ اس امت مین بھی ابتدا مین حکم فقط قیام اور قعود کا تھا جب یہ آیت نازل ہوئی تو رکوع اور سجدہ فرض ہوا چھٹے قعدہ اخیر ساتوین خروج بصنعہ یعنی نماز سے باہر آنا

اپنے کسی فعل سے قصداً اور ثبوت ان دو فرضون کا قرآن مجید سے نہین ہوا **سوال** سجدہ دوسرا نماز کا کیسا ہی
جواب یہ بھی فرض ہی ثابت ہی حدیث سے **سوال** دوسرے سجدے مین کیا سر ہی **جواب** شیطان کو
حکم سجدے کا ہوا انکار کیا مردود ہوا ہم دو سجدے کرتے ہین اوسکی مخالفت کیواسطے سجدہ پہلا اشارہ ہی کہ اس خاک سے
پیدا ہوئے ہین دوسرا سجدہ اشارہ ہی کہ پھر اسی خاک مین جانا ہی اور سجدہ پہلا واسطے شکر نعمت ایمان کے ہی
اور دوسرا سجدہ واسطے بقای ایمان کے اور پہلا سجدہ اطاعت امر حق کے ہی دوسرا سجدہ شکر کا ہی اوپر اطاعت
امر حق کے **سوال** وجوب سجدہ تلاوت مین کیا سر ہی **جواب** جب بنی آدم آیت سجدے کی پڑھتا ہی
اور سجدہ کرتا ہی شیطان چلاتا ہی اور روتا ہی کہ بنی آدم کو سجدے کا حکم ہوا اوسنے کیا اوسکو جنت ملی اور مجکو سجدے
کا حکم ہوا مینے انکار کیا مجکو دوزخ ہی **سوال** سجدہ سہو ترک واجب اور تاخیر فرض سے کیون واجب ہوا
جواب اسواسطے کہ نماز مین جو کچھ بسبب ترک واجب اور تاخیر فرض کے نقصان ہوا ہی سجدہ سہو سے پورا ہو جاے
سوال سب فرائض نماز کے قرآن مجید مین ایک ہی جگہہ مثل فرائض وضو کے کیون نہ بیان کیے گئے **جواب**
ظاہر یہ معلوم ہوتا ہی کہ تا قرآن مین اکثر ذکر نماز کا آوے اور بندون کو آگاہی ہوتی رہے اور جو علما کہ تلاش
کرکے یہ فرائض تمام قرآن سے نکالین ثواب پاوین واللہ اعلم **مسئلہ** واجبات نماز کے بارہ ہین قرات
فاتحہ اور ضم سورہ اور ترتیب ارکان اور قعدہ اولی اور التحیات دونون قعدے مین اور لفظ سلام کے ساتھ نماز
تمام کرنا اور دعا قنوت وتر مین اور تکبیرات عیدین اور مقرر کرنا دو رکعت پہلی کا واسطے قرات کے اور جہر یعنی آواز بلند
پڑھنا نماز جہری مین امام کو اور خفا یعنی آہستہ پڑھنا نماز سری مین اور تعدیل ارکان یعنی ٹھہرنا رکوع اور سجود
مین اور درمیان رکوع اور سجود اور دو سجدون کے اور ادنی اسکا باندازے ایکبار سبحان ربی العظیم کہنے کی طرح
کے ہی حدیث مین وارد ہی کہ ایک مرد داخل ہوا مسجد مین اور حضرت ایک طرف مسجد کے بیٹھے ہوے تھے
پس اوسنے نماز پڑھی پھر آیا حضرت کی خدمت مین اور سلام کیا پس کہا حضرت نے وعلیك السلام لوٹ جا
اور پھر نماز پڑھ گویا کہ تونے نماز ہی نہین پڑھی پس اوس شخص نے پھر نماز پڑھی پس آیا حضرت کے حضور مین
اور سلام کیا حضرت نے کہا وعلیک السلام لوٹ جا پھر نماز پڑھ گویا کہ تونے نماز نہین پڑھی پس تیسری بار اوسنے
کہا کہ سکھا دیجیے مجھے یا رسول اللہ آپنے فرمایا جب کھڑا ہو واسطے نماز کے پس پورا کر وضو پھر مونہہ کعبہ کی طرف

کرسکے کھڑا ہو پھر تکبیر کہہ پھر پڑھ جو کچھ کہ آسان ہو تجھے قرآن سے پھر رکوع کر یہانتک کہ اطمینان ہو جاوے
رکوع مین پھر سر اوٹھا اور سیدھا کھڑا ہو پھر سجدہ کر یہانتک کہ سجدے مین اطمینان حاصل ہو پھر سر
اوٹھا اور مطمئن بیٹھ جا پھر سجدہ کر یہانتک کہ سجدے مین اطمینان ہو پس سر اوٹھا یہانتک کہ مطمئن ہو کے
بیٹھ اسی طرح تمام نماز پڑھ الغرض نماز کو بہت اچھی طرح سے پڑھنا چاہیے اور سب فرض اور واجب اور
سنت اور مستحب کا لحاظ رکھنا چاہیے اور ہر ایک کو خوب ادا کرنا چاہیے اور ادب کو بھی ہاتھ سے نہ دینا چاہیے
اسواسطے کہ ترک ادب پہونچاتا ہے ترک سنت تک اور ترک سنت پہونچاتا ہے ترک واجب تک اور ترک واجب
پہونچاتا ہے ترک فرض تک اور ترک فرض پہونچاتا ہے انکار فرض تک اور انکار فرض پہونچاتا ہے کفر تک معاذ اللہ منہ
اور مفسدات اور محرمات اور مکروہات نماز سے کہ اس سب کی تفصیل بڑی کتابوں فقہ مین ہے بچنا چاہیے تاکہ نماز
مرتبہ مقبولیت مین واقع ہو **فائدہ** جو لوگ نماز خوب پڑھتے ہین اور اچھی طرح ادا کرتے ہین اور
وظیفہ بھی پڑھتے ہین اونکی نماز قیامت مین بشکل حسین اور خوبصورت نورانی لباس پہنے ہوئے
آویگی اور جو لوگ وظیفہ نہین پڑھتے انکی نماز بلا زیور آویگی اور جو لوگ اچھی طرح نماز نہین ادا
کرتے اور ارکان اور سنن وغیرہ مین قصور کرتے ہین اونکی نماز بعضی لنگڑی بعضی لولی بعضی اندھی بعضی
کانی بعضی نکٹی بعضی نوچی ہوئی آویگی اور قابل قبول درگاہ رب العزت کے نہین ہوگی بلکہ ایسی نماز
موجب شرم اور ندامت کی ہوگی **سوال** اسکی کیا وجہ ہے کہ نماز ظہر اور عصر مین قرارت آہستہ اور نمازون مین
باواز بلند پڑھنا واجب ہے **جواب** ابتدا مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سب نمازین باواز بلند پڑھتے تھے لیکن
ظہر اور عصر کے وقت کفار پڑھنا سنکے اوسکی نقلین کرتے اور ایذا دیتے تب حضرت ان دونون وقت مین آہستہ پڑھنے لگے
اور دوسرے وقتون مین کفار نا ستے تھے اوسوقت باواز بلند پڑھتے رہے پھر یہی حکم ہمیشہ کے واسطے باقی رہا **فائدہ**
درمختار مین ہے کہ جو فعل نماز مین مکمل فرض ہے وہ واجب ہے اور جو فعل مکمل واجب ہے وہ سنت ہے اور ترک فرض سے نماز
فاسد ہوتی ہے اعادہ اوسکا فرض ہے اور ترک واجب سے نماز ناقص مکروہ تحریمی ہوتی ہے اعادہ اوسکا واجب ہے
اور ترک سنت سے نماز قریب بکراہت ہوتی ہے اعادہ اوسکا سنت ہے

فصل ۱۶ بیان امامت وجماعت مین

مسئلہ جماعت سنت موکدہ ہے اور بعضون کے نزدیک واجب ہے حضرت نے فرمایا کہ نماز جماعت کے ساتھ فضیلت رکھتی ہے اوپر

نماز مفرد کے ستائیس درجے اور فرمایا قسم ہی اوس ذات پاک کی کہ جسکے قبضہ قدرت مین میری جان ہی مقرر
مینے قصد کیا تھا یہ کہ حکم کرون مین کہ لکڑی خشک جمع کیجاسئے پھر حکم کرون مین واسطے نماز کے کہ اذان
دیجائے پس حکم کرون مین ایک مرد کو کہ امامت کرے آدمیون کی پھر جاؤن مین اون مردون کی طرف کہ نماز
مین نہین حاضر ہوتے اور جلادون اونکو اور اونکے گھرون کو قسم ہی اوسکی کہ جان میری اوسکے دست قدرت
مین ہی اگر جانے ایک اونمین کا کہ وہ پاویگا ہڈی گوشت دار یا دو کھر فربہ بکریون کے تو عشا کے وقت وین
یعنی یہ آدمی کہ نماز عشا مین نہین حاضر ہوتے ایسے طمعی اور پست ہمت ہین کہ اگر جانین مسجد مین کچھہ چیز ملتی ہی تو رات
کو دوڑے آوین اور نماز کیواسطے مونہہ چھپاتے ہین حضرت صلعم نے فرمایا ہی جو کوئی خدا کے واسطے چالیس روز نماز جماعت کے ساتھ
پڑھے اور تکبیر اولی پاوے لکھی جاتی ہی اوسکے لیے دو برات ایک برات دوزخ سے دوسری برات نفاق سے اسواسطے
بزرگان دین کا یہ حال تھا کہ اگر اونکی تکبیر اولی فوت ہوتی تو تین دن غم کرتے اور اگر جماعت فوت ہوتی تو سات
دن غم کرتے کہ لوگ اونکی تعزیت کو جاتے روایت ہی کہ جب حضرت صلعم معراج مین تشریف لیگئے ایک قوم کو دیکھا کہ فرشتے
سر اون کا پتھرون سے کوٹتے ہین حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا یہ حال اون لوگون کا ہی کہ نماز جمعے اور جماعت مین سستی کرتے ہین
اور نماز وقت پر نہین ادا کرتے **سوال** سر جماعت کا کیا ہی **جواب** سر جماعت کا یہ ہی کہ جو مسلمان باہم
مجتمع ہون تو شوکت اسلام کی ہو اور یہ جماعت مشابہ ہو جماعت ملائکہ سے اور جائز ہی کہ اونمین کوئی کامل ہو تو اوسکی
برکت سے سب کی نماز مقبول ہو **ع** بدان را بنیکان ببخشد کریم + اور سب مسلمانون کے انوار قلوب کے جمع ہونے سے
کثرت انوار باطن کی ہو اور سبکی نماز جمع ہوکر قوت پکڑکر موجب قبولیت نماز کا ہو مثلا بہت بال جمع کرکے رسی
بٹو تو ایسی مضبوط ہوتی ہی کہ ایک بال مین وہ مضبوطی ہرگز نہین ہوتی **مسئلہ** امامت افضل ہی اذان سے
لطیفہ بعض علمانے کہا اگر مین سورہ فاتحہ امام کے پیچھے پڑھون تو امام ابو حنیفہ ناخوش ہون اور نہ پڑھون
تو امام شافعی ناخوش ہون اسواسطے مینے امامت کو اختیار کیا کہ دونون راضی ہین **مسئلہ** چاہیے جس سے لوگ
کراہت کرین وہ امامت نکرے حضرت صلعم نے فرمایا تین شخص کی نماز بالشت برابر سرکے اوپر نہین جاتی یعنی مقبول نہین
ہوتی ایک وہ مرد کہ امامت کرتا ہی اور لوگ اوس سے کارہ ہین دوسرے وہ عورت کہ شوہر اوسکا اوس سے ناخوش ہی اور تیسرے وہ
شخص کہ باہم ترک برادری کریں **مسئلہ** اولی واسطے امامت کے زیادہ عالم مسائل نماز کا ہی پھر قاری پھر

پرہیزگار پھر زیادہ سن والا اور پہلے صف مردون کی چاہیے پھر لڑکون کی پھر خنثی کی پھر عورتون کی اور
چاہیے صف کو خوب سیدھا اور درست کرین حضرت صلعم نے فرمایا برابر کرو صفون اپنی کو مقرر برابر کرنا صفوف کا کامل
کرنے نماز سے ہی **فائدہ** جو امام کے ٹھیک پیچھے برابر ہوتا ہی اوسکو سو رکعت کا ثواب ہوتا ہی اور جو داہنے ہوتا ہی اوسکو
پچھتر رکعت کا ثواب ملتا ہی اور جو بائین ہوتا ہی اوسکو پچاس رکعت کا ثواب ملتا ہی اور پیچھے والی صف کو فقط
پچیس رکعت کا ثواب ہوتا ہی موارف مین لکھا ہی جو کوئی ترک کرے صف اول کو خوف سے اسکے کہ تنگی ہوگی اون
لوگون کو جسکے پاس کھڑا ہوا دوسری صف مین دیگا اوسکو خدا مثل ثواب صف اول کے اور کچھ اوس سے کم نہوگا **مسئلہ**
چاہیے نماز فرض مسجد مین پڑھے کہ ثواب زیادہ ہوتا ہی حضرت صلعم نے فرمایا جو صبح کے وقت مسجد مین جاتا ہی یا شام کے وقت
مہیا کرتا ہی اللہ اوسکے واسطے تحفہ جنت سے جب صبح کو جائے یا شام کو جائے اور بہترین مکانون کا اللہ کے
نزدیک مسجد ہی اور بدترین مکانون کا بازار ہی اور جب مسجد مین جاتے پہلے داہنا پانون داخل کرے حضرت سفیان ثوری
نے ایکبار سہو سے بائین پانون کو پہلے مسجد مین رکھا آواز غیب سے آئی یا ثور وہ بیہوش ہوگئے پھر توبہ کی اور
جب مسجد مین داخل ہو یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ یعنی ای اللہ کھول میرے لیے دروازے
اپنی رحمت کے اور دو رکعت نماز تحیۃ المسجد پڑھے اور جب مسجد سے نکلے پہلے بائین پانو کو نکالے اور یہ کہے
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ یعنی ای اللہ مین تجھسے سوال کرتا ہون فضل تیرے سے اور مسجد مین
دنیا کی باتین نکرے اور سب آداب مسجد کے جیسے کہ بڑی کتابون مین لکھے ہین نگاہ رکھے حضرت صلعم نے فرمایا ایک
زمانہ آویگا لوگون پر کہ باتین دنیا کی مسجد مین کرینگے پس اونکے پاس بیٹھنا اللہ کو اونکی کچھ حاجت نہین اور
کلام دنیا کا مسجد مین مٹاتا ہی نیکیون کو جیسے آگ خشک لکڑی کو کھاتی ہی منبہات ابن حجر مین لکھا ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا
کہ مسجد مین داخل ہونیوالے کی دس خصلتین ہین پہلے محافظت کرے ذکر خدا کی اور نگاہبانی کرے کہ کوئی حق
کی پھر داخل کرے داہنے پانون کو اور جب داخل ہو کہے بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ
وَعَلٰی مَلٰٓئِکَۃِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ وَاَبْوَابَ رَحْمَتِكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَھَّابُ
اور سلام کرے اہل مسجد پر اور اگر کوئی نہو تو کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ وَ
اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اور نگذرے سامنے نمازی کے واسطے

اور نہ داخل ہو مگر ساتھ وضو کے اور نہ کام کرے کام دنیا کا اور نہ کلام کرے کلام دنیا کا اور نہ نکلے یہان تک کہ پڑھے
دو رکعت نماز اور کہے جب کھڑا ہو سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ
وَأَتُوبُ إِلَيْكَ **فائدہ** گھر مین یا دکان مین نماز پڑھنے سے ایک رکعت کا ثواب ایک ہی رکعت کا ہوتا ہی اور محلے
کی مسجد مین پچیس رکعت کا ثواب ہوتا ہی اور جامع مسجد مین پانسو رکعت کا ثواب ہوتا ہی اور مسجد اقصی یعنی بیت المقدس مین پچاس
ہزار رکعت کا ثواب ملتا ہی اور مسجد نبوی مین پچاس ہزار رکعت کا ثواب ہوتا ہی اور مسجد حرام مین لاکھ رکعت کا ثواب
ہوتا ہی **فائدہ** صلوۃ حلبی مین لکھا ہی امام پانچ ہین اور قبلے پانچ ہین امام بدن کا محراب ہی اور امام روح کا قرآن
ہی اور امام قلب کا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور امام فہم کا جبرئیل اور امام عقل کا میکائیل قبلہ بدن کا محراب
اور قبلہ روح کا بیت المعمور اور قبلہ دل کا عرش ہی اور قبلہ فہم کا کرسی اور قبلہ عقل کا کعبہ ہی اور بعض کتابون مین لکھا ہی
کہ قبلہ نماز کا کعبہ ہی اور قبلہ دعا کا آسمان ہی اسی واسطے دعا مین ہاتھ آسمان کی طرف اوٹھاتے ہین **فصل اٹھارہوین**
بیان وتر اور نوافل کے **مسئلہ** وتر مین تین رکعت واجب ہی حضرت نے فرمایا مقرر خدا وتر ہی دوست رکھتا
ہی وتر کو پس وتر پڑھو تم اے اہل قرآن **مسئلہ** آخر رکعت وتر مین بعد سورۂ فاتحہ اور اخلاص کے رفع یدین کرکے
دعائے قنوت پڑھنی چاہیے اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْتَعِينُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ
عَلَيْكَ وَنُثْنِي عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ
يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّي وَنَسْجُدُ وَإِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَ
نَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ إِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ یعنی ای خدا ہم
تجھسے مدد مانگتے ہین اور بخشش چاہتے ہین اور تجھی پر ایمان لاتے ہین اور تجھی پر بھروسا کرتے ہین
اور خوب تعریف کرتے ہین ہم تیری اور شکر کرتے ہین ہم تیرا اور ناشکری نہین کرتے ہم تیری اور چھوڑتے
اور ترک کرتے ہین اوسکو جو گناہ کرے تیرا ای خدا تجھی کو پوجتے ہین ہم اور تیرے ہی واسطے نماز پڑھتے ہین
اور سجدہ کرتے ہین اور تیری طرف دوڑتے ہین اور خدمت کرتے ہین اور امیدوار ہین رحمت تیری کے
اور ڈرتے ہین عذاب تیرے سے مقرر عذاب تیرا کافرون کے ساتھ ملنے والا ہی **مسئلہ** بعد وتر کے دو رکعت
نفل بیٹھکر پڑھے حضرت دو رکعت نماز بعد وتر کے بیٹھکر پڑھتے تھے پہلی رکعت مین إِذَا زُلْزِلَتْ اور دوسری مین

قبل آنکے پڑھتے تھے **مسئلہ** بارہ رکعت نماز سنت موکدہ ہین دو رکعت قبل فجر کے چار قبل ظہر کے اور دو بعد اوسکے
اور دو بعد مغرب اور دو بعد عشا کے حضرت ﷺ نے فرمایا نہین کوئی بندہ مسلمان کہ نماز پڑھتا ہی خدا کے واسطے
ہر دن بارہ رکعت کہ نفل غیر فرض کے ہین یعنی سنت موکدہ ہین مگر بناتا ہی خدا واسطے اوسکے گھر جنت مین فجر کی
سنت کی بہت تاکید ہی حضرت ﷺ نے فرمایا دو رکعت فجر کی بہتر ہین دنیا و مافیہا سے **مسئلہ** چار رکعت قبل عصر اور
چار قبل عشا کے مستحب ہین بعض روایت ضعیف مین یون آیا ہی کہ کسی شخص نے حجاج بن یوسف کو کہ بڑا ظالم
تھا خواب مین دیکھا پوچھا کیا حال ہی کہا اچھا حال ہی سنت عصر کی کبھی قضا نکرتا تھا اوسکے سبب سے چھٹکارا
پایا **سوال** نماز سنتون کا کیا فائدہ ہی **جواب** اصل مقصود نماز خصوص فرض سے حضوری ہی تو پہلے فرض
کی سنت کا یہ فائدہ ہی کہ اوسکو نماز کے ساتھ مناسبت پہلے سے ہو جائے اور دل وسوسہ شیطانی سے پاک ہو رہے
اور اثر غفلت کا دل سے جاتا رہے اور ایک نوع حضوری حاصل ہو جائے اور صلاحیت فرض کی حاصل ہووے
تو نماز فرض کی بہت خشوع اور حضور کے ساتھ ادا کرے اسیواسطے درمیان سنت اور فرض کے کلام دنیا کا ممنوع ہی کہ
دل دوسری طرف متعلق ہو جاتے اور پیچھے کی سنت کا یہ فائدہ ہی کہ جو کچھ قصور اور نقصان فرض مین واقع ہوا ہی سنت کی
جہت سے پورا ہو جائے اسیواسطے بعد فرض کے سنت جلد پڑھنا چاہیے کہ مکمل فرض ہی **سوال** بعد نماز فجر اور عصر
کیون نماز مسنون نہوئی بلکہ نفل مکروہ ہی **جواب** بعد نماز عصر اور فجر کے وقت پرستش آفتاب کا قریب ہو جاتا ہی
کہ کفار وقت طلوع اور غروب کے پوجتے ہین تو بسبب اونکی تشبیہ کے نماز مکروہ ہی نماز قضا البتہ بضرورت جائز ہی اسیواسطے
عین طلوع اور غروب کے وقت سجدہ حرام ہی **نماز تہجد** سنت موکدہ ہی امت پر اور حضرت پر فرض تھی اسیواسطے
حضرت ﷺ نے کبھی ترک نہین کیا اور اگر کبھی فوت ہو گئی ہی تو دن کو بارہ رکعت قضا پڑھین اور نماز تہجد دو رکعت سے کم اور بارہ
سے زیادہ ثابت نہین ہوئی اور ترتیب تہجد پڑھنے کی کتابون مین کئی طور پر لکھی ہی آسان یہ ہی کہ تین بار سورہ قل ہو اللہ
ہر رکعت مین پڑھے اور اگر غنا مطلوب ہو تو ہر رکعت مین ایک بار سے زیادہ کرے یہان تک کہ بارھوین مین بارہ
دفعہ پڑھے اور اگر فقر مرغوب ہو تو پہلی رکعت مین بارہ دفعہ پڑھ کر ہر رکعت مین کم کرے یہان تک کہ بارھوین
رکعت مین ایکبار پڑھے اور حضرت وتر بعد تہجد کے پڑھتے تھے اور سنت یہی ہی جسکو اعتبار اپنے جاگنے پر ہو وہ اسیوقت
پڑھے حضرت ﷺ نے فرمایا نزول رحمت فرماتا ہی پروردگار تمھارا ہر رات آسمان دنیا پر جبکہ باقی رہتی ہی تہائی رات اخیر فرماتا ہی

کون دعا کرتا ہی مجھسے تو قبول کرون مین اور کون مجھسے سوال کرتا ہی کہ عطا کرون مین اوسکو اور کون بخشش چاہتا ہی
مجھسے پس بخشش دون مین اوسے اسیطرح سے طلوع فجر تک اور صحابہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا یا رسول اللہ کون دعا زیادہ حق تعالی کے
حضور مین سنی جاتی ہی آپنے فرمایا اخیر رات مین اور بعد نماز فرض کے اور فرمایا رحم کرے اللہ اوس دیر کو اوٹھا رات سے
پس نماز پڑھی اور جگایا اپنی بی بی کو پس اوسنے نماز پڑھی اگر انکار کیا اوسکے منہ پر پانی چھڑکا اور رحم کرے اللہ
اوس عورت کو کہ اوٹھی رات سے پس نماز پڑھی اور جگایا اپنے شوہر کو پس نماز پڑھی پس اگر انکار کیا چھڑکا
اوسکے منہ پر پانی اور فرمایا اشراف میری امت کے اوٹھانے والے قرآن کے اور اصحاب رات کے ہین
سوال کیا سبب ہی کہ نماز اخیر رات کا بہت ثواب ہوتا ہی **جواب** اخیر رات کی نماز خلوص کے ساتھ
ہوتی ہی اور ریا سے خالی ہوتی ہی اور بسبب تنہائی اور اطمینان کے حضوری خوب ہوتی ہی اور اوسوقت بسبب
غلبہ نوم کے مشقت زیادہ ہوتی ہی اور مزدوری بمقدار محنت کے ہوتی ہی **تنبیہ** ظاہر ہی کہ چوکیدار تین
چار روپیہ کے مشاہرے کے واسطے رات بھر جاگتا ہی اور پہرا دیتا ہی اور پیسنے والی واسطے دو تین پیسے کے آخر
شب سے پیستی ہی حیف صد حیف ہم مسلمانون کے حال پر کہ حق تعالی شب خیزی پر وعدہ مغفرت اور جنت کا فرماتا ہی
ہمسے بسبب سستی اور شامت نفس اور وسوسہ شیطان کے ایک گھڑی کیواسطے اوٹھا نہین جاتا ہی اور جب ارادہ اوٹھنے کا کرتے ہین
شیطان وسوسہ ڈالتا ہی کہ سو رہو ابھی رات بہت ہی اور ہم لوگ اوسکا کہنا مانکر سو رہتے ہین اور ایسے ثواب اور نعمت سے محروم رہتے ہین خدا توفیق
شب خیزی کی عطا کرے **نماز اشراق و چاشت** مالابدمنہ مین لکھا ہی کہ مستحب ہی کہ صبح کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھ کر بلند ہونے
آفتاب تک ذکر مین مشغول رہے اوسوقت دو رکعت نفل پڑھے تو ثواب ایک حج اور ایک عمرے کامل کا پاوے اور
اگر چار رکعت اول روز پڑھے حق تعالی فرماتا ہی کہ آخر دن تک اوسکے واسطے کفایت کرون اور اوسکو نماز اشراق
کہتے ہین اور جب دن چڑھے قبل زوال کے آٹھ رکعت نماز چاشت کی پڑھے اور نماز چاشت کی دو رکعت
اور چار رکعت اور آٹھ رکعت اور بارہ رکعت بھی آئی ہین فرمایا حضرت صلعم نے جو کوئی بارہ رکعت چاشت کی پڑھے
بناویگا اللہ واسطے اوسکے محل سونے سے جنت مین اور فرمایا جو شخص خبرداری رکھے اوپر دو رکعت چاشت کے بخشے
جاوینگے گناہ اوسکے اگرچہ مثل کف دریا کے ہون **سوال** نماز اشراق اور چاشت مین کیا حکمت ہی **جواب**
تاکہ آٹھون پہر عبادت مین گذرے بعد نصف النہار کے پہلے پہر مین نماز ظہر ہی دوسرے پہر مین نماز عصر تیسرے پہر مین

مغرب ہی چوتھے مین عشا پانچوین مین تہجد چھٹے مین نماز فجر ساتوین پہر مین اشراق آٹھوین پہر مین نماز چاشت ہی
اوابین چھ رکعت بعد نماز مغرب کے ہی فرمایا حضرت صلعم نے جو کوئی بعد مغرب کے چھ رکعت پڑھے اور اونکے درمیان
مین کلام نکرے برابر کی جاوینگے ثواب مین واسطے اوسکے ساتھ عبادت بارہ برس کے **صلوۃ التسبیح** مین بہت
ثواب ہوتا ہی حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی سے
فرمایا کہ اے چچا میرے آیا نہ عطا کرون مین تمکو آیا نہ بخشش کرون آیا نہ خبردار کرون آیا نہ سکھاؤن مین تمکو
دہ عمل کہ جس سے دس طرح کے گناہ بخش دیے جاوین جب تم اوس فعل کو کرو بخشے اللہ گناہ تمہارے اگلے
اور پچھلے اور قدیم اور جدید اور خطاً اور عمداً اور صغیرہ اور کبیرہ اور پوشیدہ اور ظاہر اور وہ عمل یہ ہی کہ پڑھے تو
چار رکعت اور پڑھے تو ہر رکعت مین سورہ فاتحہ اور دوسری سورہ پس جب فارغ ہو قراءت سے پہلی رکعت مین
پڑھ تو حالت قیام مین سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ یعنی پاک ہی اللہ اور سب
تعریف اللہ ہی کو ہی اور نہین بندگی کسی کی سواے اللہ کے اور اللہ بڑا ہی پندرہ بار پس رکوع کرو اور اوسکو پڑھو
رکوع مین دس بار یعنی بعد سبحان ربی العظیم کی پھر قومہ مین دس بار اور سجدے مین دس بار اور سجدے سے اوٹھکے
دس بار پھر سجدے مین دس بار پھر سجدے سے اوٹھکر دس بار پس ہر رکعت مین پچھتر مرتبہ ہوتا ہی چار رکعت اسی طرح پڑھو
اگر ہو سکے ہر روز پڑھو ایکبار اور جو نہو سکے تو ہر جمعے کو پڑھو اور یہ بھی نہو سکے تو ہر سال مین ایکبار پڑھو اور نہو سکے
تو عمر مین ایکبار پڑھو **تراویح** بیس رکعت رمضان شریف مین بعد نماز فرض اور دو رکعت سنت عشا اور قبل وتر کے ہر شب
پڑھنا چاہیے اور بعد ہر چار رکعت کے یہ دعا تین بار پڑھنا چاہیے سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ
ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَلَالِ وَالْجَمَالِ وَالْجَبَرُوْتِ
سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِیْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ
یعنی پاک ہی صاحب ملک اور ملکوت کا اور پاک ہی صاحب عزت اور بزرگی اور ہیبت اور قدرت اور کبریائی کا اور
جلال اور جمال اور جبروت کا اور پاک ہی زندہ ایسا کہ نہ اوسکو نیند ہی اور نہ اوسکو موت ہی پاک ہی عیب سے ہی رب ہمارا
اور رب فرشتون اور روح کا اور سنت ہی کہ ختم قرآن مجید تراویح مین کیا جاوے ایک ختم سنت موکدہ ہی دوسرا
فضیلت ہی تیسرا افضل ہی اور فرمایا حضرت صلعم نے جو کوئی قیام کرے رمضان شریف مین رات کو ایمان کے ساتھ

ثواب کے واسطے بخشے جاوینگے گناہ اوسکے اگلے اور پچھلے لیکن حضرت کے وقت مین تراویح اس طرح پڑھنے
اور سبب اسکا یہ تھا کہ حضرت نے چند رات جماعت سے پڑھکر موقوف کی کہ کہین ہم پر فرض ہو جاوے اور ہم سے
ادا نہو سکے پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کا وقت آیا اور خوف فرض ہونے کا جاتا رہا تب حضرت
عمرؓ نے جماعت کے ساتھ تراویح پڑھنے کی تاکید کی اور سب صحابہ کا اسپر اجماع ہو گیا اور سنت موکدہ ہو گئی حضرت نے
فرمایا لازم پکڑو تم میری سنت اور سنت خلفای راشدین مہدیین کی اور تراویح گویا شکرانہ ہی روزے کا واللہ اعلم بالصواب

فصل انیسویں بیان جمعے اور عیدین کے نماز جمعے کی فرض ہی اور فرضیت اوسکی قرآن شریف سے ثابت ہے یَا اَیُّہَا
الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَۃِ فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ وَذَرُوا الْبَیْعَ ذٰلِکُمْ
خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اے ایمان والو جب اذان ہو نماز کے لیے دن جمعے کے تو دوڑو اللہ کی ذکر
اور چھوڑ دو خرید و فروخت بہتر ہی تمہارے حق مین اگر تمکو سمجھ ہو اور احادیث مین جمعے کے بہت فضائل ہین
فرمایا حضرت نے بہتر دن کا کہ جسمین آفتاب طلوع کرتا ہی دن جمعے کا ہی اوسمین آدم پیدا کیے گئے اور اوسی دن جنت
مین داخل کیے گئے اور اوسی دن جنت سے نکالے گئے اور دوسری حدیث مین ہی اور اوسی دن وفات پائی اور قیامت
نہ قائم ہوگی مگر دن جمعے کے اور فرمایا مقرر جمعے کے دن ایک ساعت ہی کہ نہین موافقت کرتا اوسکی کوئی مسلمان
کہ سوال کرتا ہی خدا سے اوسمین کوئی نیکی مگر عطا کرتا ہی خدا اوسکو اور فرمایا کوئی مسلمان نہین مرتا دن جمعے مین
یا رات جمعے مین مگر اللہ بچاتا ہی اوسکو عذاب قبر سے اور فرمایا حضرت نے میرا یہ قصد ہوتا ہی کہ حکم کرون ایک
مرد کو کہ نماز پڑھاوے آدمیون مین اور مین جلا دون اون کے گھرون کو کہ جمعے سے باز رہتے ہین اور فرمایا جو کوئی غسل
کرے دن جمعے کے اور اول وقت حاضر ہو اور پیادہ جاوے اور قریب ہو امام سے اور سنے اور لغو کام نکرے ہوگی واسطے
اوسکے ہر نیکی بقدر ثواب ایک سال کی نماز اور روزے کے اور فرمایا جب ہوتا ہی دن جمعے کا کھڑے ہوتے ہین فرشتے
اوپر دروازے مسجد کے لکھتے ہین پہلے آنیوالے کو پھر پہلے کو اور مثال اوسکی جو اول دوپہر کے آتا ہی ثواب مین
مثل اوس شخص کے ہے کہ قربانی اونٹ کی کی پھر اوسکے پیچھے والا مثل اوسکے کہ گاے کی قربانی کی پھر اوسکے
بعد والا مثل اوسکے کہ مینڈھے کی قربانی کی پھر اوسکے بعد والا مثل اوسکے کہ مرغی کی قربانی کی پھر اوسکے بعد والا
مثل اوسکے کہ انڈے کی قربانی کی پھر جب نکلتا ہی امام خطبے کے لیے تو وہ لپیٹ لیتے ہین صحیفے اوسکے سنتے ہین

یعنی فرشتے ۱۲

ذکر آور فرمایا حضرت صلعم نے جو شخص چھوڑے نماز جمعے کو بغیر ضرورت کے لکھا جاتا ہے منافق بیچ ایسی کتاب کے کہ نہین مٹائی جاتی اور نہین بدلی جاتی **فائدہ** جاننا چاہیے کہ یہود کے مذہب مین شنبے کا دن معظم ہے اور نصاریٰ کی ملت مین یکشنبے کا دن بزرگ ہے اور دین اسلام مین دن جمعے کا کہ دونون سے سابق ہے بہت فضیلت رکھتا ہے تو مسلمانون کو لازم ہے کہ اس دن مین سوای عبادت کے کوئی کام نکرین چھ دن اپنے کاروبار دنیا مین مصروف رہتے ہین ایک دن خدا کی عبادت مین صرف کرنا چاہیے اول وقت انجام جمعے مین مثل غسل اور حجامت اور دھونے کپڑے مین صرف کرین پھر نماز ادا کرین بعد اوسکے کچھ وعظ اور پند کسی عالم کی خدمت مین حاضر ہو کر سنین تا کدورت اور زنگ غفلت کا دفع ہو جاے اور تنبہ حاصل ہووے یہودی شنبے کے روز نیک کامون کی تھی [illegible] شکار مچھلی کا کہ شنبے کو اونکے دین مین ممنوع ہو گیا تھا اون پر عذاب آیا بندر ہو گئے مسلمانون کو چاہیے کہ غضب الٰہی سے ڈرتے رہین اور جمعے کی بہت تعظیم کرین اور جسقدر ہو سکے عبادت اور خیرات کرین اور منہیات شرعی سے بچتے رہین اور حضرت پر درود بھیجین حضرت صلعم نے فرمایا جو کوئی دن جمعے کے مجھ پر درود بھیجتا ہے بیشک میرے سامنے پیش کیا جاتا ہے اور جو کوئی سو مرتبہ دن جمعے کے درود بھیجے بخشے جائینگے گناہ اوسکے اسی برس کے **مسئلہ** شرط واجب جمعے کے تو ہین مقیم شہر مین ہو مسافر نہو صحیح ہو مریض نہو آزاد ہو غلام نہو قیدی نہو مرد ہو عورت نہو عاقل ہو مجنون نہو بالغ ہو لڑکا نہو آنکھ سلامت ہو اندھا نہو پاؤن سالم ہو لنگڑا نہو **مسئلہ** شرط ادا اوسکے ادا کے سات ہین مصر ہو یا اوسکا نواح ہو اور بادشاہ یا نائب اوسکا ہو اور وقت ظہر ہو خطبہ قبل نماز کے اور جماعت تین آدمی کی سوای امام کے اور اذن عام **مسئلہ** جو شرطین جمعے کے ہین وہی شرطین عیدین کے ہین سواے خطبے کے کہ نماز عیدین مین سنت ہے اور بعد نماز کے پڑھنا چاہیے اور نماز عیدین کی واجب ہے **سوال** جمعے اور عیدین مین بادشاہ کیون شرط ہے **جواب** جمعے اور عیدین مین مجمع بہت ہوتا ہے اور مجمع مین سبب تکرار تقدیم اور تاخیر وغیرہ کے خوف فتنے کا ہے اسیواسطے سلطان یا اوسکے نائب کا ہونا ضرور ہے تا فساد نہو **سوال** مصر کیون شرط ہے **جواب** تا کثرت مجمع سے شوکت زیادہ ہو **سوال** خطبہ جمعے کا کیون پہلے نماز کے پڑھتے ہین اور عیدین کا پیچھے **جواب** خطبہ جمعے کا شرط ہے اور شرط مقدم ہے مشروط پر اور اسمین نصیحت اور مذمت دنیا کی ہوتی ہے تا کہ نماز مین دل خدا کی طرف مائل رہے بخلاف

خطبہ عیدین کے کہ وہ شرط نہین ہی اور اوسمین اکثر بیان احکام کا ہی اوسکو پیچھے پڑھنا مناسب ہی **سوال** اسرار
جمعے اور عیدین کے کیا ہین **جواب** فضیلت اور سر جمعے کا اوپر بیان کر چکے عید الفطر شکرانہ روزہ صیام
کا اور عید اضحی شکرانہ ہی اداے حج کا **جواب** دوسر السبب اجتماع مسلمانون کے شوکت اسلام کی ہوتی ہی
اور کثرت انوار باطن مومنون سے رونق ایمان کی ہوتی ہی اور ہر ایک مسلمان کی باہم ملاقات ہوتی ہی زیادتی محبت
کی کہ شرع مین مطلوب ہی ہوتی ہی اسیواسطے حق تعالی نے اوقات اجتماع کے معین کیے ہین نماز پنجوقتی
مین ہر روز پانچ وقت محلے کے لوگ جمع ہوتے ہین اور نماز جمعے مین آٹھوین روز تمام شہر کے لوگ جمع ہوتے ہین
اسیواسطے جمعہ ایک مسجد مین اولی ہی اور عیدین مین تمام شہر اور دیہات کے لوگ ہر سال جمع ہوتے ہین اور حج مین کہ
عمر مین ایکبار فرض ہی تمام عالم کے مسلمان مجتمع ہوتے ہین واللہ اعلم بالصواب

فصل ۱۹ بیچ بیان فضائل حضوری

نماز کے پوشیدہ نرہے کہ جیسے نماز کیواسطے صورت ہی کہ بیان اوسکا کیا گیا اسی طرح ایک حقیقت ہی کہ وہ روح اوسکی
ہی اور حالیکہ نماز مین ہر عمل اور ہر ذکر کے واسطے ایک روح ہی خاص اگر اصل اوس روح کی نہووے نماز مثل آدمی مردہ کے
ہی اور اگر اصل اور روح ہو لیکن اعمال اور آداب تمام نہو وین مثل آدمی بے آنکھ اور کان اور ناک کٹے ہوئے کے
ہووے اور اگر اعمال درست ہون اور روح نہووے اوسکی مثال ایسی ہی جیسے آنکھ ہی لیکن بینائی نہین ہی اور کان ہی سنتا نہین ہی
اور اصل روح نماز کی خشوع اور حاضر رکھنا دل کا ہی سب نماز مین کہ مقصود نماز سے درست رکھنا دل کا ہی خدا کے ساتھ
اور تازہ کرنا ذکر حق تعالی کا بطریق ہیبت اور تعظیم کے جیسا کہ فرمایا وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِي یعنی نماز کھڑی رکھ
میری یاد کو وَلَا تَكُن مِّنَ الْغَافِلِينَ یعنی مت ہو غافلون سے اور فرمایا يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا
الصَّلٰوةَ وَأَنتُمْ سُكَارَىٰ حَتَّىٰ تَعْلَمُوا مَا تَقُولُونَ یعنی اے ایمان والو نزدیک نہو نماز کے جب تمکو نشا
ہو جب تک کہ سمجھنے لگو جو کچھ کہتے ہو وَالَّذِينَ هُمْ فِي صَلٰوتِهِمْ خَاشِعُونَ یعنی اور جو لوگ
اپنی نماز مین ڈرے ہین فرمایا حضرت نے کہ قیامت کے دن پہلے نماز مین نگاہ کرینگے اگر کامل اور شرطون کے
ساتھ ہوگی قبول کرینگے اور دوسرے اعمال تابع اوسکے مین جیسے ہون گے قبول کرلینگے اور اگر نماز ناقص ہوگی
دوسرے اعمال کے ساتھ اوسکے منہ پر پھیر دینگے اور فرمایا جو کوئی اچھی طرح طہارت کرے اور نماز وقت پر ادا کرے
اور رکوع اور سجود تمام بجا لاوے اور دل سے خشوع اور تواضع کرے نماز اوسکی جاتی ہی عرش تک سفید اور روشن

اور کہتی ہی خدای تعالی تجکو نگاہ رکھے جیسا تو نے مجکو نگاہ رکھا اور جو کوئی نماز وقت پر نہین ادا کرتا اور طہارت خوب نہین کرتا اور رکوع اور سجود اور خشوع تمام بجا نہین لاتا وہ نماز جاتی ہی آسمان تک سیاہ ہو کے اور کہتی ہی خدای تعالی تجکو ضائع کرے جیسے مجکو تو نے ضائع کیا اوسوقت خدا کے حکم سے اوسکی نماز کو مثل کپڑے کہنہ کے لپیٹ کر اوسکے منہ پر پھیر مارین اور فرمایا بہت آدمی ہین کہ انکو نماز سے بجز رنج اور ماندگی کے کچھ نصیب نہووے یہ سبب اسکے کہ بدن سے نماز پڑھتا ہی اور دل سے غافل ہی اور فرمایا بہت آدمی نماز پڑھتے ہین اور اوسکی نماز سے زیادہ چھٹے یا دسوین حصے سے نہ لکھین اور اوسی مقدار لکھین کہ جسمین دل حاضر تھا اور فرمایا نماز ایسی ادا کر کہ جیسے کوئی کسیکو رخصت کرتا ہی یعنی اس کے ساتھ آپ کو اور اپنی خواہش کو رخصت کر بلکہ جو کچھ سوای حق کے ہی سب چھوڑدے اور ہمہ تن آپ کو نماز مین دے اور فرمایا حضرت نے جو کوئی دو رکعت نماز پڑھے اور اوسمین کچھ منصوبہ دنیا کا نلاوے بخشے جائینگے گناہ اوسکے اگلے اور پچھلے ایک روز حضرت نے ایک شخص کو دیکھا کہ نماز مین ہاتھ اوٹھا داڑھی پر پھیرتا تھا آپنے فرمایا اگر دل اوسکا خشوع کے ساتھ ہوتا تو ہاتھ اوسکا دل کی صفت کے ساتھ ہوتا یعنی ہاتھ داڑھی پر نہ پھیرتا اور فرمایا کہ پرستش کر اپنے رب کو ایسے کہ تو اوسکو دیکھتا ہی اور اگر ایسا نہو کہ تو دیکھتا ہی پس ایسی پرستش کر کہ وہ تجکو دیکھتا ہی اور بندہ جب کھڑا ہوتا ہی طرف نماز کے تو وہ خدا کے سامنے ہوتا ہی جب اور طرف لحاظ کرتا ہی خدا اوسکو کہتا ہی کسکی طرف دیکھتا ہی آیا جسکی طرف دیکھتا ہی وہ بہتر ہی واسطے تیرے مجھسے ای بیٹے آدم کے میری طرف منہ کر پس مین بہتر ہون واسطے تیرے اوس سے کہ جسکی طرف دیکھتا ہی اور نماز کے معنی لغت مین دعا کے ہین تو گویا سب عضو نمازی کے زبان ہین کہ اوس سے دعا کرتا ہی اللہ کی درگاہ مین ظاہر اور باطن مین عاجزی کے ساتھ اور بدلنا شکلون کا یعنی رکوع اور سجود وغیرہ کا گویا خوشامد عاجز اور سائل اور محتاج کی ہی اپنے مالک سے جب وہ اپنے تمام بدن سے دعا کریگا مولا اوسکا قبول کریگا اسواسطے کہ اوسنے وعدہ کیا ہی کہ تم مجسے دعا کرو مین قبول کرونگا اور فرمایا حضرت نے پناہ مانگو خدا سے خشوع نفاق سے صحابہ نے پوچھا خشوع نفاق کیا ہی فرمایا خشوع بدن اور نفاق دل کا یعنی بظاہر بدن سے تذلل اور خواری کرے اور دل حاضر نہین اخبار مین وارد ہوا ہی مقرر جب بندہ کھڑا ہوتا ہی نماز کیواسطے اوٹھا دیتا ہی اللہ حجاب درمیان اپنے اور بندے کے اور سامنے ہوتا ہی اپنے وجہ کریم کے ساتھ اور کھڑے ہوتے ہین فرشتے اوسکے مونڈھے کے پاس سے

آسمان تک اور نماز پڑھتے ہین اوسکی نماز کے ساتھ اور آمین کہتے ہین اوسکی دعا پر اور بتحقیق پھیلائی جاتی
نیکی نمازی پر چوتھے آسمان سے اوسکے سر تک اور پکارتا ہی پکارنیوالا کہ اگر جانے نمازی اوسکو کہ جسکی مناجات کرتا ہی
نہ دیکھے دوسری طرف عوارف مین ہی کہ نماز مین چار ہیئت اور چھہ ذکر ہین چار ہیئت قیام اور قعود اور رکوع اور
سجود ہی اور چھہ ذکر تلاوت قرآن اور تسبیح اور تحمید اور استغفار اور دعا اور درود ہی سب دس چیزین ہوئین اور
متفرق کرتا ہی خدا ان دس چیزون کو اوپر دس صف فرشتون کے کہ ہر صف مین دس ہزار فرشتے [illegible]
جمع ہوتا ہی دو رکعت مین اسقدر ثواب کہ متفرق ہو دو لاکھ فرشتون پر روایت کی [illegible] نماز مین [illegible]
نہ پہچانے نمازی [illegible] داہنے اور بائین [illegible] کو اور [illegible] کہ نماز مین [illegible] عرب مین
عقل کا نزدیک [illegible] اور [illegible] نفس کا [illegible] ارکان کے [illegible] صورت [illegible]
حضور عقل سے [illegible] ہوتا ہی اور خشوع نفس سے [illegible] ہین اور آداب ارکان [illegible]
ثواب حاصل ہوتا [illegible] نماز [illegible] اور [illegible]
عقل کے رو نمازی [illegible] نفس کے وہ نمازی [illegible] اور [illegible] آداب ارکان [illegible]
نماز کی حالت [illegible] ثواب ہی اور چار چیزون [illegible] نماز [illegible] ساتھ [illegible] کیا گیا
آپنے فرمایا کون چوری [illegible] خدا اور رسول [illegible] بدترین چوری [illegible]
کرے مرد اپنی نماز مین [illegible] کون ہے کہا مرد اپنی نماز مین کیونکر [illegible] پورا نہ کرے رکوع اور سجود اور نہ
اور نہ قراءت [illegible] بعض انبیا کی طرف [illegible] نماز مین کھڑا ہو تو اپنے دل سے خشوع اور بدن سے
خضوع اور آنکھون سے آنسو [illegible] قریب [illegible] اور کہا ابو الخیر نے مین نے دیکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کو خواب مین پس کہا مینے یا رسول اللہ آپ مجکو وصیت فرمائیے آپنے فرمایا [illegible] نماز کو پس
مینے طلب وصیت کی اپنے رب سے [illegible] مجکو وصیت کی نماز کی اور کہا مقرر مین [illegible] نزدیک ہوتا ہون تجھسے
نماز مین اور فرمایا ابن عباس نے دو رکعت تفکر کے ساتھ بہتر ہی رات بھر کی نماز سے حضرت سفیان ثوری
فرماتے ہین جو نماز مین خاشع نہو نماز اوسکی درست نہوئی حضرت حسن بصری فرماتے ہین جو نماز کہ دل اوسمین حاضر نہو
عذاب سے نزدیک ہی معاذ بن جبل فرماتے ہین جو کوئی نماز مین عمدا داہنے اور بائین دیکھے کہ کون کھڑا ہی نماز درست نہوگی

امام ابی حنیفہ اور امام شافعی اور اکثر علما اگرچہ کہتے ہین کہ نماز درست ہی جو وقت تکبیر اولی کے دل حاضر ہو لیکن حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین یہ فتوی بسبب ضرورت کے کیا ہی کہ غفلت خلق پر غالب ہی اور یعنی درستی کے یہ معنی ہین کہ تلوار اوس سے اوٹھہ گئی یعنی نماز کیواسطے دنیا مین پکڑ نہو گی لیکن توشۂ آخرت کے واسطے اس قدر چاہیے کہ دل حاضر ہو دو نسبت ازمین اور جو نماز پڑھے اور دل فقط وقت تکبیر کے حاضر ہو امید ہی کہ حال اوسکا بہتر ہو اوس شخص سے کہ جو بالکل نماز نہ پڑھے لیکن یہ بھی خوف ہی کہ حال اوسکا بدتر ہو اسواسطے کہ جو خدمت سستی کے ساتھہ کرتا ہی اوسپر بھی زیادہ گرفت ہی نسبت اوس کے کہ ہرگز خدمت مین نہین آتا ہی فقیر یہ کہتا ہی کہ یہ زمانہ خیر غفلت کا ہی اسوقت اگر وقت تکبیر اولی کے دل حاضر رکھے اور خیال اور خطرات دفع کرنا چاہیے اور حتی الوسع اس امر مین کوشش کرے تو حق تعالی کی درگاہ سے امید ہی کہ نماز اوسکی قبول کرے مگر وہ شخص کہ بالکل غفلت سے پڑھے اور کچھہ بجا نہ لا آداب نماز اور خشوع اور حضور کا نہین کرتا اوسکی مقبولیت مین اشتباہ ہی خدا چاہے اپنے فضل و کرم سے قبول کرے **تنبیہ** جنکو وسوسہ اور خطرہ نماز مین بہت آتا ہی اونکو چاہیے کہ یہ تاکید حضوری کی سنکر دہشت نکرین اور نماز نہ چھوڑ دین کہ نماز بے حضور کے بیکار ہی اور حضوری ہمکو حاصل نہین ہوتی پس نماز بلا حضور بیفائدہ ہی بلکہ اپنی ہمت مضبوط رکھین اور نماز پڑھے جاوین اور حضوری مین کوشش کرین اور طرق تدبیر حضوری کی جو آگے بیان کی جاتی ہی کرین اور فقیرون اور کاملون کی صحبت حاصل کرین خدا کے کرم سے اونکو حضوری حاصل ہوگا من جد وجد جس نے کوشش کی اوس نے پایا ہی اور ہر حال نماز بہتر ہی بے نماز سے اور کمال حضوری کاملون کو حاصل ہوتا ہی اسی واسطے ہر گروہ کے حضور مین تفاوت ہوتا ہی جسکو خدا سے جسقدر قرب ہوتا ہی ویسی قدر حضور زیادہ ہوتا ہی عوام الناس کو تھوڑا حضور ہوتا ہی اولیا کو اوس سے زیادہ عارفون کو اور زیادہ اور انبیاؤن کو اوس سے زیادہ ہوتا ہی چنانچہ حضور کے دس درجے ہین بطریق ترقی کے ادنی سے طرف اعلی کے لکھا جاتا ہی اول آگاہ ہونا ساتھہ ارکان نماز کے یعنی جس رکن مین ہو اوسی کے خیال مین رہے دوسرے اجمالاً اپنے تئین حضور حق مین جاننا اور خدا کو متوجہ اور خبردار اپنے احوال سے بوجھنا تیسرے اسرار رکوع اور سجود وغیرہ جسطرح سے کہ اوسکا ذکر آویگا موافق اپنے حال کے سمجھنے چوتھے معنی تسبیح اور قرات کے سمجھکر مناجات اور زاری مین کوشش کرنا اور مقام عتاب مین ڈرنا اور مقام رحمت مین امیدوار ہونا اور مقام قصص وغیرہ مین عبرت پکڑنا پانچوین مصداق اون معانی کا دنیا اور آخرت مین دل سے دیکھکر لذت اور کیفیت اوسکی لینا اور ایک جہان سے دوسرے جہان کی سیر نظری کرنا یہ درجات نماز مسلمان عالمون اور جاہلون کے ہین چھٹے تکبیر تحریمہ کو موت اختیاری

مشانیوالی لذات اور علاقہ دنیا کی بوجھکر قدم ہمت کا عالم ملکوت مین رکھکر وہان کی تجلی سے فائدہ مند ہونا اور آداب اور حضور اور ارکان اور ذکر کی موافقت کرنا اور یہ نماز اولیا کی ہے ساتوین مقام علیین سے مقام عرش تک پہونچکر تجلیات سے ملکر مشاہدہ حضرت رحمانیت کا کرکے موافق ظاہر ہونے فیوض جلالی اور جمالی کے آداب اور ارکان عمل مین لانا یہ نماز فرشتون کی ہے آٹھوین انوار اسمای الہی اور اخلاق ربانی سے کہ کلام الہی مین ظاہر ہوے ہین آراستہ ہوکر اور اونکے اسرار دنیا اور آخرت مین مشاہدہ کرکے اور اشارات قدرت اور حکمت کو سمجھکر اوسکے ادای شکر مین رکوع اور سجود بجا لانا یہ نماز عارفون کی ہے نوین اپنے تئین ساتھ برکت اطاعت کے بیچ صف انبیا کے پوہنچا کر انھین بزرگون کے ساتھ کمال محرمیت اور خصوصیت سے اپنے تئین مخاطب خدا کے کلام کا پانا یہ نماز انبیا کی ہے دسوین منزل مقام فنای حقیقی مین خودی سے خالی ہوکے ساتھ نماز الہی کے داخل ہونا اور بیان نماز الہی کا طویل ہے اور ہر شخص کے خیال مین نہین آسکتا اسواسطے ترک اسکے بیان کا اس مقام پر مناسب معلوم ہوا

فصل ۲

بیان اسرار نماز کے پوشیدہ نرہے کہ نماز مین ہر رکن اور عمل اور ذکر کے سر کا لحاظ چاہیے ہر عمل اور ذکر کے واسطے جیسا ایک ظاہر و صورت ہے ویسا ہی ایک روح اور سر ہے کہ بدون اوسکے نماز مثل آدمی بے جان کے ہے اور اوس کی محافظت ضروری ہے اور دل کو حاضر رکھنا چاہیے اور خشوع اور خضوع مین کوشش لازم ہے تا نماز مین کیفیت حاصل ہو اور نماز کامل ہوجائے اور سر اذان اور وضو کے بخوبی بیان کرچکے **طہارت** ظاہر اسکا یہ ہے کہ بدن اور کپڑا اور جگہ پاک ہو نجاست حقیقی اور حکمی سے اور روح اور سر اسکا یہ ہے کہ دل کو پاک کرنا چاہیے نجاست گناہ سے ساتھ توبہ اور پشیمانی کے جیسا کہ تن جگہ ظاہر نماز کی ہے دل جگہ حقیقت نماز کی ہے **ستر عورت** ظاہر اسکا یہ ہے کہ اعضای شرم کو نظر خلق سے چھپانا سر اسکا یہ ہے کہ برائی باطن کو حق سے چھپانا اور ظاہر ہے کہ اوس سے کوئی چیز چھپ نہین سکتی سوا ہی اس بات کے کہ اپنے باطن کو اوس برائی اور بدی سے بالکل پاک کرے اور دل سے وہ خیانت دور کرے اور پردہ شرم اور توبہ کا اوسپر چھوڑے **استقبال قبلہ** ظاہر اسکا یہ ہے کہ منہ ظاہر اپنا قبلے کی طرف کرے اور سر اور روح اسکا یہ ہے کہ منہ دل کا دونون عالم سے خدا کی طرف مشغول کرے جیسا قبلہ ظاہر کا ایک ہے ویسا ہی قبلہ دل کا بھی کہ ذات خدا ہے ایک ہی جیسا قبلہ ظاہر کی طرف سے منہ پھیرنے سے نماز فاسد ہوتی ہے ویسا ہی منہ دل کا قبلہ باطن کی طرف سے پھیرنے سے نماز حقیقت کی ناجائز ہوتی ہے اسیواسطے فرمایا حضرت نے جو کوئی نماز مین کھڑا ہو اور خواہش اور منہ اور

دل اوسکا خدا کے ساتھ ہو نماز سے ایسا فارغ ہو جیسے مان کے پیٹ سے پیدا ہوا ہی **قیام** ظاہر اسکا یہ ہی
کہ خدا کے سامنے سر ڈالے ہوئے غلامون کے مانند بہت آداب اور تعظیم سے کھڑا ہو اور سر اسکا یہ ہی کہ دل ہر خیال اور وہم
سے باز رہے اور خیال عظمت بادشاہ حقیقی کا پیش نظر رکھے اور یاد کرے کہ اسیطرح قیامت کے روز حق تعالی کے سامنے
کھڑا ہونا ہوگا اور سب پوشیدہ بات اوسپر ظاہر ہو جائیگی **تکبیر تحریمہ** ظاہر اسکا یہ ہی کہ زبان سے اللہ اکبر کہے اور سر اسکا یہ ہی کہ دل سے عظمت اور بزرگی
خدا کے لحاظ رکھے بلکہ اپنے تئین اوسکی عظمت اور کبریائی مین ایسا محو کر دے کہ دل اوسکا روشن ہو جائے اور مقابلہ اوسکے
سب مخلوق مثل رائی کے ہو جائے اور کوئی وسوسہ اور خطرہ نہ آنے پاوے اخبار مین آیا ہی مقرر جب مومن وضو کرتا ہی
دور ہو جاتے ہین شیاطین کنارے زمین کے اوس سے ڈر کر اسواسطے کہ وہ آمادہ ہی بادشاہ حقیقی کی حضوری
کے واسطے جب اللہ اکبر کہتا ہی درمیان اوسکے اور ابلیس کے پردہ ڈالا جاتا ہی کہ وہ اوس نمازی کی طرف نہین دیکھ سکتا ہی
اور حق تعالی اوسکی طرف متوجہ ہوتا ہی اور اوسکے دل کی طرف ایک فرشتہ نگاہ کرتا ہی جب نہین دیکھتا ہی اوسکے
دل مین سوای خدا کے کوئی بزرگ تو کہتا ہی سچا ہی تو تیرے دل مین سوای خدا کے کوئی بڑا نہین اور اوسکے دل سے ایک
نور روشن ہوتا ہی اور پہونچتا ہی ملکوت عرش تک اور روشن ہوتے ہین اوسکے سبب اوس نور کے ملکوت زمین اور آسمان کے
اور لکھی جاتی ہین واسطے اوسکے برابر اوس نور کے نیکیان اور مقرر جب غافل اور جاہل کھڑا ہوتا ہی واسطے نماز کے
جمع ہوتے ہین اوسکے پاس شیاطین جیسے مکھیان شہد پر جمع ہوتی ہین پس جب اللہ اکبر کہتا ہی خبر دار ہوتا ہی فرشتہ
اوسکے دل پر پس اگر ہوتی ہی کوئی شی اوسکے دل مین بزرگ زیادہ اللہ سے وہ فرشتہ کہتا ہی جھوٹا ہی تو نہین اللہ تعالی
بزرگ تیرے دل مین جیسا تو کہتا ہی پس اوٹھتا ہی اوسکے دل سے دھوان پہونچتا ہی جیسے آسمان تک سبب ہوتا ہی
حجاب اوسکے دل کو ملکوت سے پس زیادہ ہوتی ہی سختی اوسکے حجاب کی اور جاتا ہی شیطان اوسکے دل مین اور پھونک مارتا ہی
اوسمین اور وسوسے ڈالتا ہی یہانتک کہ فارغ ہوتا ہی اپنی نماز سے اور نہین جانتا کہ کیا کیا پڑھا اوس مین
ہاتھ باندھنا ظاہر اسکا یہ ہی کہ ناف کے نیچے داہنا ہاتھ بائین ہاتھ پر رکھے اور دستور ہی کہ بادشاہون کے
آگے دست بستہ کھڑے ہوتے ہین اور اسکے سر کے بیان مین عوارف مین نکتہ عجیب اور سر غریب لکھا ہی خلاصہ اوسکا
یہ ہی کہ حق تعالی نے انسان کو اشرف مخلوقات کیا ہی اور سب کائنات مین برگزیدہ کیا ہی اور اوسمین وجود بنائے ہین
ایک آسمانی وہ روح ہی دوسرا زمینی وہ جسم ہی اور اسمین اسرار آسمانی اور زمینی رکھے ہین پس اوپر کے جسم مین اسرار آسمانی

ہین اور وہ محل روح کا ہی اور نیچے کے جسم مین اسرار زمینی ہین اور وہ محل نفس امارہ کا ہی تو جب یہ بندہ نماز کے
واسطے کھڑا ہوتا ہی پس روح اور نفس مین جھگڑا ہوتا ہی ہر ایک چاہتا ہی مین اسکو اپنی طرف کھینچون نفس
چاہتا ہی مین وسوسے مین ڈالون اور روح چاہتی ہی مین مشاہدہ حق مین لیجاؤن پس یہ بندہ کشاکش مین
پڑتا ہی اور حیران ہوتا ہی پس ہاتھ باندھنے سے نفس اور اسکے ساتھ تھک جاتا ہی اور اپنی کشش سے باز رہتا ہی
اور مغلوب ہو جاتا ہی اور روح غالب ہوتی ہی اور کیفیت مشاہدے اور حضوری کی حاصل ہوتی ہی **قرارت**
اور اذکار ظاہر اسکا زبان سے پڑھنا ہی سر اسکا یہ ہی کہ دل سے معنی اسکے جیسے بیان کیے جائین گے
برابر سمجھے جاوے اور عاجزی کرے آیت ثواب پر امیدوار رحمت ہو آیت عذاب پر ڈرے آیات قصص سے
عبرت پکڑے اور کیفیت حاصل کرے بعض بزرگون سے منقول ہی کہ جب قرارت نماز مین شروع کرے تصور
کرے کہ گوش دل حق تعالی سے سنتا ہون یا اللہ کو سناتا ہون اور ٹھہر کے پڑھے اللہ تعالی فرماتا ہی
وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا یعنی ٹھہر ٹھہر کر پڑھ قرآن صاف **رکوع** ظاہر اسکا سر جھکانا ہی سر اسکا دل کی
عاجزی ہی مالک حقیقی کے سامنے اور یہ کہ سر حاضر ہی تیری حضور مین تو جو چاہے سو کرے **سجدہ** ظاہر اسکا
خاک پر رکھنا ہی سر اسکا یہ ہی کہ بسبب خاکساری کے اپنے عمدہ عضو کو کہ سر ہی خاک پر کہ نہایت پست اور ذلیل ہے
رکھ دیا ہی اور اصل انسان کی خاک ہی پھر اسمین جاتا ہی اور رکوع اور سجود مین اس قدر ٹھہرے کہ کیفیت اوسکی
حضوری حاصل ہو کہ یہ نہایت مقام قرب کا ہی **قعود** ظاہر اسکا بیٹھنا ہی اور سر اسکا یہ ہی کہ بہت ادب سے بیٹھ کر مناجات
اور عرض حاجات کرے **سلام** ظاہر اسکا داہنی اور بائین طرف لفظ سلام کے ساتھ منہ پھیرنا ہی اور سر اسکا
یہ ہی کہ اس عالم ظاہری مین سفر باطنی سے واللہ اعلم بالصواب **فصل بائیسوین کیفیت نماز حضوری کے** ہر مسلمان
کو لائق ہی کہ حقیقت نماز کی اسطور پر سمجھے کہ حق تعالی نے مجکو تمام پیدایش مین بہتر پیدا کرکے بڑی تاکید سے
واسطے حاضر ہونے دربار کے پانچ وقت اذن مطلق دیا ہی اور محتاج اور کے اذن کا اور احسان منت اجازت دربان کا
نصیب نہین کیا اور بغیر حاضری پر علاوہ سخت عتاب کا فرمایا پھر چاہیے جب اذان سنے جلد اٹھے اور مسجد کی طرف
روانہ ہو اور اگر وضو نہو اور گھر سے وضو کرکے چلے ثواب زیادہ ہی ورنہ مسجد مین آگے جسطرح سے بیان کیا ہی وضو کرے
اور جتنے قدم چلے ہر ایک کو قدم سمجھے کہ قصد مناجات اور عرض حاجات کا دل مین مقرر کرکے اس بادشاہ حقیقی

خالق کون و مکان کے دربار مین بہت تعظیم اور آداب اور نیت خالص کے ساتھہ قبلے کی طرف کہ منشا اصل آدمی کا کہ زمین ہی وہین سے پھیلایا گیا ہی متوجہ ہوا اور باطن کو حق کی طرف کہ منشا روح آدمی کا ہی متوجہ کرکے کھڑا ہو اور اس کھڑے ہونے سے یہ ارادہ کرے کہ مین اوس کے دین مین مستقیم ہوا اور منہ عرض اور التفات کا اور طرف سے پھیر کرکے کہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ یعنی اللہ بہت بڑا ہی تو اوسی وقت وہ بادشاہ عالیجاہ اپنے بندے کے ارادے پر خبردار ہو کے عنایت خاص فرماتا ہی اور دونون ہاتھہ کان تک اوٹھا دے اور یہ سمجھے کہ مینے دونون عالم سے ہاتھہ اوٹھایا اور سواے خدا کے کوئی بزرگ نہین ہی اور سواے اوسکی ذات کے کسی سے علاقہ نہین پھر ہاتھہ باندھ کر ثنا پڑھے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ یعنی ساتھہ پاکی کے یاد کرتا ہون مین تجکو اے خدا اور ساتھہ حمد تیری کے اور بہت خوبیون کا ہی نام تیرا اور بہت برتر ہی مرتبہ تیرا اور نہین کوئی معبود سواے تیرے اور یہ دعا پڑھنی سنت ہی جاننا چاہیے جس قدر کلام تعظیم اور توحید کے اوس بندے کی زبان سے صادر ہوتے ہین عنایت شاہی اوس بندے پر دو چند نازل ہوتی ہی اوسی وقت نزول رحمت شاہی ہی مین کہ حضوری میسر ہی دل حاضر کرکے حاجات عرض کرے لیکن پہلی عرض سے مضمون دفع شیطان کا کہ وہ خارج اور بڑا دشمن ہی ہوشیار ہوکر دل مین لاوے اور زبان سے کہے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ یعنی پناہ مانگتا ہون مین ساتھہ خدا کے شیطان مردود سے حق تعالی نے فرمایا ہی وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ یعنی جب قرآن پڑھے تو پس پناہ مانگ تو ساتھہ خدا کے شیطان راندے گئے سے پھر کہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ یعنی شروع کرتا ہون مین ساتھہ نام اللہ کے کہ مہربان ہی رحم والا یہ شروع ہی عرضداشت کا پھر حق تعالی کی نعمت کا کہ بندے کو عنایت کی ہی ملاحظہ کرکے اوسکی حمد کہے اور اپنے دل کو اوسکی طرف متوجہ رکھے اور یہ عرضداشت کرے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ یعنی سب تعریف اللہ کو ہی کہ پروردگار سارے جہان کا ہی پھر اوسکی مہربانی اور رحم پر لحاظ کرکے یہ کہے اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ یعنی بہت مہربان نہایت رحم والا ہی پس اوسکی رحمت کا امیدوار ہوا اور چونکہ ایمان درمیان خوف و رجا کے ہی پھر اوسکے جلال اور عظمت کا لحاظ کرکے مواخذے اور محاسبے روز حساب سے ڈر کر کہے مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ یعنی مالک دن انصاف کے

دن کا یعنی قیامت کا دستور ہی کہ جب بادشاہون کے دربار مین حاضر ہوتے ہین تو پہلے اونکے آداب شاہانہ اور ثنا اور صفت بجالاتے ہین پھر اوسکی نذر اور نیاز گذرانتے ہین اوسکے بعد عرض حاجت کرکے امیدوار انعام اور بخشش کے ہوتے ہین اسطرح جب اوسکی ثنا اور صفت سے فارغ ہوا اور سبب کمال توجہ شاہی کے رتبہ مشاہدہ اور مخاطبے کا بادشاہ سے حاصل کیا تو اب چاہیے کہ اتنا اخلاص دلی کہ یہ تحفہ اور نذر اس درگاہ بادشاہ حقیقی کا ہی پیش کرے اور کہے اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ یعنی تجھیکو پوجتے ہین ہم اور تجھسے مدد چاہتے ہین ہم غرض یہ کہ اس عبادت اور استعانت مین تیرے غیر سے بالکل منہ پھیرا جب ثنا اور صفت اور اظہار اخلاص سے فارغ ہوا اور عنایات شاہی بہت شامل حال بندہ کے ہوئی اور امیدوار انعام شاہی کا ہوا تو گویا اب ایسا ہوتا ہی کہ طلب کر جو کچھہ تجکو ہم سے طلب کرنا ہی تو وہ بندہ بہت زاری اور عاجزی سے یہ عرض حاجت کرے اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ یعنی چلا ہمکو راہ سیدھی راہ اون لوگون کی جن پر تونے فضل کیا نہ جن پر غصہ ہوا اور نہ بہکنے والے پس اس سوال ہدایت اور گریز اہل غضب اور ضلالت سے یہ قصد کرے کہ حب اور بغض اور خواہش اور نفرت میری سب تابع تیری جناب کی ہی پھر واسطے مقبول ہونے اس دعا کے یہ کہے اٰمِیْنَ یعنی قبول کر اسکو **فائدہ** یہ عرضداشت حق تعالی نے اپنے بندون کی زبان سے فرمایا کہ جسوقت جی چاہے اسطرح کہا کرین بعد اوسکے آمین کہنا مسنون ہی نہ جزو قرآن بالاتفاق اور حدیث مین وارد ہوا ہی کہ حق تعالی فرماتا ہی کہ تقسیم کی گئی نماز درمیان میرے اور میرے بندے کے نصفا نصف پس جسوقت کہتا ہی بندہ بسم اللہ الرحمن الرحیم فرماتا ہی خدا بزرگی کی بندے میرے نے پس جب کہتا ہی الحمد للہ رب العلمین فرماتا ہی حق تعالی حمد کی میری بندے میرے نے جب کہتا ہی الرحمن الرحیم فرماتا ہی ثنا کی مجھہ پر بندے میرے نے جب کہتا ہی مالک یوم الدین فرماتا ہی سب کام میرے سپرد کیے بندے میرے نے جب کہتا ہی ایاک نعبد وایاک نستعین فرماتا ہی یہ بات درمیان میرے اور بندے میرے کے ہی جب کہتا ہی اہدنا الصراط المستقیم آخر سورہ تک فرماتا ہی یہ سب بندے کے واسطے اور اوسکے واسطے ہی جو چیز طلب کرے پس نماز صلہ ہی درمیان خدا اور بندے کے اور جب یہ بات ثابت ہوئی تو بندے کو لازم ہی کہ خشوع کرے واسطے غلبہ ربوبیت کے اور عبودیت کے پھر بعد سورہ فاتحہ کے کوئی سورہ ضم کرے کہ واجب ہی اور اس مقام پر سورہ اخلاص لکھی جاتی ہی دو وجہ سے

ایک یہ کہ اکثر عوام الناس نماز مین اسی کو پڑھتے ہین دوسرے یہ کہ توحید اور صمدیت اللہ کی اور بیچونی اور بزرگی اوسکی
اس سورت مختصر مین خوب ہی قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ یعنی کہہ تو خدا ایک ہی اَللّٰهُ الصَّمَدُ خدا بے نیاز ہی کسی سے پرا نہین
کہتا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ یعنی نہ کسی کو جنا ہی نہ کسی سے جنا گیا ہی اور نہین اوسکے
جوڑ کا کوئی پھر رکوع کرے یعنی نہایت عظمت اوسکی دیکھ کر اپنی پشت کو خم کردے اور اوسکے آگے سر جھکاوے
اور شرم سے مثل بندہ گنہگار کے گردن سامنے ڈال دے یا یہ کہ جب بندے نے دست بستہ اپنی عاجزی اور
مفلسی اور اوسکی بڑائی بیان کی اور امیدوار ہو کر کچھ طلب کیا پھر جب عنایت اوس بادشاہ کی معلوم کی تو بہت
ادب پابوسی کے واسطے جھک جائے اور نہایت تعظیم سے تین بار یا پانچ بار یا زیادہ اس سے گر طاق ہو یہ کہے
سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ یعنی پاک ہی پروردگار میرا کہ بزرگ ہی یہ کہنا سنت ہی **فائدہ** جب آیت فَسَبِّحْ بِاسْمِ
رَبِّكَ الْعَظِیْمِ نازل ہوئی یعنی پس پاکی بول اپنے رب کے نام کے ساتھ کہ سب سے بڑا ہی اوسوقت حضرت صلعم نے فرمایا
اسکو اپنے رکوع مین داخل کرو پھر بعد رکوع کے سیدھا کھڑا ہو جائے اور کہے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ
یعنی سنی اللہ نے اوسکی بات جسنے حمد کی اوسکی اگر مقتدی یا منفرد ہو کہے رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ یعنی ای رب
ہمارے تیرے ہی واسطے حمد ہی اور اس قومہ مین یہ ارادہ کرے کہ مین اس عاجزی مین مستقیم اور راست
ہون اور قومہ واجب ہی پھر کمال عالی مرتبہ حق کا اور ذلت اور خواری اپنی ملاحظہ کرکے سجدہ کرے
اس طور سے کہ پہلے زمین پر دونون زانو رکھے پھر دونون ہاتھ پھر ناک پھر پیشانی رکھے اور یہ سمجھے
کہ مین نہایت عاجزی سے خاک کی برابر ہون اور یہ خاکساری دلیل ہی کمال قرب کی اسواسطے کہ کمال تقرب
کہ مقدور بشر کا ہی یہی ہی کہ اشرف اعضا اپنے کو اسقدر پست کرے کہ اپنی اصل خاکی تک پہونچا دیوے اور عذر
اپنے تقصیرات کا پیش نظر رکھے یا یہ خیال کرے کہ مین کمال شوق اور ذوق سے اپنے بادشاہ حقیقی کے قدمبوسی کرتا ہون
اور بساط دونون جہان کا لپیٹے اور کشادہ کرے اپنے دل کو مقام مکاشفے مین اسواسطے کہ یہ مرتبہ کمال وصل
کا ہی اور نہایت ادب سے تین بار یا پانچ بار یا سات بار کہے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی یعنی پاک ہی رب میرا کہ بہت
برتر ہی **فائدہ** جب آیت سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی نازل ہوئی یعنی پاکی بول اپنے رب کے نام کی کہ سب سے
برتر ہی حضرت صلعم نے فرمایا اسکو اپنے سجدے مین داخل کرو پھر بعد سجدے کے پہلے پیشانی پھر ناک اوٹھاکے کمال

ف اکیلا نمازی سمع اللہ لمن حمدہ ربنا لک الحمد دونون کہے اور امام سمع اللہ لمن حمدہ اور مقتدی ربنا لک الحمد ۱۲ منہ

ع [illegible] ۱۲

ادب سے بیٹھ جاوی اور چونکہ سجدہ نہایت مقام قرب اور ظہور تجلیات جمال شاہی کا ہی اور اس سے سیری نہین
ہوتی اور شاید کچھ عجز و نیاز زبانی رہ گیا ہو اور یہ بندہ بسبب ہیبت کے بعضے مضمون اخلاص کے بزبان حال نہین کہنے پایا
اسواسطے حکم ہوا کہ ایکدم ٹھہر کے بار دگر بہت ذوق سے پھر سجدے مین جائے اور دوسری بار عجز و نیاز کرے
اور بھی یہ سجدہ دوسرا دلیل ہی اوپر دفع تکبر کے بسبب حصول قرب کے پھر سر اوٹھاکے اسی طرح دوسری رکعت پڑھے
بعدہ اخیر رکعت مین بعد سجدے کے بیٹھ جائے گویا یہ بندہ جب سب خدمت اور آداب بجا لایا اور عرض نشست
او تعظیم اور عرض حاجات اور تسبیح موافق اپنے حوصلے کے کر چکا تو قابلیت بیٹھنے کی حاصل کی اگرچہ بیٹھنا
ایسے بادشاہ عالیجاہ کے روبرو ترک ادب ہی لیکن مضمون اوسکا مثلا یون سمجھنا چاہیے کہ جب بندہ بادشاہ کے
حضور مین ممتاز ہوتا ہی اور اوسکا عجز و نیاز قبول ہوتا ہی اوسکو اجازت بیٹھنے کی ملتی ہی اوسواسطے بجا لانے
خدمت کے پایہ کہ منتظر حکم کا ہی اور اس حال مین بھی بادشاہ کی ثنا کرے وزیر کو کہ جو باعث اسکی رسائی کا
بادشاہ تک ہوا ہی بھی سلام کرنا چاہیے اور اپنی بقیہ حاجت بھی بادشاہ سے عرض کرنا چاہیے اسیواسطے
یہ مقام بھی خالی عبادت سے نہین رکھا جیسے تحیت اور درود اور سلام ہی تو چاہیے پہلے بادشاہ کی تعریف کرے
اور کہے اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ یعنی سب تعریف زبانی اور عبادات بدنی اور عبادات مالی
اللہہی کی واسطے ہی پھر بیچ خدمت وزیر کے کہ وسیلہ اس قرب کا ہی وہ کون کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سلام بھیجے اور کہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ یعنی سلام تمپر اے نبی اور
مہر اللہ کی اور خوبیان اوسکی پھر اپنے اوپر اور نیک بندون پر بھی سلام بھیجے اور کہے اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى
عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ یعنی سلام ہمپر اور جتنے نیک بندے اللہ کے ہین سب پر پھر نہایت خلاص سے خدا
کی توحید اور حضرت کی رسالت بیان کرے اور کہے اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا
عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ یعنی گواہ ہون مین اس بات کا کہ نہین کوئی معبود سوا اللہ کے اور گواہ ہون مین اسکا کہ محمد
بندے اوسکے ہین اور رسول اوسکے جاننا چاہیے کہ یہ گواہی توحید کی ہی کہ خدا کو ایک جانے اور اوسکی بندگی مین
کسی کو شریک نکرے اور پیغمبر صاحب کو اوسکا بندہ جانے اور رسول اوسکا پہچانے اور معلوم کرے کہ ایسے
مضمون زبان پر لانے اور دل مین یقین کرنے سے مسلمان ہوا ہی اور نماز فرض ہوئی فائدہ حضرت صلی اللہ

علیہ وسلم شب معراج مین جب مقام قرب و اختصاص پر پہونچے بالہام ربانی آپنے یہ ثنا و صفت اللہ کی عرض کی التحیات للہ والصلوات والطیبات حق تعالیٰ نے فرمایا السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ حضرت نے فرمایا السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین پھر ملائکہ ملکوت نے جب یہ مرتبہ حضرت کا دیکھا ایکبارگی سب پکار اوٹھے اشہد ان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ **سوال** تشہد مین وحدہ لا شریک لہ کیون نکہا **جواب** یہ کلمہ واسطے نفی شرک کے ہی اور اوس مقام پر سوای توحید کے احتمال شرک کا ہرگز نہین اسواسطے اوسکے کہنے کی کچھ حاجت نتھی **فائدہ** قعدۂ اخیر کو اسطرح سمجھے کہ یہ وقت دربار کی رخصت کا ہی سلام کر کے باہر آنا چاہیے اور سلام اس دربار کے صاحب کا التحیات ہی پھر جب ثنا و صفت بادشاہ حقیقی اور سلام رسول سے فارغ ہوئے تو کچھ تحفہ خاص رسول کیواسطے چاہیے کہ اسمین خوشنودی خدا اور رسول دونون کی ہی اسواسطے درود پڑھنا چاہیے اللہم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید یعنی ای خدا رحمت خاص بھیج اوپر محمد اور اوپر آل محمد کے جیسا کہ رحمت خاص بھیجی تو نے اوپر ابراہیم اور آل ابراہیم کے تحقیق تو سراہا گیا ہی بزرگی والا اللہم بارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید یعنی ای خدا برکت بھیج اوپر محمد اور آل محمد کے جیسا کہ برکت بھیجی تو نے اوپر ابراہیم اور آل ابراہیم کے مقرر تو سراہا گیا ہی بزرگی والا **فائدہ** درمختار مین ہی کہ ایکبار تمام عمر مین درود پڑھنا فرض ہی حق تعالیٰ فرماتا ہی یا ایہا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما یعنی ای ایمان والو درود بھیجو اوپر اسکے اور سلام بھیجو سلام کہکر اور واجب ہی جب حضرت کا ذکر کیا جاے اور سنت ہی بعد التحیات اخیر کے نماز مین اور مستحب جس وقت ممکن ہو اور حرام ہی وقت کھولنے سوداگر کے اپنے اسباب کو اور مکروہ ہی نماز مین سوای قعدۂ اخیر کے جب درود سے فارغ ہو پھر اپنی عرض حاجت کرے اور یہ دعا کہ آیت قرآنی ہی پڑھے رب اجعلنی مقیم الصلوٰۃ ومن ذریتی ربنا وتقبل دعاء ربنا اغفر لی ولوالدی وللمؤمنین یوم یقوم الحساب یعنی ای رب میرے کر مجکو کہ قائم رکھون نماز اور بعضی میری اولاد کو ای رب قبول کر میری دعا ای رب ہمارے بخش مجکو اور میرے ماباپ کو اور سب ایمان والون کو جس دن کہ قائم ہو حساب پھر داہنی طرف منہ پھیرے اور کہے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ یعنی سلام تمپر اور رحمت اللہ کی اور بائین طرف منہ پھیر کے بھی یہی کہے امام دونون طرف کے سلام مین اون مقتدیون اور فرشتون کی نیت کرے کہ اوس طرف موجود ہین اور جو مقتدی کہ امام کے پیچھے برابر ہی داہنی طرف سلام مین امام کی اور داہنی طرف کے مقتدی اور فرشتون کی اور بائین طرف سلام مین بھی امام اور بائین طرف کے مقتدیون اور فرشتون کی نیت کرے اور جو داہنی طرف مین پہلے سلام مین اون مقتدیون اور فرشتون کی نیت کرے جو داہنی طرف ہین اور جو بالکل کنارے ہین فقط فرشتون کی نیت کرے اور دوسری طرف امام اور مقتدیون اور فرشتون کی نیت کرے اور بائین طرف کے لوگ پہلے سلام مین امام اور مقتدیون اور فرشتون کی نیت کرین دوسری طرف اون مقتدیون کے جو اوسکے بائین ہین اور فرشتون کی نیت کرے اور جو بالکل کنارے ہی دوسری طرف فقط فرشتون کی نیت کرے اور منفرد دونون طرف فرشتون کی نیت کرے پھر بعد نماز کے یہ دعا پڑھے سنت ہی اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ وَاِلَیْکَ یَرْجِعُ السَّلَامُ حَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَاَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یعنی ای اللہ تو ہی سلامت ہی اور تجھسے ہی سلامتی ہمکو اور تیری طرف رجوع ہی سلامتی کی زندہ رکھ ہمکو ای رب ہمارے سلامتی کے ساتھ اور داخل کر ہمکو سلامتی کے گھر مین برکت والا ہی تو ای صاحب بزرگی اور بخشش کے سوا اسکے بہت دعا ہین جونسی چاہے پڑھے لیکن معنی ہر دعا کے معلوم کرے یعنی اپنی حاجت پر خبردار ہو اور یہ مضمون دل مین لانا کہ جو مانگتا ہون مقرر ملیگا نہایت ضرور ہی حدیث مین آیا ہی اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَۃِ یعنی دعا مغز عبادت کا ہی فائدہ حالت قیام مین سجدہ گاہ کی طرف نگاہ رکھے اس تصور مین کہ اس زمین مین ایکروز دفن ہونا ہی اور حالت رکوع مین پشت پا کی طرف نظر رکھے بخیال اسکے کہ قبض روح یہان سے شروع ہوگا اور حالت سجدے مین خسارون اور نتھنون کی طرف دیکھے بلحاظ اسکے کہ ایکروز دم یہان سے نکل جائیگا اور حالت قعود مین سینے کیطرف دیکھے اس اندیشے سے کہ ایکروز یہان دم رک جائیگا اور سختی سکرات کی ہوگی اور یہ امور باعث خشوع کے ہین واللہ اعلم بالصواب

فصل ۲۳ بیچ

علاج اور تدبیر حصول حضور کے پوشیدہ نرہے کہ غفلت نماز مین دو سبب سے ہوتی ہی ایک ظاہری دوسرا باطنی ظاہری یہ ہی کہ ایسے مکان مین نماز پڑھتا ہی کہ وہان ایسی چیزین دیکھتا یا سنتا ہی کہ دل اوسکے ساتھ مشغول

ہوتا ہی اسواسطے کہ دل تابع کان اور آنکھہ کا ہی اور تدبیر اوسکی یہ ہی کہ نماز خالی مکان مین ادا کرے کہ کچھہ آواز
سنے اور اگر مکان تاریک ہو بہتر ہی اور اگر آنکھہ بند کرے واسطے حضور کے تو کچھہ مضایقہ نہین اور اکثر عابدون
نے عبادت خانے تنگ اور تاریک ملیا رکیے ہین کہ مکان کشادہ مین دل پریشان ہوتا ہی حضرت عبد اللہ
جب نماز پڑھتے مصحف اور تلوار اور کپڑے اپنے پاس سے جدا کر دیتے کہ تا دل اوسمین مشغول ہو اور سبب باطنی
خطرات پراگندہ دل کے ہین اور یہ سبب سخت ہی اور یہ دو وجہ سے ہوتا ہی ایک اوس کام کی جہت سے کہ وقت
نماز کے دل اوسمین مشغول ہوتا ہی اور تدبیر اوسکی یہ ہی کہ پہلے اس کام کو تمام کرے تب نماز پڑھے اسیواسطے فرمایا
حضرت نے کہ جب کھانا اور نماز دونون جمع ہو جاوین تو پہلے کھانا کھالو اسیطرح جو کوئی بات کہنی ہو پہلے
اوسکو کہے اور دل کو اوس اندیشہ سے خالی کرے دوسری وجہ دوسری اندیشہ کسی کام کا ہو کہ ایک ساعت مین
تمام نہو یا وہ اندیشہ پریشان دل پر غالب رہتا ہو بطور عادت کے اور تدبیر اوسکی یہ ہی کہ دل کو معانی
قرآن اور ذکر کے ساتھہ کہ پڑھتا ہی مشغول رکھے اور معنی سوچتا رہے تا یہ اندیشہ دور ہو اور اگر اندیشہ
نہایت غالب ہو اور ان تدبیرون سے نہ دفع ہو اوسکی تدبیر یہ ہی کہ اوس چیز کو کہ جسکی جہت سے یہ اندیشہ ہی بالکل ترک
کرے اور جب تک کہ اوس چیز کو نہ چھوڑیگا نماز خطرے سے خالی نہوگی مثال اوسکی ایسی ہی کہ جیسے ایک شخص
ایک درخت کے نیچے بیٹھا ہی اور چاہتا ہی کہ یہان چڑیون کا مجمع نہو تو ایک لکڑی لے سب چڑیون کو دفع
کرے وہ اوڑ جاتی ہین پھر جو وہ بیٹھتا ہی وہ پھر جمع ہو جاتی ہین تو اوسکی تدبیر یہ ہی کہ اوس درخت کو جڑ سے کاٹ ڈالے
کہ جب تک درخت رہیگا چڑیان ضرور آئینگی اسیطرح جب تک خواہش ایک چیز کی دفع نکریگا خطرہ اوسکا
ضرور دل مین آویگا اسیواسطے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی شخص نے ایک کپڑا عمدہ تحفہ بھیجا تھا اور اوسپر علم خوب
تھا آپکی نظر نماز مین اوس علم پر پڑی جب نماز سے فارغ ہوے اوس کپڑے کو اوسی شخص کو کہ لایا تھا پھیر
دیا اور کپڑا کہنہ پہن لیا اور اسیطرح حضرت کی نعلین شریف مین تسمہ نیا لگا تھا اونکو نماز مین خوش لگا آپنے سجدہ کیا
اور فرمایا عاجزی کی مینے خدا کی درگاہ مین تا مجھہ پر عتاب نکرے اس نظر کرنے پر اور آپ باہر تشریف لائے
اور پہلے سائل کو کہ دیکھا حوالہ کیا حضرت طلحہ اپنے باغ مین نماز پڑھتے تھے ایک مرغ خوب صورت درمیان درختون
کے اوڑتا تھا اور راہ نپاتا تھا آپکا دل اوسکے ساتھہ مشغول ہو گیا اور نہ جانا کہ کس قدر رکعت پڑھین بسبب حسرت کے

پاس آئے اور اپنے دل کا شکوہ کیا اور اوس باغ کو صدقہ دے دیا ایکبار حضرت بایزید بسطامی کا دل نماز مین خوب متوجہ نہوتا تھا خادم سے پوچھا کہ تلاش کر کوئی چیز دنیا کی اس مکان مین ہی اوسنے عرض کی کہ ہان خوشہ انگور کا رکھا ہی آپنے فرمایا یہی سبب پریشانی دل کا ہی اوسیوقت اوسکو صدقہ کر دیا اور بزرگان دین نے ایسے معاملے بہت کیے ہین خلاصہ یہ ہی کہ جب تک دل محبت دنیا اور اوسکی فکر سے خالی نہوگا نماز حضور کے ساتھ نہوگی اسیواسطے لازم ہی کہ دنیا بقدر حاجت کے قناعت کر کے اپنے دل کو عبادت خدا کی طرف مشغول رکھے اور جو حضوری خوب حاصل نہو تو چاہیے نوافل بہت حضور دل سے پڑھین تا بمقدار چار رکعت کے نماز حضور کے ساتھ ادا ہو کہ نوافل جبر نقصان فرائض کے ہین

فصل چوبیسوین حکایات نماز حضوری بزرگان دین کے

تنبیہ یہ حکایات اسواسطے لکھے جاتے ہین تا لوگ اسکو دیکھکر عبرت قبول کرین اور آپ بھی اوسیطرح نماز ادا کرین یہ طریق قصے کہانی کے نہ سمجھین نقل ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے اور آپ کا سینہ اور دل ایسا جوش کرتا تھا کہ آواز آتی تھی جیسے دیگ آگ پر جوش کرتی ہی اور آواز دیتی ہی حضرت علیؓ سے روایت ہی کہ جب حضرت نماز پڑھتے گویا کہ نہ ہم حضرت کو نہ حضرت ہمکو پہچانتے اور بھی حضرت عایشہؓ سے روایت ہی کہ جب حضرت کے گھر فاقہ ہوتا اور رات کو کچھہ نکھاتے اور بھوک کا غلبہ ہوتا تو بار بار مسجد مین تشریف لیجاتے اور نماز مین مشغول ہوتے نقل ہی کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ جو نماز پڑھتے آواز انکے جوش دل کی دو میل سے سنی جاتی نقل ہی جب حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت سارہ کے ساتھ مصر مین پہنچے اور وہان کے بادشاہ ظالم نے حضرت سارہ کو چھین لیا اور ارادہ بدکاری کا کیا حضرت ابراہیمؑ نماز مین مشغول و مستغرق ہوئے حق تعالی نے نماز کی برکت سے حجاب حضرت کی آنکھون سے اوٹھا دیا معاملہ حضرت سارہ کا بچشم خود ملاحظ فرماتے تھے کہ جب بادشاہ نے ارادہ فاسد کیا ایسے مرض مین مبتلا ہو گیا کہ قریب ہلاکت کے ہوا تب اوس نے حضرت سارہ سے التجا دعا کی کی آپکی دعا سے چنگا ہوا پھر دوبارہ ارادہ کیا اور وہی عارضہ پیش آیا پھر حضرت سارہ کی دعا سے اچھا ہوا اسیطرح تین بار جب گذرا پھر ناچار ہو کر حضرت سارہ کو حضرت ابراہیمؑ کے پاس بھجوا دیا حضرت سارہ نے قصد کیا کہ اوس ماجرے کو بیان کرین کہ حضرت ابراہیم نے خود سب حال بیان کر دیا نقل ہی کہ حق تعالی نے حضرت موسیؑ کی طرف وحی بھیجی کہ ای

موسی جب مجکو یاد کر اوسوقت تیرے اعضا کانپنے لگیں اور میرے ذکر کے وقت خاشع اور مطمئن رہو اور جب میرا ذکر کرو اپنی زبان کو دل کے موافق کرو اور جب کھڑے ہو میرے آگے کھڑے ہو مثل بندے ذلیل کے اور مناجات کرو میرے ساتھ دل ڈرنے والے اور زبان سچی سے نقل ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نماز مین مثل میخ کے ہو جاتے اور عبد اللہ بن زبیر مثل لکڑی کے ہو جاتے تھے نقل ہے کہ جب وقت نماز کا آتا حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کے بدن پر لرزہ پڑتا اور فرماتے آیا وقت اس امانت کا یعنی نماز کا کہ سات آسمان و زمین پر پیش کی گئی اور وہ طاقت اوسکے اوٹھانے کی نہ رکھ سکے نقل ہے ایکبار کسی غزوے مین جناب امیر کے بدن مبارک مین گانسی تیر کی گھس گئی جراح ہرچند نکالتا تھا وہ گانسی بسبب تکلیف کے نہ نکل سکتی اوسوقت آپ نماز مین مشغول ہوئے اور جراح سے فرمایا تو بے تکلف نکال لے اوسنے گوشت کاٹ کے نکال لیا اور آپ کو حالت نماز مین کچھ درد محسوس نہوا نقل ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عباس کا ایک لڑکا قریب فاقہ کے ہوا جب آپکو خبر ہوئی نماز مین مشغول ہوئے اور اسقدر مستغرق ہوئے اور طول کیا کہ لوگ اوسکو دفن کر آئے آپ کو خبر ہوئی بعد نماز کے لوگون نے سبب اسکا پوچھا آپ نے فرمایا کہ مجکو محبت اس لڑکے کی غالب تھی اوسکی مصیبت پر صبر کر سکتا ہو واسطے اوسکے حکم خدا کے نماز کی طرف التجا لایا اور بیخبر ہوا نقل ہے کہ حضرت امام زین العابدین جب ارادہ کرتے کہ نماز کی طرف نکلیں ایسا رنگ آپ کا متغیر ہوتا کہ پہچانے نجاتے تھے پس لوگون نے سبب اسکا پوچھا آپنے فرمایا آیا جانتے ہو کسکے آگے کھڑے ہونیکا ارادہ رکھتا ہون نقل ہے کہ ایک گروہ صحابہ کے نماز مین ایسے ساکن ہوتے کہ چڑیا انسے نہ بھاگتی معلوم ہوتا تھا کہ گویا پتھر ہین نقل ہے کہ مسلم بن یسار ایکروز مسجد بصرے مین نماز پڑھتے تھے ناگاہ ستون مسجد کا گر پڑا کہ آواز اوسکے گرنیکی بازار کے لوگون نے سنی اور حضرت مسلم بن یسار نماز مین مشغول رہے اور انکو کچھ خبر نہوئی نقل ہے ایک بزرگ کو امامت کے واسطے آگے کیے گئے اونھون نے کہا مین صلاحیت امامت کی نہین رکھتا جب اصرار کیا لوگون نے تب امام ہوئے اور تکبیر کہکر بیہوش ہوگئے لوگون نے دوسرے کو امام کیا جب انکو افاقہ ہوا سبب بیہوشی کا لوگون نے پوچھا اونھون نے کہا کہ جب مینے لوگون سے کہا کہ راست اور سیدھے ہو ہاتف نے آواز دی کہ آیا تو اللہ کے ساتھ کبھی راست اور سیدھا ہوا ہے نقل ہے کہ حاتم اصم وعظ فرماتے تھے اودن محمد بن یو

نے کہا او حاتم تم لوگون کو وعظ کہتے ہو آیا نماز بھی اچھی طرح پڑھتے ہو کہا ہان پوچھا کیونکر پڑھتے ہو کہا کھڑا ہوتا ہون مین بارادۂ نماز امن کے ساتھہ اور چلتا ہون مین خشیت کے ساتھہ اور داخل ہوتا ہون مین مسجد مین ہیبت کے ساتھہ اور تکبیر تحریمہ کہتا ہون مین عظمت کے ساتھہ اور قرارت کرتا ہون مین ترتیل کے ساتھہ اور رکوع کرتا ہون مین خشوع کے ساتھہ اور سجدہ کرتا ہون مین تواضع کے ساتھہ اور جلسہ کرتا ہون مین واسطے تشہد کے تمامی کہنا اور سلام پھیرتا ہون مین اوپر طریقے سنت کے اور سپرد کرتا ہون مین اوسکو طرف رب اپنے کے اور محافظت کرتا ہون اوسکی اپنے ایام حیات تک اور لوٹتا ہون مین ساتھہ ملامت کے اپنے نفس پر بسبب قصور کے نماز مین اور ڈرتا ہون کہ مقبول ہو نماز میری اور امیدوار ہون کہ قبول کیجائے اور درمیان خوف و رجا کے ہون اور شکر گذار اوسکا ہون جسنے مجھے نماز سکھائی اور سکھاتا ہون جو کوئی مجھسے پوچھتا ہے اور حمد کرتا ہون اپنے رب کی کہ مجھکو راہ بتلائی پس کہا محمد بن یوسف نے تم ایسے شخص کو زیبا ہے کہ واعظ ہو **نقل** ہے کہ حضرت حاتم اصم سے لوگون نے پوچھا کہ تم کس طرح نماز ادا کرتے ہو پس اونھون نے کہا پورا کرتا ہون مین وضو کو اور آتا ہون اوس مقام مین کہ ارادہ نماز کا رکھتا ہون پس بیٹھتا ہون اوس جا تا جمع ہون اعضا میرے پھر کھڑا ہوتا ہون طرف نماز کے اور گردانتا ہون کعبے کو سامنے ابرو اپنی کے اور پل صراط نیچے قدم اپنے کے اور جنت داہنے اپنے اور دوزخ بائین اپنے اور ملک الموت اپنی پشت پر اور یہ گمان کرتا ہون کہ یہ آخر نماز میری ہے **نقل** ہے بعض بزرگون کی کہ ایک شخص کو وقت نماز کے معین کرتے کہ اونکی رکعت کا شمار کیے جائے اونکو بسبب کمال حضوری اور استغراق کے عدد رکعات کا خیال نہ رہتا تھا **نقل** ہے بعض بزرگون کے کہ جب اپنے گھر داخل ہوتے سب گھر والے اونکے خوف اور رعب سے خاموش بیٹھتے جب وہ نماز مین مشغول ہوتے سب گھر والے باتین کرتے اور لڑکے شور اور غل مچاتے اونکو خبر نہوتی **نقل** ہے کہ حضرت ابوبکر کتانی بڑے ولی کامل تھے ایک مرتبہ چادر اوڑھے نماز پڑھتے تھے اور بندگی خدا مین بیخود تھے چور اونکی چادر اوتار لے گیا بازار مین دلال کو بیچنے کو دی تھی کہ ناگاہ ہاتھہ وہین خشک ہو گیا ہر چند ہلاتا تھا ہاتھہ جنبش نکرتا تھا یہ حال اوسکا دیکھکر سب بازاری جمع ہو گئے افسوس کرنے لگے اور اوس سے پوچھنے لگے جب اوسنے حقیقت چوری کی بیان کی سبنے کہا ارے خدا اوس ولی اللہ کی خدمت مین جا

جلد جا اور چادر لے جا اور اپنا قصور معاف کرا چور دوڑ گیا دیکھا تو بدستور عبادت مین مشغول ہین جیسے پہلے
سے جیسے چادر اوتاری تھی ویسے ہی اوڑھا دی اور ایک طرف مؤدب بیٹھ گیا بعد فراغ نماز کے
اونکے پیرون پڑتا تھا اور ہاتھ جوڑتا تھا کہ میرا قصور معاف کیجیے فرمایا تونے کیا قصور کیا ہی جو معاف
کراتا ہی تب اوسنے وہ واردات بیان کی فرمایا واللہ مجکو ہرگز معلوم نہین کہ کب تونے چادر چورائی اور کب
پھر اوڑھائی پھر دعا کی الٰہی اسنے چادر پھیر دی تو بھی اسکا ہاتھ پھیر دے اللہ کے حکم سے اوسی وقت ہاتھ
اچھا ہوگیا **نقل** ہی حامد اسودی کہ ایک مرتبہ ابراہیم خواص کے ہمراہ سفر مین تھا سانپون کے جنگل مین
پہونچا مینے کہا یہان سے جلد نکل چلو ایسا نہو رات ہوجائے اور سانپون مین گھر جائین کہ اون سے
جان بچانی مشکل ہوگی پس ابراہیم نے یہ سنتے ہی وہین بستر کردیا مین بھی مجبور ہوگیا رات کو چارون طرف
سے سانپون نے گھیر لیا مین ڈر کر کہنے لگا سانپ سانپ ابراہیم نے کہا چپ رہو اور یاد خدا مین مشغول ہو پس
مینے ذکر اللہ شروع کیا پھر غفلت نیند سے ذرا غافل ہوگیا پھر یکایک سانپون نے گھیرا ڈر کر چاہا کہ بھاگون
ابراہیم نے جھڑک دیا اور کہا ذکر اللہ کیون نہین کرتا غرض اسی طرح سے تمام رات گذری شیخ بعد نماز صبح اور وظیفہ
معمول کے چلے دیکھتا کیا ہون کہ اوسی مقام پر جہان جانماز شیخ کی بچھی تھی ایک بڑا کالا سانپ ہی مین
متعجب ہوکر شیخ سے کہا فرمایا کیا تعجب کرتا ہی لڑکپن کی ابھی بو باس تجھ مین باقی ہی کہ رات کو بفضل الٰہی
سے محفوظ رہے عجب تھا **نقل** ہی کہ عامر بن قیس کو جو لطف نماز مین حاصل تھا نہ کسی کو آیا نہ سنا گیا شیطان
علیہ اللعین بصورت بڑے کالے سانپ کے مسجد مین آیا اور سب لوگ ڈر کر بھاگ گئے اور عامر ویسے ہی نماز مین
مشغول رہے اور جنبش بھی نکی جب وہ خبیث عاجز ہوکر اونکے کرتے مین گھس کر گریبان سے سر نکالتا اور اونکو ڈراتا
تب بھی آپ خبر نہوئے اور کیا ہی بدستور عبادت الٰہی مین مشغول رہتے آخر کو وہ ملعون لاچار ہوکر چلا گیا کسی نے کہا
یا حضرت آپ اس کالے سانپ سے نہین ڈرتے فرمایا ہم سواے خدا کے کسی سے نہین ڈرتے **نقل** ہی کہ جب امیر معاویہ
سوار ہوئے تو عامر بن قیس پہاڑ دن پر چلے گئے اور وہان بیٹھکر کلام اللہ پڑھنے لگے ناگاہ شام ہوگئی ایک
نصرانی عابد آیا اور کہا تو کون ہی کہا مسافر ہون بولا رات کو میرے پاس ہو ورنہ تم نیچے نہ پہونچوگے یہ جنگل سانپون
کا ہے تمکو کاٹ کھاوینگے کہا خلاف مذہب کے پاس میرے گذر نہوگی وہ لاچار ہوکر چلا گیا بعد آدھی رات کے عابد نے چھت پر سے

دیکھا تو حضرت عامر عبادت الٰہی مین مصروف ہین اور ایک شیر انکے گرد پہرے والے کیطرح ٹہلتا ہی جب نماز سے فارغ ہوئے شیر سے کہا تجھکو جو کچھ کہنا ہو تو کہہ ورنہ رخصت ہو ناحق خلل انداز نہو پھر وہ عاجزی کرتا دُم ہلاتا چلا گیا نصرانی عابد یہ حال دیکھکر حیران ہوگیا اور جلد آکر عامر کے قدم چومنے لگا اور بکمال ادب عرض کیا آپ کون ہین اور کیا مذہب رکھتے ہین کہا مین ایک غریب گنہگار مسلمان ہون قابل رہنے شہر کے نتھا اسلیے نکل آیا اوسنے کہا اللہ اکبر جب غریب گنہگار اس مذہب کے ایسے صاحب کرامت ہین واللہ اعلم نیک کیسے ہون گے بس اسی وقت مسلمان ہوگیا

خاتمہ الحمد للہ الذی وفقنی علی اتمام ہذہ الرسالۃ علی حسب ما تہوی القریحۃ معنی یہ ہے کہ اس رسالے مین اسرار اور فضائل و بعض مسائل ضروری نماز کے بیان کیے گئے اور دوستو دریافت زیادہ مسائل کے کتب فقہ عربی اور فارسی اور اردو کے موجود ہین جسکو حاجت ہو اوس مین دیکھ لے یا کسی عالم سے دریافت کرلے اس فقیر مؤلف نے مضامین اس کتاب کے کتابون معتبر مثل تفسیر فتح العزیز اور تفسیر حسینی اور مشکوٰۃ شریف اور شرح سفر السعادۃ اور درمختار اور شرح وقایہ اور شرح عقائد اور نور الانوار اور احیاء العلوم اور کیمیای سعادت اور عوارف المعارف و حقیقۃ الصلوۃ و حکایات الصالحین وغیرہ اور بعض تحریرات مولانا شیخ الہداد رحمہ اللہ سے اور جو کچھ کہ اس خاکسار نے بیچ خدمت عالمون و بزرگون کے استفادہ کیا اور جو کچھ کہ حق تعالی نے اپنے فضل سے اوپر قلب اس فقیر کے القا کیا لکھا لیکن اسرار نماز کے اسی قدر پر منحصر نہین ہے بلکہ کتابون مین بہت کچھ لکھا ہی اور جس قدر حق تعالی جس بندے کے اوپر الہام کرے بیان کرسکتا ہی یہ ایک قطرہ ہی دریا سے اور ایک شعاع ہی آفتاب سے امید ناظرین اس کتاب سے یہ ہی کہ جو اس کتاب کو ملاحظہ فرماوین اس فقیر بے بضاعت کے حق مین دعای خیر فرماوین حق سبحانہ تعالی سب مسلمانون کو توفیق خیر کی دیوے اور اپنی عبادت خصوصًا نماز حضوری مین مشغول رکھے اور فقیر اور سب مسلمانون کی عاقبت بخیر کرے آمین یارب العالمین صلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ و صحابہ و ازواجہ و اتباعہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین

شکر ہے بیچ درگاہ پاک پروردگار کے کہ یہ رسالہ ناقصہ مسمی باسرار الصلوۃ تاریخ [illegible] روز پنجشنبہ سنہ ۱۳۰۱ ہجری مین بدستخط مؤلف خاکسار کی تمام ہوا
بیت خدایا بیامرز این ہر سہ را ۔ مصنف و نویسندہ و خوانندہ را فقط

تمت

فہرست فصول اسرار الصلوٰۃ

صفحہ	فصل
۳	فصل ۱ بیچ بیان عقائد حقہ کے
۶	فصل ۲ بیچ بیان اصطلاحات فقہا کے
۸	فصل ۳ بیچ بیان فضائل طہارت کے
۱۰	فصل ۴ بیچ بیان فضائل وضو کے
۱۱	فصل ۵ بیچ بیان بعض مسائل وضو اور غسل اور تیمم کے
۱۵	فصل ۶ بیچ بیان فضائل مسواک کے
۱۶	فصل ۷ بیچ بیان اسرار وضو کے
۲۰	فصل ۸ بیچ بیان فضائل نماز کے
۲۲	فائدہ بیچ بیان صلوٰۃ وسطی کے
۲۳	فصل ۹ بیچ بیان وعید تارک نماز کے
۲۴	فصل ۱۰ بیچ بیان فضیلت نماز کے اوپر عبادات دوسری کے
۲۶	فصل ۱۱ بیچ بیان کیفیت فرض ہونے نماز کے
۲۸	فصل ۱۲ بیچ بیان ثبوت فرض نماز پنج وقتی کے قرآن مجید سے
۳۰	فصل ۱۳ بیچ بیان اوقات مستحب نماز کے
۳۰	فصل ۱۴ بیچ بیان فضائل اور اسرار اذان کے
۳۵	فصل ۱۵ بیچ بیان فرائض اور واجبات نماز کے
۳۷	فصل ۱۶ بیچ بیان امامت اور جماعت کے
۴۰	فصل ۱۷ بیچ بیان وتر اور نوافل کے
۴۴	فصل ۱۸ بیچ بیان جمعے اور عیدین کے
۴۶	فصل ۱۹ بیچ بیان فضائل نماز حضوری کے
۵۰	فصل ۲۰ بیچ بیان اسرار نماز کے
۵۲	فصل ۲۱ بیچ بیان کیفیت نماز حضوری کے
۵۸	فصل ۲۲ بیچ بیان علاج اور تدبیر نماز حضوری کے
۶۰	فصل ۲۳ بیچ بیان حکایات نماز حضوری بزرگان دین کے

الحمد للہ رب العالمین کہ کتاب مستطاب سرمایۂ ہدایت و نجات اسرار الصلوٰۃ تالیف برگزیدۂ جہان مقبولِ یزدان مولوی عبد السبحان بن مولوی محمد محسن متوطن نارہ ضلع کڑا کا بیندر محلہ پیگاپور مطبع نظامی مین باہتمام راجی رحمتِ ایزد منّان محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان غفر لہما اللہ الحنّان پندرہوین رجب المرجب سنہ ۱۲۸۶ ہجری کو مطبوع ہو کر مطبوع طبائع خاص و عام ہوا

اشتہار

یہ کتاب بموجب قانون بستم سنہ ۱۸۶۷ع کے یہی رجسٹری گورنمنٹ مین داخل ہوئی کوئی شخص بدون اجازت عاجز کے قصد چھاپنے اور چھپانے کا نکرے

وجہ ختم بر خاتمہ

واسطے سند اس بات کے کہ یہ کتاب چھپی ہوئی مطبع نظامی کی ہے مُہر اور دستخط مُہتمم کے کیے گئے

العبد

[illegible] بن حاجی محمد روشن خان حنفی بقلم خود